وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ

اور جن لوگوں نے ہمارے لئے کوشش کی ہم اُن کو ضرور اپنے رستے دکھا دیں گے۔ اور خدا تو نیکو کاروں کے ساتھ ہے۔

282

قرآن میں سائنسی رموز

مصنفہ

اسد اللہ خان ۔ بی ۔ ایس ۔ سی (علیگ)

ملنے کا پتہ

اسد اللہ خان ۔ ہومیوپیتھ ۔ اکبر روڈ ۔ کراچی نمبر ۱

DATA ENTERED

۲۹۰۱۱
وقف ۸۹
۱۹۰۷۹

اشاعتِ اوّل

نام کتاب ـــــــــ قرآن میں سائنسی رموز
مصنّف ـــــــــ اسد اللہ خان ۔ بی۔ ایس۔ سی (علیگ)
ناشر ـــــــــ خود مصنّف
کاتب ـــــــــ محمد فاروق کاتبِ قرآن کوارٹر۔ S-3/66 سعود آباد
ضخامت ـــــــــ ۲۰×۳۰/۸ (۲۷۲) صفحات
طابع ـــــــــ ایجوکیشنل پریس۔ پاکستان چوک کراچی
سنِ طباعت ـــــــــ ۱۹۷۲ء
قیمت ـــــــــ پندرہ روپے علاوہ محصول ڈاک
ملنے کا پتہ ـــــــــ اسد اللہ خان ۔ ہومیو پیتھ ۔ اکبر روڈ ۔ کراچی ۱

Marfat.com

DATA ENTERED

فہرست ابواب قرآن میں سائنسی رموز

باب اوّل	بسم اللہ الرحمن الرحیم	5
باب دوم	قرآن کی حقیقت	۷
باب سوم	قرآن کے تعلقات	۱۸
باب چہارم	اسلام، علوم کو فروغ دیتا ہے	25
باب پنجم	خدا نے انسانوں کو اپنا نائب بنایا	۲۸
باب ششم	مؤمنوں کا گروہ	۳۳
باب ہفتم	گمراہوں کا گروہ	۳۶
باب ہشتم	ہر گروہ اپنے اعمال کا ذمہ دار ہوگا	51
باب نہم	حق اور ناحق کا فرق	۵۳
باب دہم	دعوتِ فکر	۵۷
باب یازدہم	خدا حق کا ساتھ دیتا ہے	۵۸
باب دوازدہم	گمراہوں کو نصیحت	۶۰
باب سیزدہم	حق کو دوام حاصل ہے	۶۳
باب چہاردہم	حق اختیار کرنا خود کو مفید ہوتا ہے	۶۴
باب پانزدہم	قرآن میں سائنسی رموز	۶۵
باب شانزدہم	لفظی اشاریہ	۲۳۶

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحۡسَنَ الۡحَدِیۡثِ کِتٰبًا
مُّتَشَابِہًا مَّثَانِیَ ٭ۖ تَقۡشَعِرُّ مِنۡہُ جُلُوۡدُ
الَّذِیۡنَ یَخۡشَوۡنَ رَبَّہُمۡ ۚ ثُمَّ تَلِیۡنُ
جُلُوۡدُہُمۡ وَ قُلُوۡبُہُمۡ اِلٰی ذِکۡرِ اللّٰہِ ؕ
ذٰلِکَ ہُدَی اللّٰہِ یَہۡدِیۡ بِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ
وَ مَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنۡ ہَادٍ ○

اللہ نے تو بڑا اچھا کلام نازل فرمایا ہے (یعنی) قرآن جسکی آیتیں ایک دوسری سے ملتی جلتی ہیں اور دُہرائی جاتی ہیں (گو اسمیں ہم مضامین طرح طرح سے بیان ہوئے ہیں تاکہ لوگوں کے دل نشین ہوجائیں لیکن نہ آیات میں تعارض ہے اور نہ اختلاف، ان کو بار بار پڑھنے سے خوفِ خدا پیدا ہوتا ہے پھر دل کو تسکین اور روح کو حلاوت ملتی ہے۔ یہ وہ آیتیں ہیں) جن کو پڑھنے سے ان لوگوں کے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں پھر ان کے چمڑے اور دل نرم (یعنی مطیع) ہوکر اللہ کی یاد میں محو ہو جاتے ہیں۔ یہی اللہ کی ہدایت ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے اس کے ذریعہ ہدایت دیتا ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ چھوڑ دے تو اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں ٭

(ترجمہ بشکریہ ڈاکٹر سید حامد حسن بلگرامی - ماخوذ از فیوض القرآن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چند سال قبل میں نے ایک کتابچہ بعنوان "سائنس دانوں کو دعوتِ حق" قارئین کرام کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ اُسی سلسلہ میں یہ دوسری کتاب پیش کیجارہی ہے۔ اس کا نام "قرآن میں سائنسی رموز" رکھا گیا ہے۔

پہلی تالیف کے ذریعہ سائنس دانوں کو توجہ دلائی گئی تھی کہ وہ اپنی سائنسی تحقیق کے لئے ـــ اگر چاہیں تو ـــ کلام مجید سے بھی فیوض حاصل فرما سکتے ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ میری کاوشیں بار آور ہوئیں اور میری تحریر کیجانب توجہ فرمائی گئی اور اُسکے نتیجہ میں سائنسداں حضرات نے اپنے مقالات میں قرآنی آیات سے استدلال کرنا شروع کر دیا۔ لیکن ایک کمی ابھی باقی ہے۔ وہ کمی یہ ہے کہ سائنسداں حضرات اپنی تحقیق کی تائید میں تو کلام مجید کی آیات کا حوالہ دیتے ہیں لیکن کلام مجید کی آیات کو بنیاد بنا کر تحقیق کا کام ابھی شروع نہیں کیا۔ توقع کیجاتی ہے کہ میری موجودہ پیش کش سائنسدانوں کو ایسا کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

ویسے تو دُنیا میں سائنسدانوں کی بڑی بہتات ہے لیکن اُن میں ہمہ گیری نہیں پائی جاتی۔ وہ سب لکیر کے فقیر بنے ہوئے ہیں وہ سب یورپ کے اشاروں پر چلتے ہیں تعلیمی ادارے اسی روشنی میں اپنے نصاب مقرر کرتے ہیں اور تحقیقی کام بھی اُن کی ہی بتلائی ہوئی راہوں پر ہوتا ہے۔ اور ہم ایسا کرنے پر مجبور ہیں کیونکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے ہمیں اسی جانب جانا پڑتا ہے یورپ کا مروجہ نصاب اگر ہم اختیار نہ کریں تو ہماری تعلیم گاہوں کی اسناد معیاری قرار نہ دی جائیں گی، اُن کو تسلیم نہ کیا جائیگا اور ایسے طالب علموں کو یورپ کی درسگاہوں میں داخلہ نہ مل سکے گا۔

اس ضمن میں ایک زندہ مثال میری موجود ہے۔ بے بضاعتی اور عدم استعداد کے باوجود جب اس خاکسار نے فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ إِلَىٰ طَعَامِهِ کی شرح کرنے کی تمہید باندھی تو طریقۂ علاج میں ایک انقلاب نظر آنے لگا۔ اس کتاب کی پہلی جلد آسان علاج (علاج بالغذا) کے نام سے ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کی جاچکی ہے اور دوسرا حصہ زیر ترتیب ہے۔ یہ ضرور ہے کہ عوام نے میری کاوشوں کو پسند فرمایا لیکن علمی اداروں نے اس نہج پر کام کرنا اختیار نہیں کیا۔ ان کو اللہ کی بتلائی ہوئی راہوں پر کام کرنے کی توفیق نصیب نہ ہوئی۔

پاکستان میں بھی سائنس دانوں کی کمی نہیں ہے۔ یہاں بھی سائنس سے شغف رکھنے والے ہزاروں گریجویٹ موجود ہیں لیکن بطور خود کام کرنے کی جرأت اُن میں موجود نہیں پائی جاتی اور ہمارے برسرِ اقتدار سائنسداں اُن کی ہمت افزائی نہیں فرماتے جس طرح دینی طبقہ میں اہلِ قرآن اور اہلِ حدیث پیدا ہوگئے ہیں اسی طرح اگر قرآنی سائنسداں بھی بن جائیں اور سب متحد ہو کر اپنی ایک انجمن بنالیں اور میرے نشان دادہ ایک ایک اشارے پر تحقیق کا کام شروع کر دیں تو یقین جانیئے کہ سائنس کی دُنیا میں انقلاب لایا جاسکے گا

Marfat.com

میرے پیش کردہ سائنسی اشاریے کو ملاحظہ فرمایا جائے اور اسکا سائنسی نقطہ نظر سے تجزیہ کیا جائے تو میری اس تحریر کی واجبیت کا بخوبی اندازہ ہوسکے گا۔ مخلوق کے لئے زمین کا وجود میں لایا جانا، اس پہ ہوائیں چلانا، بارش برسانا، نباتات کا اُگایا جانا، خشک اور ترمیوہ جات مہیّا کیا جانا، دودھ، شہد اور لحمی غذاؤں کی فراہمی، خود انسان کی پیدائش، اس کو نطق بخشا جانا، حیوانات کی پیدائش اور اُن کو انسان کے زیرِ فرمان کرنا، سر کے اُوپر آسمان کا سایہ، اِس کو ستاروں سے مزیّن کرنا، چاند سورج کی گردش، پہاڑوں کا وجود معدنی ذخائر، سمندر، اِن میں جہاز رانی، سمندری غذائیں، اِن سب کا نظم وضبط اور اعتدال کو برقرار رکھنا وعلیٰ ہٰذا لامحدود سائنسی اُمور کلام مجید کے محدود اوراق کے درمیان بھرے پڑے ہیں۔ غوطے لگائیے اور نکالتے چلے جائیے۔

مسلمانوں نے اگر میری اس تجویز پر عمل کیا تو انشاء اللہ تاریخ ایکبار پھر اپنے کو دہرادیگی اور اہل یورپ مختلف علوم حاصل کرنے کے لئے اسلامی ممالک کیطرف رجوع کرجائیں گے۔ میں تو برسوں سے اس راہ پر چل رہا ہوں۔ قرآن، احادیث اور ائمہ کرام کے اقوال کو موجودہ سائنس کی روشنی میں دیکھتا ہوں۔ جہاں کہیں نئی راہیں برآمد ہوتی ہیں اُن پر خود چلتا ہوں اور دوسروں کو چلنے کی دعوت دیتا ہوں میں کیا دعوت دیتا ہوں قرآن خود واضح طور پر ایسا کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ ہم سب حسبِ توفیق انفرادی یا اجتماعی طور پر خدا کی بتائی ہوئی راہوں پر کام کرنا شروع کردیں تو یقیناً خدا ہماری مدد کریگا اور ہم اپنی پُرخلوص کاوشوں میں ضرور کامیاب ہو کر رہیں گے۔

کلام مجید اور اسکے مندرجات کے برحق ہونے پر ہم مسلمانوں کو تو کامل یقین ہے ہی لیکن کلام مجید اور اسکے اندر جو سائنسی رُموز درج ہیں وہ صرف مسلمانوں کے لئے مختص نہیں ہیں۔ یہ تو عالمگیر تحریکیں ہیں۔ اسلئے ان قرآنی رُموز کو پیش کرنے سے قبل یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ حسب ذیل نکات کی وضاحت کردی جائے:-

(۱) کلام مجید ایک الہامی کتاب ہے (۲) یہ ایک عالمگیر تحریک ہے (۳) اِس کے ذریعہ نیک اور گمراہوں کو یکساں ہدایات اور نصائح بیان کئے جاتے ہیں (۴) قرآن کریم کے فیصلے اٹل ہوتے ہیں (۵) پُرخلوص کام کرنیوالوں کی محنت رائگاں نہیں جاتی وغیرہ وغیرہ یہ تمام اُمور کلام مجید کی آیات سے ہی ثابت کئے گئے ہیں اور ان کو علیحدہ علیحدہ عنوانات کے تحت بیان کیا گیا ہے تاکہ تفصیلات میں جانے سے قبل اس یقین کے ساتھ کام شروع کیا جائے کہ قرآنی آیات کی رہنمائی میں ہم جو بھی کام شروع کریں گے وہ انشاء اللہ سب درست اور پائیدار ثابت ہونگے سوائے اسکے کہ بتقاضائے بشری ہم سے خود اسکے سوچنے سمجھنے اور عمل کرنے میں کوئی غلطی یا لغزش نہ ہو گئی ہو۔

خدا کی ذات سے پوری پوری توقع ہے کہ وہ میری اِن چالیس سالہ کاوشوں کو رائیگاں نہ جانے دیگا اور تمام سائنسدانوں کو اور آئندہ آنیوالی نسلوں کو میری اس تصنیف سے ضرور فائدہ پہنچے گا۔ دُعا کرتا ہوں کہ خداوند کریم میری قوم اور میرے ملک کو تاقیامت اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اس کو مسلسل نیک ترقی کی راہوں پر گامزن رکھے۔ آمین ثم آمین

اسد اللہ خان بی۔ایس سی (علیگ)
۴ فروری ۱۹۷۰ء ـــــ اکبر روڈ۔ کراچی نمبر ۱

Marfat.com

قرآن کی حقیقت

کلام مجید: (۱) اللہ کی جانب سے (۲) حضرت جبریل علیہ السّلام کے توسّط سے (۳) نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ اِن تمام اُمور کی صراحت خود کلام مجید میں موجود ہے۔ حسبِ ذیل آیات ملاحظہ ہوں:۔

282

قرآن بلاشبہ اللہ کی کتاب ہے

۱۔ بقرہ ــــ ۲	ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۖ فِيْهِ ۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ○	یہ کتاب (قرآن مجید) اسمیں کچھ شک نہیں (کہ کلام خدا ہے۔ خدا سے) ڈرنے والوں کی رہنما ہے ؛
۲۔ آلِ عمران ــــ ۱۳۸	هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّ مَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ○	یہ (قرآن) لوگوں کے لئے بیانِ صریح اور اہلِ تقویٰ کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے ؛
۳۔ نِساء ــــ ۸۲	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ○	بھلا یہ قرآن میں غور کیوں نہیں کرتے۔ اگر یہ خدا کے سوا کسی اور کا (کلام) ہوتا تو اس میں (بہت سا) اختلاف پاتے ؛
۴۔ نِساء ــــ ۱۶۶	لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَا اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ○	لیکن خدا نے جو (کتاب) تم پر نازل کی ہے اُسکی نسبت خدا گواہی دیتا ہے کہ اُس نے اپنے علم سے نازل کی ہے۔ اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں۔ اور گواہ تو خدا ہی کافی ہے ؛
۵۔ نِساء ــــ ۱۷۵	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ○	لوگو! تمہارے پروردگار کیطرف سے تمہارے پاس دلیل (روشن) آچکی ہے اور ہم نے (کفر اور ضلالت کا اندھیرا دور کرنے کو) تمہاری طرف چمکتا ہوا نور بھیجدیا ہے ؛
۶۔ انعام ــــ ۱۵۶	وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○	اور (اے کفر کرنیوالو) یہ کتاب بھی ہمیں نے اُتاری ہے برکت والی تو اسکی پیروی کرو اور (خدا سے) ڈرو تاکہ تم پر مہربانی کیجائے ؛
۷۔ اعراف ــــ ۲	كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○	(اے محمدؐ یہ) کتاب (جو) تم پر نازل ہوئی ہے اس سے تمہیں تنگدل نہیں ہونا چاہیئے (یہ نازل) اسلئے ہوئی ہے کہ تم اسکے ذریعہ سے (لوگوں کو) ڈر سناؤ اور (یہ) ایمان والوں کیلئے نصیحت ہے ؛

Marfat.com

۸- یونس — ۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ○	یہ بڑی دانائی کی کتاب کی آیتیں ہیں ۝	
۹- یونس — ۵۷	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○	لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا اور مومنوں کیلئے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے ۝	
۱۰- ہود — ۱	كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ○	یہ وہ کتاب ہے جس کی آیتیں مستحکم ہیں اور خدائے حکیم و خبیر کی طرف سے بہ تفصیل بیان کردی گئی ہے ۝	
۱۱- ہود — ۱۳	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○	یہ کیا کہتے ہیں کہ اس نے قرآن از خود بنا لیا ہے۔ کہدو کہ اگر سچے ہو تو تم بھی ایسی دس سورتیں بنا لاؤ۔ اور خدا کے سوا جس جس کو بلا سکتے ہو بلا بھی لو ۝	
۱۲- یوسف — ۱ تا ۲	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ○ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ○	یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں ۝ ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا ہے تاکہ تم سمجھ سکو ۝	
۱۳- رعد — ۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○	(اے محمد) یہ کتاب (الٰہی) کی آیتیں ہیں۔ اور جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے حق ہے۔ لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے ۝	
۱۴- ابراہیم — ۱	كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ○	(یہ) ایک (پرنور) کتاب (ہے) اسکو ہم نے تم پر اسلئے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لیجاؤ (یعنی) انکے پروردگار کے حکم سے غالب اور قابل تعریف (خدا) کے رستے کی طرف ۝	
۱۵- حجر — ۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ○	یہ (خدا کی) کتاب اور قرآن روشن کی آیتیں ہیں ۝	
۱۶- حجر — ۸۷	وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ○	اور ہم نے سات (آیتیں) جو (نماز میں) دہرا کر پڑھی جاتی ہیں (یعنی سورۂ الحمد) اور عظمت والا قرآن عطا فرمایا ۝	
۱۷- نحل — ۶۴	وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○	اور ہم نے جو تم پر کتاب نازل کی ہے تو اسکے لئے کہ جس امر میں ان لوگوں کو اختلاف ہے تم اسکا فیصلہ کردو۔ اور (یہ) مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے ۝	
۱۸- نحل — ۸۹	وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا	اور (اس دن کو یاد کرو) جسدن ہم ہر امت میں سے خود	

Marfat.com

	عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ○	اُن پر گواہ کھڑے کریں گے۔ اور (اے پیغمبر) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے تم پر (ایسی) کتاب نازل کی ہے کہ (اس میں) ہر چیز کا بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لئے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے ؛
۱۹- بنی اسرائیل ـ ۳۹	ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۭ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ○	(اے پیغمبر) یہ اُن (ہدایتوں) میں سے ہیں جو خدا نے دانائی کی باتیں تمہاری طرف وحی کی ہیں اور خدا کیساتھ کوئی اور معبود نہ بنانا کہ (ایسا کرنے سے) ملامت زدہ اور (درگاہ خدا سے) راندہ بنا کر جہنم میں ڈالدیئے جاؤ گے ؛
۲۰- بنی اسرائیل ـ ۸۸	قُلْ لَّىِٕنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ○	کہہ دو کہ اگر انسان اور جن اس بات پر مجتمع ہوں کہ اس قرآن جیسا بنا لائیں تو اس جیسا نہ لا سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوں ؛
۲۱- بنی اسرائیل ـ ۱۰۵	وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ○	اور ہم نے اس قرآن کو سچائی کے ساتھ نازل کیا ہے اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا۔ اور (اے محمدؐ) ہم نے تم کو صرف خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے ؛
۲۲- بنی اسرائیل ـ ۱۰۶	وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ○	اور ہم نے قرآن کو جزو جزو کر کے نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کو ٹھیر ٹھیر کر پڑھ کر سناؤ اور ہم نے اسکو آہستہ آہستہ اُتارا ہے ؛
۲۳- کہف ـ ۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ○	سب تعریف خدا ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل کی اور اس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی) نہ رکھی ؛
۲۴- طٰہٰ ـ ۹۸تا۹۹	اِنَّمَآ اِلٰـهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ○ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ○	تمہارا معبود خدا ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اسکا علم ہر چیز پر محیط ہے ؛ اس طرح پر ہم تم سے وہ حالات بیان کرتے ہیں جو گزر چکے ہیں، اور ہم نے تمہیں اپنے پاس سے نصیحت (کی کتاب) عطا فرمائی ہے ؛
۲۵- نور ـ ۴۶	لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○	ہم ہی نے روشن آیتیں نازل کی ہیں، اور خدا جسکو چاہتا ہے سیدھے رستے کیطرف ہدایت کرتا ہے ؛
۲۶- شعراء ـ ۲	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ○	یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں ؛

Marfat.com

حوالہ	آیت	ترجمہ	
۲۷۔ نمل ۔۔۔ ۱ تا ۲	تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝	یہ قرآن اور کتاب روشن کی آیتیں ہیں ؛	
	هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝	مومنوں کے لئے ہدایت اور بشارت ہے ؛	
۲۸۔ نمل ۔۔۔ ۶	وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝	اور تم کو قرآن (خدائے) حکیم و علیم کی طرف سے عطا کیا جاتا ہے ؛	
۲۹۔ قصص ۔۔۔ ۲	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝	یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں ؛	
۳۰۔ لقمان ۔۔۔ ۲ تا ۳	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝	یہ حکمت کی (بھری ہوئی) کتاب کی آیتیں ہیں ؛	
	هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝	نیکوکاروں کے لئے ہدایت اور رحمت ؛	
۳۱۔ سجدہ ۔۔۔ ۲	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝	اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے ؛	
۳۲۔ احزاب ۔۔۔ ۲	وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝	اور جو (کتاب) تمکو تمہارے پروردگار کیطرف سے وحی کیجاتی ہے اُسی کی پیروی کئے جانا۔ بیشک خدا تمہارے سب عملوں سے خبردار ہے ؛	
۳۳۔ یٰس ۔۔۔ ۲ تا ۶	وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝	قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے ؛	
	اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝	(اے محمدؐ) بیشک تم پیغمبروں میں سے ہو ؛	
	عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝	سیدھے رستے پر ؛	
	تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝	(یہ خدائے) غالب (اور) مہربان نے نازل کیا ہے ؛	
	لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝	تاکہ تم ان لوگوں کو جن کے باپ دادا کو متنبہ نہیں کیا گیا تھا متنبہ کر دو وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ؛	
۳۴۔ ص ۔۔۔ ۲۹	كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝	(یہ) کتاب جو ہم نے تم پر نازل کی ہے بابرکت ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ اہل عقل نصیحت پکڑیں ؛	
۳۵۔ زمر ۔۔۔ ۱ تا ۲	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝	اس کتاب کا اُتارا جانا خدائے غالب اور حکمت والے کیطرف سے ہے	
	اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝	(اے پیغمبر) ہم نے یہ کتاب تمہاری طرف سچائی کیساتھ نازل کی ہے تو خدا کی عبادت کرو یعنی اُسکی عبادت کو (شرک سے) خالص کر کے ؛	
۳۶۔ زمر ۔۔۔ ۲۷ تا ۲۸	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝	اور ہم نے لوگوں کو سمجھانے کے لئے اس قرآن میں ہر طرح کی مثالیں بیان کی ہیں تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ؛	
	قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ	(یہ) قرآن عربی (ہے)، جسمیں کوئی عیب (اور) اختلاف نہیں تاکہ	

Marfat.com

حوالہ	آیت	ترجمہ
	يَتَّقُونَ ○	وہ ڈر مانیں ؛
۳۷۔ زمر ــ ۴۱	إِنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَلِنَفْسِهِ ۚ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ○	ہم نے تم پر کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لئے سچائی کے ساتھ نازل کی ہے۔ تو جو شخص ہدایت پاتا ہے تو اپنے بھلے کے لئے۔ اور جو گمراہ ہوتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور (اے پیغمبر) تم اُنکے ذمہ دار نہیں ہو ؛
۳۸۔ مومن ــ ۲	تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ○	اس کتاب کا اُتارا جانا خدائے غالب و دانا کی طرف سے ہے ؛
۳۹۔ حٰم سجدہ ــ ۲تا۳	تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○ كِتَابٌ فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ○	(یہ کتاب خدائے) رحمٰن و رحیم (کیطرف) سے اُتری ہے ؛ (ایسی) کتاب جسکی آیتیں واضح (المعانی) ہیں (یعنی) قرآن عربی اُن لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں ؛
۴۰۔ حٰم سجدہ ــ ۴۱تا۴۲	إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ○ لَّا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ○	جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ اُنکے پاس آئی اور یہ تو ایک عالی رُتبہ کتاب ہے ؛ اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہو سکتا ہے نہ پیچھے سے (اور) دانا (اور) خوبیوں والے (خدا) کی اُتاری ہوئی ہے ؛
۴۱۔ حٰم سجدہ ــ ۵۳	سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ ۗ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ○	ہم عنقریب اُنکو اطراف (عالم) میں بھی اور خود اُنکی ذات میں بھی اپنی نشانیاں دکھائینگے یہانتک کہ اُنپر ظاہر ہو جائیگا کہ (قرآن) حق ہے۔ کیا تمکو یہ کافی نہیں کہ تمہارا پروردگار ہر چیز سے خبردار ہے
۴۲۔ شوریٰ ــ ۱۷	اللَّهُ الَّذِي أَنزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَالْمِيزَانَ ۗ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ ○	خدا ہی تو ہے جس نے سچائی کے ساتھ کتاب نازل کی اور (عدل و انصاف کی) ترازو۔ اور تم کو کیا معلوم شاید قیامت قریب ہی آ پہنچی ہو ؛
۴۳۔ زخرف ــ ۲تا۵	وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ○ إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ○ وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ ○	کتاب روشن کی قسم ؛ کہ ہم نے اسکو قرآن عربی بنایا ہے تاکہ تم سمجھو ؛ اور یہ بڑی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں ہمارے پاس (لکھی ہوئی اور) بڑی فضیلت (اور) حکمت والی ہے ؛

Marfat.com

	أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَن كُنتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِينَ ○	بھلا اس لئے کہ تم حد سے نکلے ہوئے لوگ ہو ہم تم کو نصیحت کرنے سے باز رہیں گے ۔
	وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ○	اس کتاب روشن کی قسم ۔
۴۴۔ دُخان ۔ ۲ تا ۷	إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ ○	کہ ہم نے اسکو مبارک رات میں نازل فرمایا ہم تو رستہ دکھانے والے ہیں ۔
	فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ ○	اسی رات میں تمام حکمت کے کام فیصل کئے جاتے ہیں ۔
	أَمْرًا مِّنْ عِندِنَا إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ○	(یعنی) ہمارے ہاں سے حکم ہو کر۔ بیشک ہم ہی (پیغمبر کو) بھیجتے ہیں ۔
	رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○	(یہ) تمہارے پروردگار کی رحمت ہے۔ وہ تو سننے والا جاننے والا ہے
	رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ○	آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک۔ بشرطیکہ تم لوگ یقین کرنے والے ہو ۔
۴۵۔ جاثیہ ـــــ ۲	تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ○	اس کتاب کا اُتارا جانا خدائے غالب (اور) دانا کی طرف سے ہے ۔
۴۶۔ احقاف ـــــ ۲	تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ○	(یہ) کتاب خدائے غالب (اور) حکمت والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے ۔
۴۷۔ ذاریات ـــــ ۲۳	فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنطِقُونَ ○	تو آسمانوں اور زمین کے مالک کی قسم یہ (اُسی طرح) قابلِ یقین ہے جس طرح تم بات کرتے ہو ۔
۴۸۔ طور ـــــ ۱ تا ۱۰	وَالطُّورِ ○ وَكِتَابٍ مَّسْطُورٍ ○	(کوہ) طور کی قسم، اور کتاب کی جو لکھی ہوئی ہے ۔
	فِي رَقٍّ مَّنشُورٍ ○	کُشادہ اوراق میں ۔
	وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ ○	اور آباد گھر کی ۔
	وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ ○	اور اُونچی چھت کی ۔
	وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ ○	اور اُبلتے ہوئے دریا کی ۔
	إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ○	کہ تمہارے پروردگار کا عذاب واقع ہو کر رہے گا ۔
	مَّا لَهُ مِن دَافِعٍ ○	(اور) اُس کو کوئی روک نہیں سکے گا ۔
	يَوْمَ تَمُورُ السَّمَاءُ مَوْرًا ○	جس دن آسمان لرزنے لگے کپکپا کر ۔
	وَتَسِيرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ○	اور پہاڑ اڑنے لگیں اُون ہو کر ۔

Marfat.com

	فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○	اُس دن جھٹلانے والوں کے لئے خرابی ہے ؛
۴۹ - قمر ـــــ ۱۷	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ	اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ، تو کوئی ہے
	مِنْ مُّدَّكِرٍ ○	کہ سوچے سمجھے ؟ ؛
	اِسی سورت میں مندرجہ بالا آیت کی تکرار آیات ۲۲ و ۲۳ اور ۴۰ میں کی گئی ہے ۔	
۵۰ - رحمٰن ـــــ ۱ تا ۲	اَلرَّحْمٰنُ ○ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ○	(خدا جو) نہایت مہربان ، اُسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی ؛
۵۱ - واقعہ ۷۵ تا ۸۲	فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ ○	ہمیں تاروں کی منزلوں کی قسم ؛
	وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ○	اور اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے ؛
	اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ○	کہ یہ بڑے رُتبہ کا قرآن ہے ؛
	فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ○	(جو) کتاب محفوظ میں (لکھا ہوا ہے) ؛
	لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ○	اِس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں ؛
	تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○	پروردگارِ عالم کیطرف سے اُتارا گیا ہے ؛
	اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ○	کیا تم اِس کلام سے انکار کرتے ہو ؟ ؛
	وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ○	اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ اُسے جھٹلاتے ہو ؛
۵۲ - حدید ـــــ ۹	هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍ	وہی تو ہے جو اپنے بندے پر واضح (المطالب) آیتیں نازل کرتا ہے
	بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ	تاکہ تم کو اندھیروں میں سے نکالکر روشنی میں لائے ، بیشک خدا
	وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○	تم پر نہایت شفقت کرنے والا (اور) مہربان ہے ؛
۵۳ - تغابن ـــــ ۸	فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ	تو خدا پر اور اُسکے رسول پر اور نُور (قرآن) پر جو ہمنے نازل فرمایا ہے
	اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ○	ایمان لاؤ ۔ اور خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے ؛
۵۴ - دہر ـــــ ۲۳	اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ○	(اے محمدؐ) ہمنے تم پر قرآن آہستہ آہستہ نازل کیا ہے ؛
۵۵ - طارق ۱۱ تا ۱۴	وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ○	آسمان کی قسم جو مینہ برساتا ہے ؛
	وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ○	اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی ہے ؛
	اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ○	کہ یہ کلام (حق کو باطل سے) جُدا کرنے والا ہے ؛
	وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ○	اور بیہودہ بات نہیں ؛
۵۶ - قدر ـــــ ۱ تا ۵	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ○	ہمنے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا ؛
	وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ○	اور تمہیں کیا معلوم کہ شبِ قدر کیا ہے ؟ ؛

Marfat.com

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ○	شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے ؛
تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ	اسمیں روح الامین اور فرشتے ہر کام کے (انتظام کے) لئے
رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ أَمْرٍ ○	اپنے پروردگار کے حکم سے اُترتے ہیں ؛
سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○	یہ (رات) طلوع صبح تک (امان اور) سلامتی ہے ؛

قرآن جبریلؑ کے ذریعہ نازل ہوا

مندرجہ بالا آیات میں بھی اکثر جبریل علیہ السلام کا حوالہ ضمناً آتا رہا ہے لیکن حسب ذیل آیات میں بالصراحت حوالجات درج ہیں :-

۱-بقرہ ——۹۷	قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ	کہدو کہ جو شخص جبریل کا دشمن ہو اُس کو غصے میں
	نَزَّلَهُ عَلٰى قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا	مرجانا چاہیئے) اُس نے تو (یہ کتاب) خدا کے حکم سے
	لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى	تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے
	لِلْمُؤْمِنِينَ ○	اور ایمان والوں کے لئے ہدایت اور بشارت ہے ؛
۲-نحل ——۱۰۲	قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ	کہدو کہ اسکو روح القدس تمہارے پروردگار کیطرف سے سچائی کے
	بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَهُدًى	ساتھ لیکر نازل ہوئے ہیں تاکہ یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم
	وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِينَ ○	رکھے اور حکم ماننے والوں کیلئے تو (یہ) ہدایت اور بشارت ہے ؛
۳-شعراء-۱۹۲تا۱۹۶	وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ○	اور یہ (قرآن خدائے) پروردگار عالم کا اُتارا ہوا ہے ؛
	نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ○	اسکو امانت دار فرشتہ لیکر اُترا ہے ؛
	عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنْذِرِينَ	(یعنی اُسنے) تمہارے دل پر (القا کیا ہے) تاکہ (لوگوں کو) نصیحت کرتے رہو
	بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ○	(اور القا بھی) فصیح عربی زبان میں (کیا ہے) ؛
	وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ○	اور اسکی خبر پہلے پیغمبروں کی کتابوں میں (لکھی ہوئی) ہے ؛
۴-حاقہ-۴۰تا۴۳	إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ○	کہ یہ (قرآن) فرشتہ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے ؛
	وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ ○	اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں مگر تم لوگ بہت ہی کم ایمان لاتے ہو ؛
	وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ○	اور نہ کسی کاہن کے مزخرفات ہیں لیکن تم لوگ بہت ہی کم فکر کرتے ہو ؛
	تَنْزِيلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِينَ ○	(یہ تو) پروردگار عالم کا اُتارا ہوا ہے ؛
۵-مرسلات ——۵	فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ○	پھر فرشتوں کی قسم جو وحی لاتے ہیں ؛
۶-تکویر ۱۵تا۲۸	فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ○	ہم کو ان ستاروں کی قسم جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں ؛

Marfat.com

	الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ○	اور جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں ؏
	وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ○	اور رات کی قسم جب ختم ہونے لگتی ہے ؏
	وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ○	اور صبح کی قسم جب نمودار ہوتی ہے ؏
	إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ○	کہ بیشک یہ (قرآن) فرشتہ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے ؏
	ذِي قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ○	جو صاحب قوت مالک عرش کے ہاں اونچے درجہ والا ؏
	مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ○	سردار (اور) امانت دار ہے ؏
	وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ ○	اور (مکے والو) تمہارے رفیق (یعنی محمدؐ) دیوانے نہیں ہیں ؏
	وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ○	بیشک انہوں نے اس (فرشتے) کو آسمان کے کھلے یعنی شرقی کنارے پر دیکھا ہے
	وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ○	اور وہ پوشیدہ باتوں (کے ظاہر کرنے) میں بخیل نہیں ؏
	وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ○	اور یہ شیطان مردود کا کلام نہیں ؏
	فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ ○	پھر تم کدھر جا رہے ہو؟ ؏
	إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ○	یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے نصیحت ہے ؏
	لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ ○	(یعنی) اس کیلئے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے ؏

قرآن رسولِ اکرمؐ پر نازل ہوا

۱۔ نساء ۔۔۔ ۷۹	مَا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ	(اے آدم زاد) تجھ کو جو فائدہ پہنچے وہ خدا کی طرف سے ہے
	وَمَا أَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ ۚ	اور جو نقصان پہنچے وہ تیری ہی (شامت اعمال کی) وجہ
	وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ رَسُولًا ۚ وَكَفَىٰ	سے ہے۔ اور (اے محمدؐ) ہم نے تم کو لوگوں (کی ہدایت) کے
	بِاللَّهِ شَهِيدًا ○	لئے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے اور اس بات کا خدا ہی گواہ کافی ہے
۲۔ انعام ۔۔۔ ۵۰	قُلْ لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ	کہدو کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے
	اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ	خزانے ہیں اور نہ (یہ کہ) میں غیب جانتا ہوں اور نہ تم سے
	لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ	یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں تو صرف اس حکم پر چلتا
	إِلَيَّ ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ	ہوں جو مجھے (خدا کی طرف سے) آتا ہے۔ کہدو کہ بھلا اندھا اور
	وَالْبَصِيرُ ۚ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ ○	آنکھ والا برابر ہوتے ہیں؟ تو پھر تم غور (کیوں) نہیں کرتے؟ ؏
۳۔ طٰہٰ ۔۔۔ ۱۱۴	فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۗ وَلَا تَعْجَلْ	تو خدا جو سچا بادشاہ ہے عالی قدر ہے اور قرآن کی وحی جو تمہاری
	بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُقْضَىٰ إِلَيْكَ	طرف بھیجی جاتی ہے اس کے پورا ہونے سے پہلے قرآن کے (پڑھنے کے)

Marfat.com

	وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○	لئے جلدی نہ کیا کرو اور دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے اور زیادہ علم دے
۴۔ شعراء ۱۹۲ تا ۱۹۷	وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○	اور یہ (قرآن خدائے) پروردگار عالم کا اُتارا ہوا ہے ؞
	نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ○	اس کو امانت دار فرشتہ لیکر اُترا ہے ؞
	عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ○	(یعنی اُسنے) تمہارے دل پر (القا کیا ہے) تاکہ (لوگوں کو) نصیحت کرتے رہو
	بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ○	(اور القا بھی) فصیح عربی زبان میں (کیا ہے) ؞
	وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ○	اور اسکی خبر پہلے پیغمبروں کی کتابوں میں (لکھی ہوئی) ہے ؞
	اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ○	کیا اُنکے لئے یہ سند نہیں ہے کہ علمائے بنی اسرائیل اس بات کو جانتے ہیں ؞
۵۔ عنکبوت ۴۸ تا ۴۹	وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ○	اور تم اس سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اسے اپنے ہاتھ سے لکھ ہی سکتے تھے۔ ایسا ہوتا تو اہلِ باطل ضرور شک کرتے ؞
	بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ○	بلکہ یہ روشن آیتیں ہیں جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے اُنکے سینوں میں (محفوظ) اور ہماری آیتوں سے وہی لوگ انکار کرتے ہیں جو بے انصاف ہیں ؞
۶۔ ص ـــــ ۷۰	اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○	میری طرف تو یہی وحی کیجاتی ہے کہ میں کھُلم کھلا ہدایت کرنے والا ہوں ؞
۷۔ شوریٰ ـــ ۳ تا ۴	كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○	خدائے غالب و دانا اسیطرح تمہاری طرف مضامین و براہین بھیجتا ہے (جسطرح) تم سے پہلے لوگوں کی طرف وحی بھیجتا رہا ہے
	لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○	جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اُسی کا ہے اور وہ عالی رُتبہ اور گرامی قدر ہے ؞
۸۔ شوریٰ ۵۱ تا ۵۳	وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ○	اور کسی آدمی کے لئے ممکن نہیں کہ خدا اُس سے بات کرے مگر الہام (کے ذریعے) اسے یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی فرشتہ بھیجدے تو وہ خدا کے حکم سے جو خدا چاہے القا کرے بیشک وہ عالی رُتبہ اور حکمت والا ہے ؞
	وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ	اور اسی طرح ہمنے اپنے حکم سے تمہاری طرف روح القدس کے

Marfat.com

	اَمْرِنَاؕ مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا	ذریعے سے (قرآن) بھیجا ہے تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے
	الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّھْدِیْ	اور نہ ایمان کو۔ لیکن ہمنے اسکو نور بنایا ہے کہ اس سے ہم اپنے
	بِہٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَاؕ وَاِنَّکَ	بندوںمیں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں - اور
	لَتَھْدِیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○	بیشک اے محمد، تم سیدھا رستہ دکھاتے ہو ؛
	صِرَاطِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا	(یعنی) خدا کا رستہ جو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کا مالک ہے
	فِی الْاَرْضِؕ اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ○	دیکھو سب کام خدا کیطرف رجوع ہونگے اور وہی انیں فیصلہ کریگا؛
۹- احقاف — ۹	قُلْ مَا کُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِیْ	کہدو کہ میں کوئی نیا پیغمبر نہیں آیا اور میں نہیں جانتا کہ میرے
	مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا	ساتھ کیا سلوک کیا جائیگا اور تمہارے ساتھ کیا (کیا جائیگا) میں تو
	یُوْحٰٓی اِلَیَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ○	اُسی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر وحی آتی ہے اور میرا کام تو علانیہ ہدایت کرنا ہے
۱۰- نجم — ۱ تا ۱۲	وَالنَّجْمِ اِذَا ھَوٰی ○	تارے کی قسم جب غائب ہونے لگے ؛
	مَا ضَلَّ صَاحِبُکُمْ وَمَا غَوٰی ○	کہ تمہارے رفیق (محمد) نہ رستہ بھولے ہیں نہ بھٹکے ہیں ؛
	وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی ○	اور نہ خواہش نفس سے منہ سے بات نکالتے ہیں ؛
	اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی ○	یہ (قرآن) تو حکم خدا ہے جو (انکی طرف) بھیجا جاتا ہے ؛
	عَلَّمَہٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی ○	اُن کو نہایت قوت والے نے سکھایا ؛
	ذُوْ مِرَّةٍؕ فَاسْتَوٰی ○	(یعنی جبرائیل) طاقتور نے پھر وہ پورے نظر آئے ؛
	وَھُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰی ○	اور وہ (آسمان کے) اونچے کنارے میں تھے ؛
	ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ○	پھر قریب ہوئے اور آگے بڑھے ؛
	فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ○	تو دو کمان کے فاصلے پر یا اس سے بھی کم ؛
	فَاَوْحٰٓی اِلٰی عَبْدِہٖ مَآ اَوْحٰی ○	پھر خدا نے اپنے بندے کیطرف جو بھیجا سو بھیجا ؛
	مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ○	جو کچھ اُنھوں نے دیکھا اُنکے دل نے اُسکو جھوٹ نہ جانا ؛
	اَفَتُمٰرُوْنَہٗ عَلٰی مَا یَرٰی ○	کیا جو کچھ وہ دیکھتے ہیں تم اسمیں اُنسے جھگڑتے ہو ؟ ؛

مندرجہ بالا آیات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ کلام مجید میں (۵۹) آیات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ خدا کا کلام ہے - چھ آیات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ جبریل علیہ السلام کے توسط سے دنیا میں اترا اور دس آیات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بتوسط بالا خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ اِس موضوع پر آیات کی یہ تعداد کم سے کم ہے - جو مجھ سے چھوٹ گئی ہونگی وہ علاوہ ہونگی - یہ آیات تمام کلام مجید میں جا بجا مرقوم ہیں اور ناظرین کرام کو سمجھانے کا حق ادا کر رہی ہیں - کاش ہم باور کریں اور ایمان لائیں ؛

Marfat.com

قرآن کے تعلقات

زمانۂ آفرینش سے ہی لوگوں کی ہدایت اور رہبری کے لئے انبیار کرام دُنیا میں بھیجے جاتے رہے ہیں۔ جس زمانے میں جو نبی منجانب اللہ بھیجا گیا وہ اُس زمانے کے حالات کے مطابق ہوا کرتا تھا۔ اُن انبیار کے ذریعہ سے جو احکام وقتاً فوقتاً بھیجے جاتے رہے یا جو صحائف اُن پر نازل ہوتے رہے وہ اُسی زمانے کے حالات کے مطابق یا مناسب حال ہوا کرتے تھے جس زمانے میں انکو اُتارا جاتا تھا۔

دُنیا ترقی کرتی رہی، اُسی لحاظ سے بتدریج انسانی ذہنی ارتقا بھی ہوتا گیا۔ ان دُنیاوی اور ذہنی ترقیات کے مطابق صحائف کی تفصیلات میں بھی تغیر و تبدل کیا جاتا رہا۔ نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ ذہنی ارتقا اپنے انتہائی عروج کو پہنچ گیا۔ اس کے بعد ذہنی ترقی کا مزید امکان باقی نہیں رہا۔ جب دُنیا اس منزل پر پہنچ گئی تو خداوند کریم نے آخری نبی بھیجکر اور اُس کے اُوپر آخری صحیفہ اُتار کر انبیار کرام کے بھیجے جانے اور ان پر صحائف کے اُتارے جانے کا سلسلہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا۔ یہ آخری نبی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں، اور آخری صحیفہ جو اُن پر اُترا قرآن مجید ہے اور ان ہر دو کا عمل دخل تا قیام قیامت تمام روئے زمین پر جاری و ساری رہے گا۔

رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم وہ آخری نبی ہیں جو اپنے سے قبل کے تمام انبیار کرام کی تصدیق و توثیق فرماتے ہیں۔ اور اسی طرح سے کلام مجید گزشتہ تمام صحائف کی تصدیق کرتا ہے۔ قرآن مجید تمام پُرانے صحائف کی تصدیق ہی نہیں کرتا بلکہ اس کے اندر گزشتہ تمام الہامی صحائف مندرج ہیں۔ اس بنا پر دُنیا کی ہر قوم جب کلام مجید پڑھے گی تو اسکے مندرجات میں اپنے صحیفہ کو بھی پائے گی اور اس کے علاوہ دیگر ترقی یافتہ احکام بھی پائے گی جو اسکو مکمل انسان بنانے میں معاون ثابت ہوسکتے ہیں۔

مندرجۂ بالا تفصیلات سے یہ حقیقت بھی واضح ہوجاتی ہے کہ ہر قوم اور مذہب کا شخص کلام مجید پڑھنے کے بعد اسکے فیوض سے اپنے اندر مادی اور رُوحانی بصارت اور بصیرت داخل کرسکتا ہے۔ بلا لحاظ قوم و مذہب، رنگ و نسل ہر شخص کلام مجید کا مطالعہ کرسکتا ہے اور ایسا کرنا اسکے لئے ہی مفید ثابت ہوگا۔ یہ تمام اُمور حسب ذیل آیات سے ثابت ہوتے ہیں۔

قرآن مجید سے دیگر صحائف کی تصدیق

۱۔ بقرہ ــــ ۴	وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ج وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ○	اور جو کتاب تم پر (اے محمد) نازل ہوئی اور جو کتابیں تم سے پہلے (پیغمبروں پر) نازل ہوئیں سب پر ایمان لاتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں ؛
۲۔ بقرہ ــــ ۱۳۶	قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓی اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ	"مسلمانو"! کہو کہ ہم خدا پر ایمان لائے اور جو کتاب ہم پر اُتری اُس پر اور جو صحیفے (ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اُنکی اولاد پر نازل ہوئے اُن پر اور جو

Marfat.com

	أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ ج لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ○	(کتابیں) موسیٰ اور عیسیٰ کو عطا ہوئیں اُن پر اور جو اور پیغمبروں کو اُنکے پروردگار کیطرف سے ملیں اُنپر (سب پر) ایمان لائے ہم اُن پیغمبروں میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور ہم اُسی (خدائے واحد) کے فرمانبردار ہیں ؛
۳۔بقرہ ــــ ۲۱۳	كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً قف فَبَعَثَ اللَّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَأَنزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ ط وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ج فَهَدَى اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا لِمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ وَاللَّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○	(پہلے تو سب) لوگوں کا ایک ہی مذہب تھا (لیکن وہ آپس میں اختلاف کرنے لگے) تو خدا نے انکی طرف بشارت دینے والے اور ڈر سنانیوالے پیغمبر بھیجے اور اُن پر سچائی کے ساتھ کتابیں نازل کیں تاکہ جن اُمور میں لوگ اختلاف کرتے تھے اُنکا اُنمیں فیصلہ کردے اور اسمیں اختلاف بھی اُنھیں لوگوں نے کیا جن کو کتاب دی گئی تھی۔ باوجودیکہ اُنکے پاس کھُلے ہوئے احکام آچکے تھے (اور یہ اختلاف انھوں نے صرف آپس کی ضد سے کیا) تو جس امرِ حق میں وہ اختلاف کرتے تھے خدا نے اپنی مہربانی سے مومنوں کو اسکی راہ دکھا دی، اور خدا جس کو چاہتا ہے سیدھا رستہ دکھا دیتا ہے ؛
۴۔بقرہ ــــ ۲۸۵	آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ط كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ قف وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○	رسول اُس کتاب پر جو اُنکے پروردگار کیطرف سے اُنپر نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور مومن بھی سب خدا پر اور اسکے فرشتوں پر اور اُسکی کتابوں پر اور اُس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم اُسکے پیغمبروں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور وہ (خدا سے) عرض کرتے ہیں کہ ہمنے (تیرا حکم) سُنا اور قبول کیا۔ اے پروردگار ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لَوٹ کر جانا ہے ؛
۵۔آل عمران ــــ ۳	نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنزَلَ التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ ○	اُس نے (اے محمد) تم پر سچی کتاب نازل کی جو پہلی (آسمانی) کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اُسی نے تورات اور انجیل نازل کی ؛
۶۔نساء ــــ ۱۳۶	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَ	مومنو! خدا پر اور اُسکے رسول پر اور جو کتاب اُس

Marfat.com

	رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى	نے اپنے پیغمبر (آخر الزمان) پر نازل کی ہے اور
	رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ	جو کتابیں اس سے پہلے نازل کی تھیں سب پر
	قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ	ایمان لاؤ۔ اور جو شخص خدا اور اسکے فرشتوں اور
	وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ	اسکی کتابوں اور اسکے پیغمبروں اور روز قیامت سے
	ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ○	انکار کرے وہ رستے سے بھٹک کر دُور جا پڑا ۔
۷۔ نساء ۔۔۔ ۱۶۳	اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى	(اے محمد) ہم نے تمہاری طرف اسی طرح وحی بھیجی ہے
	نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ	جس طرح نوح اور اُن سے پچھلے پیغمبروں کی
	اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَ	طرف بھیجی تھی۔ اور ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور
	يَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ	یعقوب اور اولاد یعقوب اور عیسیٰ اور ایوب اور
	وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا	یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف بھی ہم نے وحی
	دَاوٗدَ زَبُوْرًا ○	بھیجی تھی اور داؤد کو ہم نے زبور بھی عنایت کی تھی ۔
۸۔ المائدہ ۔۔۔ ۱۵	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا	اے اہل کتاب تمہارے پاس ہمارے پیغمبر (آخر الزماں)
	يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ	آگئے ہیں کہ جو کچھ تم کتاب (الٰہی) میں سے چھپاتے
	مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ڛ	تھے وہ اس میں سے بہت کچھ تمہیں کھول کھول کر بتا دیتے ہیں
	قَدْ جَاۗءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ	اور تمہارے بہت سے قصور معاف کر دیتے ہیں بیشک
	مُّبِيْنٌ ○	تمہارے پاس خدا کی طرف سے نور اور روشن کتاب آچکی ہے
۹۔ المائدہ ۔۔۔ ۴۸	وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ	اور (اے پیغمبر) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے جو اپنے
	مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ	سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اُن (سب)
	وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ	پر شامل ہے تو جو حکم خدا نے نازل فرمایا ہے اسکے مطابق
	اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ عَمَّا	انکا فیصلہ کرنا اور حق جو تمہارے پاس آچکا ہے اسکو چھوڑ کر
	جَاۗءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ جَعَلْنَا	انکی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک
	مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ	(فرقے) کیلئے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے اور اگر خدا
	اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ	چاہتا تو تم سب کو ایک ہی شریعت پر کر دیتا مگر جو حکم اس نے تم کو
	لٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا	دیئے ہیں ان میں وہ تمہاری آزمائش کرنی چاہتا ہے۔ سو نیک
	الْخَيْرٰتِ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا	کاموں میں جلدی کرو تم سب کو خدا کی طرف لوٹ کر جانا ہے

Marfat.com

حوالہ	آیت	ترجمہ
	فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ○	پھر جن باتوں میں تم کو اختلاف تھا وہ تم کو بتا دیگا ؛
۱۰۔ المائدہ — ۶۶	وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِم مِّن رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِم ۚ مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَاءَ مَا يَعْمَلُونَ ○	اور اگر وہ تورات اور انجیل کو اور جو (اور کتابیں) اُن کے پروردگار کی طرف سے اُن پر نازل ہوئیں انکو قائم رکھتے تو (اُن پر رزق مینہ کیطرح برستا کہ) اپنے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے کھاتے۔ انمیں کچھ لوگ میانہ رو ہیں اور بہت سے ایسے ہیں جن کے اعمال بُرے ہیں ؛
۱۱۔ انعام — ۱۵۵	ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ○	(ہاں) پھر (سُن لو کہ) ہمنے موسیٰ کو کتاب عنایت کی تھی تاکہ اُن لوگوں پر جو نیکوکار ہیں نعمت پوری کردیں اور (اسمیں) ہر چیز کا بیان ہے اور ہدایت ہے اور رحمت ہے تاکہ (اُنکی اُمت کے) لوگ اپنے پروردگار کے روبرو حاضر ہونیکا یقین کریں ؛
۱۲۔ اعراف — ۱۵۷	الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنزِلَ مَعَهُ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ○	وہ جو محمد رسول (اللہ) کی جو نبی اُمّی ہیں پیروی کرتے ہیں۔ جن (کے اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں وہ اُنھیں نیک کام کا حکم دیتے ہیں اور بُرے کام سے روکتے ہیں اور پاک چیزوں کو اُنکے لئے حلال کرتے ہیں اور ناپاک چیزوں کو اُن پر حرام ٹھیراتے ہیں اور اُن پر سے بوجھ اور طوق جو اُنکے سر پر (اور گلے میں) تھے اُتارتے ہیں۔ تو جو لوگ اُن پر ایمان لائے اور اُن کی رفاقت کی اور اُنھیں مدد دی اور جو نور اُن کے ساتھ نازل ہوا ہے اُس کی پیروی کی وہی مراد پانے والے ہیں ؛
۱۳۔ یونس — ۳۷	وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَىٰ مِن دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ○	اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ خدا کے سوا کوئی اسکو اپنی طرف سے بنا لائے۔ ہاں (ہاں یہ خدا کا کلام ہے) جو کتابیں اس سے پہلے (کی) ہیں اُنکی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں کی (اسمیں) تفصیل ہے۔ اسمیں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل) ہوا ہے ؛

Marfat.com

۱۴-یوسف ــ ۱۱۱	لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ○	ان کے قصے میں عقلمندوں کے لئے عبرت ہے یہ (قرآن) ایسی بات نہیں ہے جو (اپنے دل سے) بنائی گئی ہو بلکہ جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں اُن کی تصدیق (کرنے والا) ہے اور ہر چیز کی تفصیل کرنیوالا اور مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے ۔
۱۵-قصص ۵۲ تا ۵۴	اَلَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِن قَبْلِهِ هُم بِهِ يُؤْمِنُونَ ○	جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی تھی وہ اس پر ایمان لے آتے ہیں ۔
	وَإِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّنَا إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ ○	اور جب (قرآن) اُنکو پڑھ کر سُنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اسپر ایمان لے آئے۔ بیشک وہ ہمارے پروردگار کیطرف سے برحق ہے (اور) ہم تو اس سے پہلے کے حکم بردار ہیں ۔
	أُولَٰئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ○	ان لوگوں کو دُگنا بدلہ دیا جائیگا کیونکہ صبر کرتے رہے ہیں اور بھلائی کیساتھ بُرائی کو دُور کرتے ہیں اور جو (مال) ہمنے انکو دیا ہے اسمیں سے خرچ کرتے ہیں ۔
۱۶-زمر ــ ۲۳	اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ○	خدا نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں (یعنی) کتاب (جسکی آیتیں باہم) ملتی جُلتی (ہیں) اور دہرائی جاتی (ہیں) جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں انکے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں پھر انکے بدن اور دل نرم ہوکر خدا کی یاد کیطرف متوجہ ہوجاتے ہیں یہی خدا کی ہدایت ہے وہ اس سے جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور جسکو خدا گمراہ کرے اسکو کوئی ہدایت دینے والا نہیں ۔
۱۷-شوریٰ ۳ تا ۴	كَذَٰلِكَ يُوحِي إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○	خدائے غالب دانا اسی طرح تمہاری طرف (مضامین اور براہین) بھیجتا ہے (جس طرح) تم سے پہلے لوگوں کی طرف وحی بھیجتا رہا ہے ۔
	لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ○	جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اُسی کا ہے۔ اور وہ عالی رُتبہ (اور) گرامی قدر ہے ۔

19.<9

Marfat.com

۱۸۔ شوریٰ — ۱۳	شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ○	اُس نے تمہارے لئے دین کا وہی رستہ مقرر کیا جس (کے اختیار کرنے) کا نوح کو حکم دیا تھا اور جس کی (اے محمد) ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی ہے اور جس کا ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو حکم دیا تھا (وہ یہ) کہ دین کو قائم رکھنا اور اس میں پھوٹ نہ ڈالنا۔ جس چیز کی طرف تم مشرکوں کو بلاتے ہو وہ انکو دشوار گزرتی ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی بارگاہ کا برگزیدہ کرلیتا ہے اور جو اُسکی طرف رجوع کرے اُسے اپنی طرف رستہ دکھا دیتا ہے۔
۱۹۔ احقاف — ۱۲	وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ○	اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب تھی (لوگوں کیلئے) رہنما اور رحمت اور یہ کتاب عربی زبان میں ہے اُس کی تصدیق کرنے والی تاکہ ظالموں کو ڈرائے اور نیکوکاروں کو خوشخبری سنائے۔
۲۰۔ احقاف ۳۰ تا ۳۳	قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○	کہنے لگے کہ اے قوم ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے۔ جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی ہیں) اُن کی تصدیق کرتی ہے (اور سچا دین) اور سیدھا رستہ بتاتی ہے۔
	يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○	اے قوم! خدا کی طرف بلانے والے کی بات کو قبول کرو اور اُس پر ایمان لاؤ خدا تمہارے گناہ بخشدیگا اور تمہیں دکھ دینے والے عذاب سے پناہ میں رکھے گا۔
	وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○	اور جو شخص خدا کی طرف بلانیوالے کی بات قبول نہ کریگا تو وہ زمین میں (خدا کو) عاجز نہیں کر سکے گا اور نہ اسکے سوا اسکے حمایتی ہونگے یہ لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔
	اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِيَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى	کیا اُنھوں نے نہیں سمجھا کہ جس خدا نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اُنکے پیدا کرنے سے تھکا نہیں وہ اس (بات) پر بھی قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کردے۔ ہاں (ہاں) وہ

Marfat.com

	كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○	ہر چیز پر قادر ہے ؛
۲۱- حدید — ۲۵	لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ وَأَنْزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَنْ يَنْصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ○	ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی نشانیاں دیکر بھیجا - اور اُن پر کتابیں نازل کیں اور ترازو (یعنی قواعد عدل) تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں - اور لوہا پیدا کیا اسمیں (اسلحہ جنگ کے لحاظ سے) خطرہ بھی شدید ہے اور لوگوں کے لئے فائدے بھی ہیں اور اسلئے کہ جو لوگ بن دیکھے خدا اور اُسکے پیغمبر کی مدد کرتے ہیں خدا اُنکو معلوم کرے بیشک خدا قوی (اور) غالب ہے ؛
	قرآن عالمگیر دعوت ہے	
۱- بنی اسرائیل — ۹	إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا كَبِيرًا ○	یہ قرآن وہ رستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ اُن کے لئے اجر عظیم ہے ؛
۲- بنی اسرائیل — ۴۱	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ○	اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح کی باتیں بیان کی ہیں تاکہ لوگ نصیحت پکڑیں مگر وہ اس سے اور بدک جاتے ہیں ؛
۳- انبیاء — ۱۰۷	وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ ○	اور (اے محمد) ہمنے تمکو تمام جہان کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے ؛
۴- فرقان — ۱	تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا ○	وہ (خدائے عزوجل) بہت ہی بابرکت ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل فرمایا تاکہ اہل عالم کو ہدایت کرے ؛
۵- ص — ۱	ص ۚ وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ ○	ص - قسم ہے قرآن کی جو نصیحت دینے والا ہے (کہ تم حق پر ہو) ؛
۶- ص — ۸۷	إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ○	یہ (قرآن) تو اہل عالم کے لئے نصیحت ہے ؛
۷- زخرف — ۴۴	وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَكَ وَلِقَوْمِكَ ۖ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ ○	اور یہ (قرآن) تمہارے لئے اور تمہاری قوم کیلئے نصیحت ہے اور (لوگو) تم سے عنقریب پرسش ہوگی ؛
۸- قلم — ۵۲	وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ○	اور (لوگو) یہ (قرآن) اہل عالم کے لئے نصیحت ہے ؛

قولِ زرّین

سب سے زیادہ عاقل اور فہیم وہ لوگ ہیں جو قرآن کے اسرار کو سمجھتے ہیں اور اُن اسراروں میں غور و فکر کرتے ہیں ؛

(حضرت خواجہ سری سقطی رح)

Marfat.com

اِسلام، عُلوم کو فروغ دیتا ہے

یُوں تو علوم، اسلام سے پہلے بھی رائج تھے لیکن ہر شخص اپنی ضرورت اور شوق کے مطابق جس علم کو وہ چاہتا تھا اور جسقدر چاہتا تھا حاصِل کرتا تھا۔ درسگاہیں قائم تھیں لیکن کوئی مذہب پابند نہیں کرتا تھا کہ علم حاصِل کیا جائے: اور اس کو فروغ دیا جائے۔ اسلام اور صرف اسلام ہی وہ پہلا مذہب ہے جس نے تمام علوم حاصِل کرنا مذہب میں داخِل کیا۔ تمام علوم کو ضبطِ تحریر میں لانیکا حکم دیا۔ نہ صرف یہ بلکہ تمام دُنیا میں گھوم پھر کر مختلف علوم حاصِل کرنا، اُن کو قلم کے ذریعہ ضبطِ تحریر میں لانا، اُن کو کتابوں کی صورت میں محفوظ کرنا، اُن کتابوں کی بے شمار نقلیں اُتارنا اور ان کو تمام روئے زمین پر پھیلا دینا، مسلمانوں نے اپنا مقصدِ حیات بنا لیا۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے وہ ہزاروں میل کا سفر اختیار کرتے، مختلف قسم کی صعوبتیں برداشت کرتے لیکن عزائم میں فرق نہ آنے دیتے اور مدعا حاصل کئے بغیر چین سے نہ بیٹھتے۔ انھوں نے اس قسم کے اقوال بنائے کہ علم وہ دولت ہے جس کو کوئی چُرا نہیں سکتا۔ اس کو جتنا خرچ کرو اُتنا ہی بڑھتا ہے اس کو حاصِل کرنے کے لئے اگر ضرورت ہو تو چین کا سفر اختیار کرنے میں دریغ نہ کرو وغیرہ وغیرہ۔ مختصراً یہ کہ دین اسلام کے علاوہ دُنیا کا کوئی مذہب علوم پھیلانے کا پابند نہیں اور نہ ذمہ لیتا ہے۔ میرے اِس نظریے کی تصدیق حسب ذیل قرآنی آیات سے ہوتی ہے:۔

پڑھو، لکھو اور علم کی تبلیغ کرو

۱۔ رحمٰن ــــ ۲ تا ۴	عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ○	اُسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی ؕ
	خَلَقَ الْاِنْسَانَ ○	اُسی نے انسان کو پیدا کیا ؕ
	عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○	اسی نے اس کو بولنا سکھایا ؕ
۲۔ علق ــــ ۱ تا ۵	اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ○	(اے محمدؐ) اپنے پروردگار کا نام لیکر پڑھو جسنے (عالم کو) پیدا کیا ؕ
	خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○	جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا ؕ
	اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ○	پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے ؕ
	الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ○	جس نے قلم کے ذریعہ سے علم سکھایا ؕ
	عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ○	اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جسکا اُسکو علم نہ تھا ؕ

قرآن ہدایات کا سرچشمہ ہے

۱۔ آلِ عمران ــــ ۵۸	ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ○	(اے محمدؐ) یہ ہم تمکو خدا کی آیتیں اور حکمت بھری نصیحتیں پڑھ پڑھ کر سُناتے ہیں ؕ

Marfat.com

۲۔ انعام — ۱۱۶	وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○	اور تمہارے پروردگار کی باتیں سچائی اور انصاف میں پوری ہیں۔ اُس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور وہ سنتا جانتا ہے ۔	
۳۔ حجر — ۹	اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○	بیشک یہ (کتاب) نصیحت ہمیں نے اُتاری ہے اور ہم ہی اسکے نگہبان ہیں ۔	
۴۔ طٰہٰ — ۲ تا ۷	مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ○	(اے محمدؐ) ہم نے تم پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ ۔	
	اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ○	بلکہ اس شخص کو نصیحت دینے کیلئے (نازل کیا ہے) جو خوف رکھتا ہے	
	تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ○	یہ اس ذات کا اُتارا ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے اونچے آسمان بنائے ۔	
	اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ○	(یعنی خدائے) رحمٰن جس نے عرش پر قرار پکڑا ۔	
	لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ○	جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے بیچ میں ہے اور جو کچھ (زمین کی) مٹی کے نیچے ہے سب اُسی کا ہے ۔	
	وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ○	اور اگر تم پکار کر بات کہو تو وہ تو چھپے بھید اور نہایت پوشیدہ بات تک کو جانتا ہے ۔	
۵۔ طٰہٰ — ۱۱۳	وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ○	اور ہم نے اسکو اسی طرح کا قرآن عربی نازل کیا ہے اور اس میں طرح طرح کے ڈراوے بیان کر دیے ہیں تاکہ لوگ پرہیزگار بنیں یا خدا اُن کے لئے نصیحت پیدا کر دے ۔	
۶۔ انبیاء — ۵۰	وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ۚ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ○	اور یہ مبارک نصیحت ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے تو کیا تم اس سے انکار کرتے ہو؟	
۷۔ حج — ۲۴	وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ○	اور ان کو پاکیزہ کلام کی ہدایت کی گئی اور (خدائے) حمید کی راہ بتائی گئی ۔	
۸۔ مومنون — ۷۳	وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○	اور تم تو اُن کو سیدھے رستے کی طرف بلاتے ہو ۔	
۹۔ نور — ۱۸	وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۚ وَاللّٰهُ	اور خدا تمہارے (سمجھانے کے) لئے اپنی آیتیں کھول کھول کر	

Marfat.com

	عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ○	بیان فرماتا ہے اور خدا جاننے والا اور حکمت والا ہے ؏
١٠-شوریٰ — ٧	وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَرِيْقٌ فِى الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِى السَّعِيْرِ ○	اور اسی طرح تمہارے پاس قرآن عربی بھیجا ہے تاکہ تم بڑے گاؤں (یعنی مکے) کے رہنے والوں کو اور جو لوگ اسکے اردگرد رہتے ہیں انکو رستہ دکھاؤ اور انھیں قیامت کے دن کا بھی جس میں کچھ شک نہیں خوف دلاؤ۔ اُس روز ایک فریق بہشت میں ہوگا اور ایک فریق دوزخ میں ؏
١١-جاثیہ — ٢٠	هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ○	یہ (قرآن) لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں اور جو یقین رکھتے ہیں اُن کے لئے ہدایت اور رحمت ہے ؏
١٢-عبس- ١١ تا ١٦	كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ○ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ○ فِىْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ○ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ○ بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ ○ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ○	دیکھو یہ (قرآن) نصیحت ہے ؏ پس جو چاہے اُسے یاد رکھے ؏ قابلِ ادب ورقوں میں (لکھا ہوا) ؏ جو بلند مقام پر رکھے ہوئے (اور) پاک ہیں ؏ (ایسے) لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ؏ جو سردار اور نیکوکار ہیں ؏

قرآن، فیض بے پایاں ہے

١-ص — ٣٩	هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○	(ہمنے کہا) یہ ہماری بخشش ہے (چاہو تو) احسان کردیا (چاہو تو) رکھ چھوڑو (تم سے) کچھ حساب نہیں ہے ؏
٢-ضحیٰ — ١ تا ١١	وَالضُّحٰى ○ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ○	آفتاب کی روشنی کی قسم ؏ اور رات (کی تاریکی) کی جب چھا جائے ؏
	مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ○	(اے محمد) تمہارے پروردگار نے نہ تو تمکو چھوڑا اور نہ تمسے ناراض ہوا ؏
	وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ○	اور آخرت تمہارے لئے پہلی (حالت یعنی دنیا) سے کہیں بہتر ہے ؏
	وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ○	اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائیگا کہ تم خوش ہو جاؤ گے ؏
	اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ○	بھلا اُسنے تمہیں یتیم پاکر جگہ نہیں دی (بیشک دی) ؏
	وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ○	اور رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا ؏
	وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ○	اور تنگدست پایا تو غنی کر دیا ؏
	فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ○	تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا ؏
	وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ○	اور مانگنے والوں کو جھڑکی نہ دینا ؏
	وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ○	اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا بیان کرتے رہنا ؏

Marfat.com

خدانے انسان کو دنیا میں اپنا نائب بنایا

یہ امر کہ خدانے انسان کو دنیا میں اپنا نائب بنایا زیادہ وضاحت طلب نہیں ہے کیونکہ قرآنی آیات میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ اس کی تفصیلات موجود ہیں جو کہ ذیل میں درج کی جاتی ہیں :-

۱- بقرہ ۳۰ تا ۳۸

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○

اور (وہ وقت یاد کرنیکے قابل ہی) جب تمہارے پرودگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین میں (اپنا) نائب بنانیوالا ہوں، انھوں نے کہا کیا تو اسمیں ایسے شخص کو نائب بنانا چاہتا ہے جو خرابیاں کرے اور کشت وخون کرتا پھرے اور ہم تیری تعریف کیساتھ تسبیح و تقدیس کرتے رہتے ہیں (خدانے) فرمایا میں وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ٭

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَی الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِئُوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ○

اور اُس نے آدم کو سب (چیزوں کے) نام سکھائے پھر اُن کو فرشتوں کے سامنے کیا اور فرمایا کہ اگر سچے ہو تو مجھے اُن کے نام بتاؤ ٭

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ○

اُنھوں نے کہا تو پاک ہے جتنا علم تونے ہمیں بخشا ہی اسکے سوا ہمیں کچھ معلوم نہیں بیشک تو دانا (اور) حکمت والا ہے

قَالَ یٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ○

(تب) خدانے آدم کو حکم دیا کہ آدم! تم انکو ان (چیزوں) کے نام بتاؤ جب انھوں نے انکو انکے نام بتائے تو (فرشتوں سے) فرمایا کیوں میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی (سب) پوشیدہ باتیں جانتا ہوں اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو پوشیدہ کرتے ہو (سب) مجھ کو معلوم ہے

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ

اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے سجدہ کرو تو وہ سب سجدے میں گر گئے مگر شیطان نے انکار

Marfat.com

	أَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ○	کیا اور غرور میں آکر کافر بن گیا ۔
	وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○	اور ہمنے کہا کہ اے آدم تم اور تمہاری بیوی بہشت میں رہو اور جہاں سے چاہو بے روک ٹوک کھاؤ (پیو) لیکن اس درخت کے پاس نہ جانا نہیں تو ظالموں میں (داخل) ہو جاؤ گے ۔
	فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ○	پھر شیطان نے دونوں کو وہاں سے پھسلا دیا اور جس (عیش و نشاط) میں تھے اُس سے انکو نکلوا دیا۔ تب ہمنے حکم دیا کہ (بہشت بریں سے) چلے جاؤ تم ایکدوسرے کے دشمن ہو اور تمہارے لئے زمین میں ایک وقت تک ٹھکانا اور معاش (مقرر کر دیا گیا) ہے ۔
	فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○	پھر آدم نے اپنے پروردگار سے کچھ کلمات سیکھے اور معافی مانگی تو اُس نے اُن کا قصور معاف کر دیا، بیشک وہ معاف کرنیوالا (اور) صاحب رحم ہے ۔
	قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○	ہم نے فرمایا کہ تم سب یہاں سے اُتر جاؤ جب تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت پہنچے تو (اُسکی پیروی کرنا کہ) جنھوں نے میری ہدایت کی پیروی کی اُن کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہونگے ۔
۲-انعام — ۱۶۶	وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِىْ مَآ اٰتٰكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۡ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○	اور وہی تو ہے جس نے زمین میں تم کو اپنا نائب بنایا، اور ایک کے دوسرے پر درجے بلند کیئے تاکہ جو کچھ اُسنے تمہیں بخشا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے بیشک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے اور بیشک وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے ۔
۳-اعراف — ۱۱	وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ڰ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ لَمْ يَكُنْ	اور ہم ہی نے تم کو (ابتدا میں مٹی سے) پیدا کیا، پھر تمہاری شکل و صورت بنائی، پھر فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے سجدہ کرو تو (سب نے) سجدہ کیا لیکن ابلیس

Marfat.com

مِنَ السّٰجِدِيْنَ ○

کہ وہ سجدہ کرنے میں شامل نہ ہوا ؞

۴۔ اعراف ۱۹تا۲۵

وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○

اور (ہم نے) آدم (سے کہا کہ) تم اور تمہاری بیوی بہشت میں رہو سہو اور جہاں سے چاہو (اور جو چاہو) نوش جان کرو مگر اُس درخت کے پاس نہ جانا، ورنہ گنہگار ہو جاؤ گے ؞

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ○

تو شیطان دونوں کو بہکانے لگا تاکہ اُن کے ستر کی چیزیں جو اُن سے پوشیدہ تھیں کھول دے اور کہنے لگا کہ تم کو تمہارے پروردگار نے اس درخت سے صرف اس لئے منع کیا ہے کہ تم فرشتے نہ بن جاؤ یا ہمیشہ جیتے نہ رہو ؞

وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ○

اور ان سے قسم کھا کر کہا کہ میں تو تمہارا خیر خواہ ہوں ؞

فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۗ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○

غرض (مردود نے) دھوکا دیکر اُنکو (معصیت کیطرف) کھینچ ہی لیا جب انہوں نے اس درخت (کے پھل) کو کھا لیا تو اُنکے ستر کی چیزیں کھل گئیں اور وہ بہشت کے (درختوں کے) پتے توڑ توڑ کر اپنے اوپر چپکانے (اور ستر چھپانے) لگے تب اُنکے پروردگار نے اُنکو پکارا کہ کیا میں نے تم کو اس درخت کے پاس جانے سے منع نہیں کیا تھا اور جتا نہیں دیا تھا کہ شیطان تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے؟

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

دونوں عرض کرنے لگے کہ پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کریگا تو ہم تباہ ہو جائیں گے ؞

قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ○

(خدا نے) فرمایا (تم سب بہشت سے) اُتر جاؤ (اب سے) تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہارے لئے ایک وقت خاص تک زمین پر ٹھکانا اور (زندگی کا) سامان (کر دیا گیا) ہے ؞

قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ○

(یعنی) کہا کہ اُسی میں تمہارا جینا ہوگا اور اُسی میں مرنا اور اُسی میں سے (قیامت کو زندہ کر کے) نکالے جاؤ گے ؞

Marfat.com

۵۔ یونس ــــ ۱۴	ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ○	پھر ہمنے ان کے بعد تم لوگوں کو ملک میں خلیفہ بنایا تاکہ دیکھیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو ؛
۶۔ حجر ــــ ۲۶ تا ۲۹	وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ○	اور ہمنے انسان کو کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا ہے ؛
	وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ○	اور جنوں کو اس سے بھی پہلے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا تھا ؛
	وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ○ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ○	اور جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے ایک بشر بنانیوالا ہوں جب اسکو (صورت انسانیہ میں) درست کروں اور اسمیں اپنی (بے بہا چیز یعنی) روح پھونک دوں تو اسکے آگے سجدے میں گر پڑنا ؛
۷۔ بنی اسرائیل ــــ ۷۰	وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰی كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ○	اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی ؛
۸۔ طٰہٰ ــــ ۱۱۵	وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓی اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ○	اور ہمنے پہلے آدم سے عہد لیا تھا مگر وہ (اُسے) بھول گئے اور ہمنے اُن میں صبر و ثبات نہ دیکھا ؛
۹۔ طٰہٰ ۱۱۷ تا ۱۲۱	فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰی ○	ہم نے فرمایا کہ آدم یہ تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے تو یہ کہیں تم دونوں کو بہشت سے نکلوا نہ دے پھر تم تکلیف میں پڑ جاؤ ؛
	اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰی ○	یہاں تم کو یہ (آسائش) ہے کہ نہ بھوکے ہو نہ ننگے ؛
	وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰی ○	اور یہ کہ نہ پیاسے رہو اور نہ دھوپ کھاؤ ؛
	فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰی شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَ مُلْكٍ لَّا يَبْلٰی ○	تو شیطان نے اسکے دل میں وسوسہ ڈالا اور کہا کہ آدم بھلا میں تمکو (ایسا) درخت بتاؤں (جو) ہمیشہ کی زندگی کا (ثمرہ دے) اور (ایسی) بادشاہت کہ کبھی زائل نہ ہو ؛
	فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا	تو دونوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا تو ان پر انکی شرمگاہیں

Marfat.com

	وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۚ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ۝	ظاہر ہوگئیں اور وہ اپنے بدنوں پر بہشت کے پتے چپکانے لگے اور آدم نے اپنے پروردگار کے (حکم کے) خلاف کیا تو (وہ) اپنے مطلوب سے بے راہ ہوگئے ۔
۱۰۔ص ۔۷۱ تا ۷۲	اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ۝	جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں مٹی سے انسان بنانے والا ہوں ۔
	فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِىْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝	جب اس کو درست کرلوں اور اسمیں اپنی روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا ۔

قرآن کے حوالجات تو اس حد تک ختم کیے جاتے ہیں اور اسکے بعد عرض ہے کہ خالق العالمین مجموعۂ صفات ہے ۔ اُس نے اپنی صفات کا ایک جزو بنی آدم کو بخشا اور اپنا نائب بنا کر دُنیا میں اُتار دیا ۔ جو صفات بنی آدم کو بخشی گئیں اُن میں غور و فکر کا مادّہ، بُرے بھلے کی تمیز اور صحیح فیصلہ کی صلاحیت شامل تھیں ۔ ان خوبیوں کے ودیعت کرنے کے بعد بنی آدم کو ہدایت فرمائی کہ سابقہ کوتاہیوں کی بنا پر جو تم سے سرزد ہوئی ہیں تم کو آزمائش میں مبتلا ہونے کے لئے ایک مقررہ مدت تک دُنیا میں رہنا اور پھر میرے پاس آنا ہوگا ۔ دنیا میں جتنا قیام رہے گا اُس کے دوران جس نے میری ہدایات پر عمل کیا اور اچھے کام کئے انھوں نے اپنی دُنیا اور عقبیٰ کو سنوار لیا اور جنھوں نے ہدایات کی پیروی نہ کی اور بُرے اعمال کئے وہ خسارے میں رہے ۔

چنانچہ اپنی ازلی کمزوریوں کی وجہ سے بنی آدم دو گروہوں میں بٹ گئے ۔ ایک گروہ وہ جو اللہ کی بخشی ہوئی خوبیوں کا جائز استعمال کرتا رہا، اُس کی بتائی ہوئی راہوں پر چلتا رہا، اُس کی ہدایات پر عمل کرتا رہا، اُس کو دُنیا اور آخرت میں اعلیٰ مقامات عطا کئے گئے ۔ اس کے برعکس دوسرا گروہ جس نے خدا کی بخشی ہوئی قوتوں اور صلاحیتوں سے ناجائز فائدہ اُٹھایا وہ خسارے میں پڑ گئے اور اپنی دُنیا اور عاقبت خراب کر کے اللہ کے فضل سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محروم ہوگئے ۔ اس طرح سے حق و باطل کی تفریق ہوگئی جنکی تفصیلات آئندہ صفحات پر درج ہیں ۔

Marfat.com

مومنوں کا گروہ

یہ گروہ ہمیشہ حق شناس اور حق پسند رہا۔ حق کا ہمیشہ ساتھ دیا۔ خدا کی بتائی ہوئی راہوں پر چلتا رہا۔ کبھی گمراہی اختیار نہیں کی۔ اس گروہ پر ہمیشہ خدا کا فضل رہا جیسا کہ حسب ذیل آیات سے ثابت ہوتا ہے :-

۱۔ بقرہ ــــ ۲۱۳	كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۚ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ إِلَّا الَّذِيْنَ أُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ ۗ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○	(پہلے تو سب) لوگوں کا ایک ہی مذہب تھا (لیکن وہ آپس میں اختلاف کرنے لگے) تو خدا نے (اُنکی طرف) بشارت دینے والے اور ڈر سُنانے والے پیغمبر بھیجے اور اُن پر سچائی کیساتھ کتابیں نازل کیں تاکہ جن اُمور میں لوگ اختلاف کرتے تھے اُن کا اُنمیں فیصلہ کردے اور اسمیں اختلاف بھی اُنھیں لوگوں نے کیا جن کو کتاب دی گئی تھی، باوجودیکہ اُنکے پاس کھُلے ہوئے احکام آچکے تھے اور یہ اختلاف اُنھوں نے صرف آپس کی ضد سے کیا) تو جس امر حق میں وہ اختلاف کرتے تھے خدا نے اپنی مہربانی سے مومنوں کو اُسکی راہ دکھادی اور خدا جسکو چاہتا ہے سیدھا رستہ دکھادیتا ہے
۲۔ آلِ عمران ــــ ۱۶۴	لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ أَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَإِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○	خدا نے مومنوں پر بڑا احسان کیا ہے کہ انمیں اُنھیں میں سے ایک پیغمبر بھیجے جو اُن کو خدا کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سُناتے اور اُن کو پاک کرتے اور (خدا) کی کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔ اور پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے ؛
۳۔ آلِ عمران ــــ ۱۹۳	رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْإِيْمَانِ أَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ○	اے پروردگار ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سُنا کہ ایمان کے لئے پکار رہا تھا (یعنی) اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے پروردگار ہمارے گناہ معاف فرما۔ اور ہماری بُرائیوں کو ہم سے محو کر اور ہم کو دُنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اُٹھا ؛

Marfat.com

نساء ــــ ۱۱۳	وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ○	اور اگر تم پر خدا کا فضل اور مہربانی نہ ہوتی تو اُن میں سے ایک جماعت تم کو بہکانے کا قصد کر ہی چکی تھی۔ اور یہ اپنے سوا (کسی کو) بہکا نہیں سکتے اور نہ تمہارا کچھ بگاڑ سکتے ہیں اور خدا نے تم پر کتاب اور دانائی نازل فرمائی ہے اور تمہیں وہ باتیں سکھائی ہیں جو تم جانتے نہیں تھے اور تم پر خدا کا بڑا فضل ہے ؛
انفال ــــ ۳ تا ۴	اَلَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ○	(اور) وہ جو نماز پڑھتے ہیں اور جو مال ہم نے انکو دیا ہے اُسمیں سے (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں ؛ یہی سچے مومن ہیں اور اُن کے لئے پروردگار کے ہاں (بڑے بڑے) درجے اور بخشش اور عزت کی روزی ہے ؛
توبہ ــــ ۷۱	وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○	اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں کہ اچھے کام کرنے کو کہتے اور بُری باتوں سے منع کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور خدا اور اُس کے پیغمبر کی اطاعت کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن پر رحم کرے گا۔ بیشک خدا غالب حکمت والا ہے ؛
توبہ ــــ ۱۱۲	اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○	توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے۔ حمد کرنیوالے روزہ رکھنے والے۔ رکوع کرنے والے۔ سجدہ کرنے والے۔ نیک کاموں کا امر کرنے والے۔ بُری باتوں سے منع کرنے والے۔ خدا کی حدوں کی حفاظت کرنے والے (یہی مومن لوگ ہیں) اور اے پیغمبر مومنوں کو (بہشت کی) خوشخبری سُنا دو ؛
توبہ ــــ ۱۱۹	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ○	اے اہل ایمان! خدا سے ڈرتے رہو اور راستبازوں کے ساتھ رہو ؛

Marfat.com

انبیاء — ۴۸ تا ۴۹	وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِیَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِیْنَ ○	اور ہم نے موسیٰ اور ہارون کو (ہدایت اور گمراہی میں) فرق کر دینے والی اور (سرتاپا) روشنی اور نصیحت (کی کتاب) عطا کی (یعنی) پرہیزگاروں کے لئے ۔
	الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ○	جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اور قیامت کا بھی خوف رکھتے ہیں ۔
انبیاء — ۹۴	فَمَنْ یَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْیِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ○	جو نیک کام کرے گا اور مومن بھی ہو گا تو اسکی کوشش رائگاں نہ جائے گی ۔ اور ہم اُس کے لئے (ثواب اعمال) لکھ رہے ہیں ۔
حج — ۷۷	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○	مومنو! رکوع کرتے اور سجدے کرتے اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتے رہو اور نیک کام کرو تاکہ فلاح پاؤ ۔
مومنون — ۵۷ تا ۶۱	اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ خَشْیَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ○	جو لوگ اپنے پروردگار کے خوف سے ڈرتے ہیں ۔
	وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ یُؤْمِنُوْنَ ○	اور جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں ۔
	وَالَّذِیْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا یُشْرِكُوْنَ ○	اور جو اپنے پروردگار کے ساتھ شریک نہیں کرتے ۔
	وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَاۤ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ○	اور جو دے سکتے ہیں دیتے ہیں اور انکے دل اس بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ ان کو اپنے پروردگار کیطرف لوٹ کر جانا ہے ۔
	اُولٰٓئِكَ یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ○	یہی لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے اور یہی اُن کے لئے آگے نکل جاتے ہیں ۔
محمد — ۳۳	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ○	مومنو! خدا کا ارشاد مانو اور پیغمبر کی فرمانبرداری کرو اور اپنے عملوں کو ضائع نہ ہونے دو ۔
حجرات — ۱۵	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ○	مومن تو وہ ہیں جو خدا اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر شک میں نہ پڑے اور خدا کی راہ میں جان اور مال سے لڑے ۔ یہی لوگ (ایمان کے) سچے ہیں ۔

Marfat.com

گمراہوں کا گروہ

اس ضمن میں جاہل، ضدی، ہٹ دھرم اور بلاوجہ پریشان کرنے والے سب لوگ شریک ہیں۔ یہ لوگ کبھی خدا کی بتلائی ہوئی راہوں پر نہیں چلے اور ہمیشہ خدا کے نامقبول بندے بنے رہے جیسا کہ حسب ذیل آیات سے ظاہر ہوتا ہے :-

بقرہ ـــــ ۶ تا ۱۶

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنْذَرْتَهُمْ	جو لوگ کافر ہیں انھیں تم نصیحت کرو یا نہ کرو اُن کے
أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○	لئے برابر ہے۔ وہ ایمان نہیں لانے کے ؛
خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ط	خدا نے اُن کے دلوں اور کانوں پر مُہر لگا رکھی ہے
وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز وَلَهُمْ	اور اُن کی آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ہے اور ان کے
عَذَابٌ عَظِيمٌ ○	لئے بڑا عذاب (تیار) ہے ؛
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ	اور بعض لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم خدا پر اور روزِ
وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ ○	آخرت پر ایمان رکھتے ہیں حالانکہ وہ ایمان نہیں رکھتے ؛
يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا ج	یہ (اپنے پندار میں) خدا کو اور مومنوں کو چکما دیتے ہیں
وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا	مگر (حقیقت میں) اپنے سوا کسی کو چکما نہیں دیتے
يَشْعُرُونَ ○	اور اس سے بے خبر ہیں ؛
فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ لا فَزَادَهُمُ اللَّهُ	اِن کے دلوں میں (کفر کا) مرض تھا خدا نے اُن کا
مَرَضًا ج وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۵	مرض اور زیادہ کر دیا اور اُن کے جھوٹ بولنے کے
بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ○	سبب اُن کو دُکھ دینے والا عذاب ہوگا ؛
وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ لا	اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ
قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ○	ڈالو تو کہتے ہیں کہ ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں ؛
أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِنْ	دیکھو! یہ بلاشبہ مُفسد ہیں لیکن خبر
لَا يَشْعُرُونَ ○	نہیں رکھتے ؛
وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ	اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ جس طرح اور لوگ
النَّاسُ قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا آمَنَ	ایمان لے آئے تم بھی ایمان لے آؤ تو کہتے ہیں بھلا
السُّفَهَاءُ ط أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ	جس طرح بیوقوف ایمان لے آئے ہیں اسی طرح ہم بھی ایمان

Marfat.com

حوالہ	آیات	ترجمہ
	وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ○	لے آئیں؟ سن لو کہ یہی بیوقوف ہیں لیکن نہیں جانتے ؛
	وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ○	اور یہ لوگ جب مومنوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں میں جاتے ہیں تو (اُن سے) کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اور (پیروانِ محمدؐ سے) تو ہم ہنسی کیا کرتے ہیں ؛
	اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○	اِن (منافقوں) سے خدا ہنسی کرتا ہے اور انہیں مہلت دیئے جاتا ہے کہ شرارت و سرکشی میں پڑے بہک رہے ہیں ؛
	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ○	یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی خریدی تو نہ تو اُنکی تجارت ہی نے کچھ نفع دیا اور نہ وہ ہدایت یاب ہی ہوئے ؛
بقرہ — ۷۶ تا ۷۸	وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○	اور یہ لوگ جب مومنوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں اور جس وقت آپس میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں جو بات خدا نے تم پر ظاہر فرمائی ہے وہ تم ان کو اسلئے بتائے دیتے ہو کہ (قیامت کے دن) اسی کے حوالے سے تمہارے پروردگار کے سامنے تم کو الزام دیں۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ ؛
	اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ○	کیا یہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ جو کچھ یہ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں خدا کو (سب) معلوم ہے ؛
	وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ○	اور بعض اُن میں اَن پڑھ ہیں کہ اپنے خیالاتِ باطل کے سوا (خدا کی) کتاب سے واقف ہی نہیں اور وہ صرف ظن سے کام لیتے ہیں ؛
بقرہ — ۱۱۸	وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ۭ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ۭ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ	اور جو لوگ (کچھ) نہیں جانتے (یعنی مشرک) وہ کہتے ہیں کہ خدا ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی۔ اسی طرح جو لوگ اُن سے پہلے تھے وہ بھی اُنہی کی سی باتیں کیا کرتے تھے۔ ان لوگوں کے دل آپس میں ملتے جلتے ہیں جو لوگ صاحبِ

Marfat.com

حوالہ	آیت	ترجمہ
	قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝	یقین ہیں انکے (سمجھانے کے) لیے ہمنے نشانیاں بیان کردی ہیں
بقرہ ۔ ۲۰۴ تا ۲۰۶	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝	اور کوئی شخص تو ایسا ہے جس کی گفتگو دنیا کی زندگی میں تم کو دلکش معلوم ہوتی ہے اور وہ اپنے مافی الضمیر پر خدا کو گواہ بناتا ہے حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے ۔ اور جب پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تاکہ اس میں فتنہ انگیزی کرے اور کھیتی کو برباد اور (انسانوں اور حیوانوں کی) نسل کو نابود کر دے اور خدا فتنہ انگیزی کو پسند نہیں کرتا ۔
	وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝	اور جب اس سے کہا جاتا ہے کہ خدا سے خوف کر تو غرور اس کو گناہ میں پھنسا دیتا ہے سو ایسے کو جہنم سزاوار ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے ۔
بقرہ ۔ ۲۱۳	كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۣ فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝	(پہلے تو سب) لوگوں کا ایک ہی مذہب تھا (لیکن وہ آپس میں اختلاف کرنے لگے) تو خدا نے (ان کی طرف) بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے پیغمبر بھیجے اور ان پر سچائی کے ساتھ کتابیں نازل کیں تاکہ جن امور میں لوگ اختلاف کرتے تھے انکا ان میں فیصلہ کر دے ۔ اور اسمیں اختلاف بھی انہیں لوگوں نے کیا جن کو کتاب دی گئی تھی باوجودیکہ انکے پاس کھلے ہوئے احکام آچکے تھے (اور یہ اختلاف انہوں نے صرف) آپس کی ضد سے (کیا)، تو جس امر حق میں وہ اختلاف کرتے تھے خدا نے اپنی مہربانی سے مومنوں کو اسکی راہ دکھا دی اور خدا جس کو چاہتا ہے سیدھا رستہ دکھا دیتا ہے ۔
بقرہ ۔ ۲۵۷	اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔــهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ	جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کا دوست خدا ہے کہ اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لیجاتا ہے اور جو کافر ہیں ان کے دوست شیطان ہیں کہ ان کو روشنی سے نکال کر اندھیرے میں لیجاتے ہیں یہی لوگ اہل دوزخ ہیں

Marfat.com

	النَّارِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُوْنَ ○	کہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ۞
آلِ عمران ـــ ۱۹	إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ قف وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا م بَيْنَهُمْ ط وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○	دین تو خدا کے نزدیک اسلام ہے۔ اور اہل کتاب نے جو (اس دین سے) اختلاف کیا تو علم حاصل ہونے کے بعد آپس کی ضد سے کیا۔ اور جو شخص خدا کی آیتوں کو نہ مانے تو خدا جلد حساب لینے والا (اور سزا دینے والا) ہے ۞
آلِ عمران ۱۰۵ تا ۱۰۸	وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ط وَأُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○	اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہوگئے اور احکام بیّن آنے کے بعد ایک دوسرے سے (خلاف و) اختلاف کرنے لگے یہ وہ لوگ ہیں جن کو (قیامت کے دن) بڑا عذاب ہوگا ۞
	يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ج فَأَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ قف أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○	جس دن بہت سے منہ سفید ہونگے اور بہت سے سیاہ تو جن لوگوں کے منہ سیاہ ہونگے (اُن سے خدا فرمائے گا) کیا تم ایمان لاکر کافر ہوگئے تھے؟ سو (اب) اُس کفر کے بدلے عذاب (کے مزے) چکھو ۞
	وَأَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ط هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○	اور جن لوگوں کے منہ سفید ہونگے وہ خدا کی رحمت (کے باغوں) میں ہونگے اور اُنمیں ہمیشہ رہیں گے ۞
	تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ط وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ○	یہ خدا کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو صحت کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں۔ اور خدا اہل عالم پر ظلم نہیں کرنا چاہتا ۞
آلِ عمران ـــ ۱۲۰	إِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ز وَإِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ط وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا ط إِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ○	اگر تمہیں آسودگی حاصل ہو تو اُن کو بُری لگتی ہے اور اگر رنج پہنچے تو خوش ہوتے ہیں اور اگر تم تکلیفوں کی برداشت اور (ان سے) کنارہ کشی کرتے رہوگے تو اُن کا فریب تمہیں کچھ بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یہ جو کچھ کرتے ہیں خدا اُس پر احاطہ کئے ہوئے ہے ۞
آلِ عمران ۱۷۶ تا ۱۷۸	وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ج إِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ	اور جو لوگ کفر میں جلدی کرتے ہیں اُن (کی وجہ) سے غمگین نہ ہونا۔ یہ خدا کا کچھ نقصان نہیں کرسکتے۔ خدا

Marfat.com

	شَيْـًٔا ۚ يُرِيدُ اللَّهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○	چاہتا ہے کہ آخرت میں اُن کو کچھ حصہ نہ دے اور اُن کے لئے بڑا عذاب (تیار) ہے ؏	
	إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ج وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○	جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر خریدا وہ خدا کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور اُن کو دُکھ دینے والا عذاب ہوگا ؏	
	وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِأَنْفُسِهِمْ ۚ إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا ج وَلَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ○	اور کافر لوگ یہ نہ خیال کریں کہ ہم جو اُن کو مہلت دیئے جاتے ہیں تو یہ اُن کے حق میں اچھا ہے (نہیں بلکہ) ہم ان کو اس لئے مہلت دیتے ہیں کہ اور گناہ کرلیں، آخرکار اُن کو ذلیل کرنے والا عذاب ہوگا ؏	
نساء ـــــ ۱۱۵	وَمَنْ يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ط وَسَاءَتْ مَصِيرًا ○	اور جو شخص سیدھا رستہ معلوم ہونے کے بعد پیغمبر کی مخالفت کرے اور مومنوں کے رستے کے سوا اور رستے پر چلے تو جدھر وہ چلتا ہے ہم اُسے اُدھر ہی چلنے دیں گے اور (قیامت کے دن) جہنم میں داخل کریں گے اور وہ بُری جگہ ہے ؏	
مائدہ ـــــ ۷۷	قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوا أَهْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا مِنْ قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَضَلُّوا عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ ○	کہو کہ اے اہل کتاب اپنے دین (کی بات) میں ناحق مبالغہ نہ کرو اور ایسے لوگوں کی خواہشوں کے پیچھے نہ چلو جو (خود بھی) پہلے گمراہ ہوئے اور بھی اکثروں کو گمراہ کر گئے اور سیدھے رستے سے بھٹک گئے ؏	
انعام ـــــ ۵	فَقَدْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ○	جب اُن کے پاس حق آیا تو اس کو بھی جھٹلا دیا سو اُن کو اُن چیزوں کا جن سے یہ استہزاء کرتے ہیں عنقریب انجام معلوم ہو جائے گا ؏	
انعام ـــــ ۷	وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ○	اور اگر ہم تم پر کاغذوں پر لکھی ہوئی کتاب نازل کرتے اور یہ اُسے اپنے ہاتھوں سے ٹٹول بھی لیتے تو جو کافر ہیں وہ یہی کہہ دیتے کہ یہ تو (صاف اور) صریح جادو ہے ؏	

Marfat.com

انعام ــــ ۱۱	قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ○	کہو کہ (اے منکرینِ رسالت) ملک میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا ۔
انعام ۔ ۲۵ تا ۲۶	وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَإِنْ يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا بِهَا ۚ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوكَ يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ○ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ ۚ وَإِنْ يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ○	اور اُن میں بعض ایسے ہیں کہ تمہاری (باتوں کی) طرف کان رکھتے ہیں اور ہم نے اُنکے دلوں پر تو پردے ڈال دیئے ہیں کہ اُن کو سمجھ نہ سکیں اور کانوں میں ثقل پیدا کر دیا ہے (کہ سُن نہ سکیں) اور اگر یہ تمام نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی تو ان پر ایمان لائیں یہانتک کہ جب تمہارے پاس تم سے بحث کرنے کو آتے ہیں تو جو کافر ہیں کہتے ہیں یہ (قرآن) اور کچھ بھی نہیں صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ۔ وہ اس سے (اوروں کو بھی) روکتے ہیں اور خود بھی پرے رہتے ہیں مگر (ان باتوں سے) اپنے آپ ہی کو ہلاک کرتے ہیں اور (اس سے) بے خبر ہیں ۔
انعام ــــ ۳۳	قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ○	ہم کو معلوم ہے کہ ان (کافروں) کی باتیں تمہیں رنج پہنچاتی ہیں (مگر) یہ تمہاری تکذیب نہیں کرتے بلکہ ظالم خدا کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں ۔
انعام ــــ ۴۴ تا ۴۵	فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ۖ حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُونَ ○ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○	پھر جب اُنہوں نے اُس نصیحت کو جو اُن کو کی گئی تھی فراموش کر دیا تو ہم نے اُن پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہانتک کہ جب ان چیزوں سے جو اُنکو دی گئی تھیں خوب خوش ہو گئے تو ہم نے اُنکو ناگہاں پکڑ لیا اور وہ اُسوقت مایوس ہو کر رہ گئے ۔ غرض ظالم لوگوں کی جڑ کاٹ دی گئی اور سب تعریف خدائے رب العالمین ہی کو سزاوار ہے ۔
انعام ــــ ۱۴۹	سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ	جو لوگ شرک کرتے ہیں وہ کہیں گے کہ اگر خدا چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا شرک کرتے اور نہ ہم کسی چیز کو حرام ٹھیراتے ۔ اسی طرح

Marfat.com

	الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ۝	ان لوگوں نے تکذیب کی تھی جو اُن سے پہلے تھے یہاں تک کہ ہمارے عذاب کا مزہ چکھ کر رہے۔ کہدو کیا تمہارے پاس کوئی سند ہے (اگر ہے) تو اُسے ہمارے سامنے نکالو تم محض خیال کے پیچھے چلتے اور اٹکل کے تیر چلاتے ہو۔
انعام ـــــ ۱۵۸	اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّاۤ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّاۤ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ۝	یا (یہ نہ) کہو کہ اگر ہم پر بھی کتاب نازل ہوئی تو ہم ان لوگوں کی نسبت کہیں سیدھے رستے پر ہوتے۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے دلیل اور ہدایت اور رحمت آگئی ہے تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو خدا کی آیتوں کی تکذیب کرے اور اُن سے (لوگوں کو) پھیرے۔ جو لوگ ہماری آیتوں سے پھیرتے ہیں اس پھیرنے کے سبب ہم اُن کو بڑے عذاب کی سزا دیں گے۔
اعراف ـــــ ۱۳۲	وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝	اور کہنے لگے کہ تم ہمارے پاس (خواہ) کوئی ہی نشانی لاؤ تاکہ اس سے ہم پر جادو کرو مگر ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔
اعراف ـــــ ۱۴۶	سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَىِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۝	جو لوگ زمین میں ناحق غرور کرتے ہیں اُن کو اپنی آیتوں سے پھیر دونگا۔ اگر یہ سب نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر راستی کا رستہ دیکھیں تو اُسے (اپنا) رستہ نہ بنائیں۔ اور اگر گمراہی کی راہ دیکھیں تو اُسے رستہ بنالیں۔ یہ اسلئے کہ انھوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور اُن سے غفلت کرتے رہے۔
اعراف ـــــ ۱۷۷	سَآءَ مَثَلًا ۨالْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝	جن لوگوں نے ہماری آیتوں کی تکذیب کی انکی مثال بری ہے اور انھوں نے نقصان کیا تو اپنا ہی کیا۔
انفال ـــــ ۵۵	اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝	جانداروں میں سب سے بدتر خدا کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو کافر ہیں سو وہ ایمان نہیں لاتے۔
توبہ ـــــ ۳۲	يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّاۤ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ	یہ چاہتے ہیں کہ خدا کے نور کو اپنے منہ سے (پھونک مار کر) بجھا دیں۔ اور خدا اپنے نور کو پورا کئے بغیر رہنے کا نہیں

Marfat.com

	الْكٰفِرُوْنَ ○	اگرچہ کافروں کو بُرا ہی لگے ؛
ابراہیم ــــ ۳	لِلَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ○	جو آخرت کی نسبت دُنیا کو پسند کرتے اور (لوگوں کو) خدا کے رستے سے روکتے اور اس میں کجی چاہتے ہیں۔ یہ لوگ پرلے سرے کی گمراہی میں ہیں ؛
ابراہیم ــــ ۴۶	وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ○	اور اُنھوں نے (بڑی بڑی) تدبیریں کیں اور انکی (سب) تدبیریں خدا کے ہاں (لکھی ہوئی) ہیں گو وہ تدبیریں (ایسی غضب کی) تھیں کہ اُن سے پہاڑ بھی ٹل جائیں ؛
نحل ــــ ۸۳	يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ○	یہ خدا کی نعمتوں سے واقف ہیں مگر (واقف ہو کر) اُن سے انکار کرتے ہیں اور یہ اکثر ناشکرے ہیں ؛
نحل ــــ ۱۰۵	اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ○	جھوٹ افترا تو وہی لوگ کیا کرتے ہیں جو خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے۔ اور وہی جھوٹے ہیں ؛
بنی اسرائیل ۴۵ تا ۴۸	وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ○	اور جب تم قرآن پڑھا کرتے ہو تو ہم تم میں اور اُن لوگوں میں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے حجاب پر حجاب کر دیتے ہیں ؛
	وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ○	اور اُن کے دلوں پر پردہ ڈال دیتے ہیں کہ اُسے سمجھ نہ سکیں اور اُن کے کانوں میں ثقل پیدا کر دیتے ہیں اور جب تم قرآن میں اپنے پروردگار یکتا کا ذکر کرتے ہو تو وہ بدک جاتے اور پیٹھ پھیر کر چل دیتے ہیں ؛
	نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ○	یہ لوگ جب تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو جس نیت سے یہ سُنتے ہیں ہم اُسے خوب جانتے ہیں اور جب یہ سرگوشیاں کرتے ہیں (یعنی) جب ظالم کہتے ہیں کہ تم تو ایک ایسے شخص کی پیروی کرتے ہو جس پر جادو کیا گیا ہے ؛
	اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا	دیکھو اُنھوں نے کس کس طرح کی تمہارے بارے میں باتیں بنائی ہیں

Marfat.com

	فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ○	سو یہ گمراہ ہو رہے ہیں اور رستہ نہیں پا سکتے ۔
بنی اسرائیل ـ ۸۹	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ○	اور ہم نے قرآن میں سب باتیں طرح طرح سے بیان کر دی ہیں مگر اکثر لوگوں نے انکار کرنے کے سوا قبول نہ کیا ۔
بنی اسرائیل ـ ۱۰۷	قُلْ آمِنُوا بِهِ أَوْ لَا تُؤْمِنُوا ۚ إِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهِ إِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ سُجَّدًا ○	کہدو کہ تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ (یہ فی نفسہٖ حق ہے) جن لوگوں کو اس سے پہلے علم (کتاب) دیا گیا ہے جب وہ انکو پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں ۔
کہف ـ ۵۴ تا ۵۷	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ○	اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کے سمجھانے) کے لئے طرح طرح کی مثالیں بیان فرمائی ہیں لیکن انسان سب چیزوں سے بڑھ کر جھگڑالو ہے ۔
	وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَنْ يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ○	اور لوگوں کے پاس جب ہدایت آگئی تو اُن کو کس چیز نے منع کیا کہ ایمان لائیں اور اپنے پروردگار سے بخشش مانگیں بجز اسکے کہ (اس بات کے منتظر ہوں کہ) انھیں بھی پہلوں کا سا معاملہ پیش آئے یا اُن پر عذاب سامنے موجود ہو ۔
	وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنْذِرُوا هُزُوًا ○	اور ہم جو پیغمبروں کو بھیجا کرتے ہیں تو صرف اسلئے کہ (لوگوں کو خدا کی نعمتوں کی) خوشخبریاں سنائیں اور (عذاب سے) ڈرائیں اور جو کافر ہیں وہ باطل (کی سند) سے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس سے حق کو پھسلا دیں اور انھوں نے ہماری آیتوں کو اور جس چیز سے انکو ڈرایا جاتا ہے ہنسی بنا لیا ۔
	وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِنْ تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَنْ يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ○	اور اُس سے ظالم کون جس کو اُسکے پروردگار کے کلام سے سمجھایا گیا تو اُس نے اس سے منہ پھیر لیا اور جو اعمال وہ آگے کر چکا انکو بھول گیا۔ ہم نے انکے دلوں پر پردے ڈال دیئے کہ اُسے سمجھ سکیں اور کانوں میں ثقل (پیدا کر دیا ہے کہ سن نہ سکیں) اور اگر تم انکو رستے کیطرف بلاؤ تو کبھی رستے پر نہ آئیں گے ۔

Marfat.com

مریم — ۹۷	فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ○	(اے پیغمبر ہم نے یہ قرآن تمہاری زبان میں آسان (نازل) کیا ہے تاکہ تم اس سے پرہیز گاروں کو خوشخبری پہنچا دو اور جھگڑالوؤں کو ڈر سنا دو
انبیاء — ۳	لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ○	اُن کے دل غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور ظالم لوگ (آپس میں) چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں کہ یہ شخص کچھ بھی نہیں مگر تمہارے جیسا آدمی ہے تو تم آنکھوں دیکھتے جادو (کی لپیٹ) میں کیوں آتے ہو ۔
انبیاء — ۴۲	قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ○	کہو کہ رات اور دن میں خدا سے تمہاری کون حفاظت کر سکتا ہے؟ بات یہ ہے کہ یہ اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے ہوئے ہیں ۔
انبیاء — ۴۵	قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاۗءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ○	کہہ دو کہ میں تم کو حکم خدا کے مطابق نصیحت کرتا ہوں اور بہروں کو جب نصیحت کی جائے تو وہ پکار کو سنتے ہی نہیں ۔
حج — ۸	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ○	اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو خدا (کی شان) میں بغیر علم و دانش کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب روشن کے جھگڑتا ہے
حج — ۷۲	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ اَلنَّارُ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ○	اور جب اُن کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو (اُن کی شکل بگڑ جاتی ہے اور) تم انکے چہروں میں صاف طور پر ناخوشی (کے آثار) دیکھتے ہو قریب ہوتے ہیں کہ جو لوگ اُن کو ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اُن پر حملہ کر دیں۔ کہہ دو کہ میں تم کو اس سے بھی بری چیز بتاؤں؟ وہ (دوزخ کی) آگ ہے جسکا خدا نے کافروں سے وعدہ کیا ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے ۔
مؤمنون — ۶۳	بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ	مگر اُنکے دل ان (باتوں) کیطرف سے غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور انکے سوا اور اعمال بھی ہیں جو یہ کرتے رہتے ہیں
مؤمنون — ۶۶	قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓي اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ○	میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی تھیں اور تم اُلٹے پاؤں پھر پھر جاتے تھے ۔
مؤمنون — ۶۹ تا ۷۱	اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ	یا یہ اپنے پیغمبر کو جانتے پہچانتے نہیں اسی وجہ

Marfat.com

	مُنْكِرُوْنَ ○	سے اُن کو نہیں مانتے ؟ ؛
	اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ○	کیا یہ کہتے ہیں کہ اسے سودا ہے (نہیں) بلکہ وہ اُن کے پاس حق کو لے کر آئے ہیں اور اُن میں سے اکثر حق کو ناپسند کرتے ہیں ؛
	وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ○	اور اگر خدائے برحق اُنکی خواہشوں پر چلے تو آسمان اور زمین اور جو اُن میں ہیں سب درہم برہم ہو جائیں۔ بلکہ ہم نے اُن کے پاس اُن کی نصیحت (کی کتاب) پہنچا دی ہے اور وہ اپنی (کتاب) نصیحت سے منہ پھیر رہے ہیں ؛
مومنون — ۷۴	وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ○	اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ رستے سے الگ ہو رہے ہیں ؛
مومنون ۸۴ تا ۹۰	قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○	کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو (بتاؤ کہ) زمین اور جو کچھ زمین میں ہے (سب) کس کا مال ہے ؛
	سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ○	جھٹ بول اُٹھیں گے کہ خدا کا۔ کہو کہ پھر تم سوچتے کیوں نہیں ؛
	قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○	(ان سے) پوچھو کہ سات آسمانوں کا کون مالک ہے اور عرش عظیم کا (کون) مالک (ہے) ؟ ؛
	سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○	بےساختہ کہہ دینگے کہ (یہ چیزیں) خدا ہی کی ہیں۔ کہو کہ پھر تم ڈرتے کیوں نہیں ؛
	قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○	کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو (بتاؤ کہ) وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اسکے مقابل کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا ؛
	سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ○	فوراً کہہ دینگے کہ (ایسی بادشاہی تو) خدا ہی کی ہے کہو کہ پھر تم پر جادو کہاں سے پڑ جاتا ہے ؛
	بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○	بات یہ ہے کہ ہم نے اُنکے پاس حق پہنچا دیا ہے اور یہ (جو بت پرستی کئے جاتے ہیں) بیشک جھوٹے ہیں ؛
روم ۵۸ تا ۵۹	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ	اور ہم نے لوگوں کے سمجھانے کیلئے اس قرآن میں ہر طرح

Marfat.com

	مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِآيَةٍ لَيَقُولَنَّ	کی مثال بیان کردی ہے۔ اور اگر تم انکے سامنے کوئی نشانی
	الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا مُبْطِلُونَ ○	پیش کرو تو یہ کافر کہدینگے کہ تم تو جھوٹے ہو÷
	كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الَّذِينَ	اسی طرح خدا اُن لوگوں کے دلوں پر جو سمجھ نہیں رکھتے
	لَا يَعْلَمُونَ ○	مُہر لگا دیتا ہے ÷
صافات۔۱۳ تا ۱۴	وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ ○	اور جب انکو نصیحت دیجاتی ہے تو نصیحت قبول نہیں کرتے÷
	وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُونَ ○	اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو ٹھٹھے کرتے ہیں ÷
حٰم سجدہ ــــ ۴۱	إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ	جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ انکے پاس
	وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ○	آئی اور یہ تو ایک عالی رتبہ کتاب ہے ÷
حٰم سجدہ ــــ ۴۴	وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَقَالُوا	اور اگر ہم اس قران کو غیر زبان عرب میں (نازل) کرتے تو
	لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ ۖ أَأَعْجَمِيٌّ وَ	یہ لوگ کہتے کہ اسکی آتیں (ہماری زبان میں) کیوں کھول کر
	عَرَبِيٌّ ۗ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى	بیان نہیں کی گئیں۔ کیا (خوب کہ قرآن تو) عجمی اور (مخاطب) عربی
	وَشِفَاءٌ ۖ وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ	کہدو کہ جو ایمان لاتے ہیں اُنکے لئے (یہ) ہدایت اور شفا ہے۔ اور جو ایمان
	فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۚ	نہیں لاتے انکے کانوں میں گرانی (یعنی بہرا پن) ہے اور یہ انکے حق میں (موجب)
	أُولَٰئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ ○	نابینائی ہے۔ گرانی کے سبب انکو (گویا) دُور جگہ سے آواز دیجاتی ہے÷
حٰم سجدہ ــــ ۵۴	أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِنْ لِقَاءِ رَبِّهِمْ ۗ	دیکھو یہ اپنے پروردگار کے روبرو حاضر ہونے سے شک میں
	أَلَا إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُحِيطٌ ○	ہیں۔ سُن رکھو کہ وہ ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے ÷
جاثیہ ــــ ۱۱	هَٰذَا هُدًى ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ	یہ ہدایت (کی کتاب) ہے۔ اور جو لوگ اپنے پروردگار کی آیتوں سے
	لَهُمْ عَذَابٌ مِنْ رِجْزٍ أَلِيمٌ ○	انکار کرتے ہیں انکو سخت قسم کا درد دینے والا عذاب ہوگا÷
جاثیہ ــــ ۲۴	وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَ	اور کہتے ہیں کہ ہماری زندگی تو صرف دُنیا ہی کی ہے۔
	نَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ	(یہیں) مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں تو زمانہ مار دیتا ہے
	بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ○	اور اُن کو اس کا کچھ علم نہیں صرف ظن سے کام لیتے ہیں ÷
احقاف ــــ ۲۶	وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِنْ مَكَّنَّاكُمْ فِيهِ	اور ہم نے اُن کو ایسے مقدور دیئے تھے جو تم لوگوں
	وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَ	کو نہیں دیئے اور اُنھیں کان اور آنکھیں اور دل دیئے
	أَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ	تھے۔ تو جبکہ وہ خدا کی آیتوں سے انکار کرتے تھے تو
	وَلَا أَبْصَارُهُمْ وَلَا أَفْئِدَتُهُمْ مِنْ شَيْءٍ	نہ تو اُنکے کان ہی اُنکے کچھ کام آسکے اور نہ آنکھیں

Marfat.com

	إِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ	اور نہ دل ۔ اور جس چیز سے استہزا کیا کرتے تھے
	بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○	اُس نے اُن کو آ گھیرا ؎
محمد ــــ ۲۴	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ	بھلا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا (اُنکے) دلوں
	اَقْفَالُهَا ○	پر قفل لگ رہے ہیں ؎
ق ــــ ۱ تا ۲	قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ○	ق۔ قرآن مجید کی قسم (کہ محمد پیغمبر خدا ہیں) ؎
	بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ	لیکن ان لوگوں نے تعجب کیا کہ انہی میں سے ایک ہدایت کرنے والا
	فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ○	اُنکے پاس آیا تو کافر کہنے لگے کہ یہ بات تو (بڑی) عجیب ہے ؎
ق ــــ ۵	بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ	بلکہ (عجیب بات یہ ہے کہ) جب اُن کے پاس (دین)
	فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ○	حق آ پہنچا تو اُنھوں نے اُس کو جھوٹ سمجھا ۔ سو یہ
		ایک اُلجھی ہوئی بات میں (پڑ رہے) ہیں ؎
طور ــــ ۳۳	اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○	کیا کفار کہتے ہیں کہ ان پیغمبر نے قرآن از خود بنا لیا ہے
		بات یہ ہے کہ یہ (خدا پر) ایمان نہیں رکھتے ؎
قلم ــــ ۱ تا ۷	نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ○	ن ۔ قلم کی اور جو (اہل قلم) لکھتے ہیں اُس کی قسم ؎
	مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ○	کہ (اے محمد) تم اپنے پروردگار کے فضل سے دیوانے نہیں ہو
	وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ○	اور تمہارے لئے بے انتہا اجر ہے ؎
	وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○	اور تمہارے اخلاق بڑے (عالی) ہیں ؎
	فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ○	سو عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور یہ (کافر) بھی دیکھ لیں گے ؎
	بِاَيِّيكُمُ الْمَفْتُوْنُ ○	کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے ؎
	اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ	تمہارا پروردگار اُسکو بھی خوب جانتا ہے جو اسکے رستے سے بھٹک
	سَبِيْلِهٖ ۠ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○	گیا اور اُنکو بھی خوب جانتا ہے جو سیدھے رستے پر چل رہے ہیں ؎
حاقہ ـ ۴۴ تا ۵۰	وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ○	اگر یہ پیغمبر ہماری نسبت کوئی بات جھوٹ بنا لاتے ؎
	لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ○	تو ہم اُن کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے ؎
	ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ○	پھر اُنکی رگِ گردن کاٹ ڈالتے ؎
	فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ○	پھر تم میں سے کوئی (ہمیں) اس سے روکنے والا نہ ہوتا ؎
	وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ○	اور یہ (کتاب) تو پرہیزگاروں کے لئے نصیحت ہے ؎

Marfat.com

	وَإِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ○	نیز یہ کافروں کے لئے (موجب حسرت ہے ؀
	وَإِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ○	اور کچھ شک نہیں کہ یہ برحق قابل یقین ہے ؀

جاہلوں کے مسلسل اُکتا دینے والے اور کارروائیوں میں محض طوالت اور اُلجھاؤ پیدا کرنے والے سوالات کے بھی جوابات دیئے گئے

۱۔ بقرہ ——— ۲۶	اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۚ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ○	خدا اِس بات سے عار نہیں کرتا کہ مچھر یا اُس سے بڑھ کر کسی چیز (مثلاً مکھی مکڑی وغیرہ) کی مثال بیان فرمائے جو مومن ہیں وہ یقین کرتے ہیں کہ وہ اُن کے پروردگار کی طرف سے سچ ہے اور جو کافر ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس مثال سے خدا کی مراد ہی کیا ہے اس سے خدا بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو ہدایت بخشتا ہے اور گمراہ بھی کرتا ہے تو نافرمانوں ہی کو ؀
۲۔ بقرہ ——— ۷۰	قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ۭ وَاِنَّآ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ○	اُنھوں نے کہا (اب کے) پروردگار سے پھر درخواست کیجئے کہ ہمکو بتا دے کہ وہ اور کس کس طرح کا ہو کیونکہ بہت سے بیل ہمیں ایک دوسرے کے مشابہ معلوم ہوتے ہیں (پھر) خدا نے چاہا تو ہمیں ٹھیک بات معلوم ہو جائیگی ؀
۳۔ مؤمنون ——— ۹۶	اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۭ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ○	اور بُری بات کے جواب ایسی بات کہو جو نہایت اچھی ہو اور یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں ہمیں خوب معلوم ہے ؀
	جاہلوں کا انجام	
۱۔ یونس ——— ۱۰۰	وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَي الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ○	حالانکہ کسی شخص کو قدرت نہیں ہے کہ خدا کے حکم کے بغیر ایمان لائے اور جو لوگ بے عقل ہیں اُن پر وہ (کفر و ذلّت کی) نجاست ڈالتا ہے ؀
۲۔ ہود۔ ۲۱ تا ۲۲	اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○	یہی ہیں جنھوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا۔ اور جو کچھ وہ افترا کیا کرتے تھے اُن سے جاتا رہا ؀

Marfat.com

	لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ○	بلاشبہ یہ لوگ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان پانیوالے ہیں
۳۔ یوسف ۔ ۱۰۵	وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ○	اور آسمان و زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں جن پر یہ گزرتے ہیں اور ان سے اعراض کرتے ہیں ؛
۴۔ نحل ۔ ۷۴	فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○	تو (لوگو) خدا کے بارے میں (غلط) مثالیں نہ بناؤ (صحیح مثالوں کا طریقہ) خدا ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ؛
۵۔ بنی اسرائیل ۔ ۸۳	وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ○	اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں تو روگرداں ہو جاتا اور پہلو پھیر لیتا ہے اور جب اُسے سختی پہنچتی ہے تو نااُمید ہو جاتا ہے ؛
۶۔ روم ۔ ۵۲	فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ○	تو تم مُردوں کو (بات) نہیں سُنا سکتے اور نہ بہروں کو جب وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں آواز سُنا سکتے ہو ؛
۷۔ فاطر ۔ ۱۹ تا ۲۴	وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ○	اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں ؛
	وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ○	اور نہ اندھیرا اور روشنی ؛
	وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ○	اور نہ سایہ اور دھوپ ؛
	وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ○	اور نہ زندے اور مُردے برابر ہو سکتے ہیں۔ خدا جس کو چاہتا ہے سُنا دیتا ہے۔ اور تم اُن کو جو قبروں میں (مدفون) ہیں سُنا نہیں سکتے ؛
	اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ○	تم تو صرف ہدایت کرنے والے ہو ؛
	اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ○	ہم نے تم کو حق کے ساتھ خوشخبری سُنانے والا اور ڈرانے والا بھیجا ہے اور کوئی اُمت نہیں مگر اس میں ہدایت کرنے والا گزر چکا ہے ؛

جاہل پچھتائیں گے

۱۔ فرقان ۔ ۲۷ تا ۲۸	وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ○	اور جس دن (ناعاقبت اندیش) ظالم اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھائیگا (اور) کہیگا کہ اے کاش میں نے پیغمبر کے ساتھ رستہ اختیار کیا ہوتا ؛
	يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ○	ہائے شامت کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا

Marfat.com

ہر گروہ اپنے اعمال کا ذمہ دار ہو گا

ہر عمل کا ردِ عمل ہوتا ہے۔ اچھے اعمال کے اچھے نتائج اور بُرے اعمال کے بُرے نتائج ہوا کرتے ہیں۔ یہ قاعدہ کلیہ ہے جس کی وضاحت حسب ذیل آیات سے ہوتی ہے :-

بقر ـــــ ۱۴۱	تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○	یہ جماعت گزر چکی۔ اُن کو وہ (ملیگا) جو اُنھوں نے کیا اور تم کو وہ جو تم نے کیا اور جو عمل وہ کرتے تھے انکی پرسش تم سے نہیں ہوگی ؛
آل عمران ـــ ۱۳۷	قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ○	تم لوگوں سے پہلے بھی بہت سے واقعات گزر چکے ہیں۔ تو تم زمین میں سیر کر کے دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا ؛
نسار ـــــ ۱۶۷	اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ○	جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) خدا کے رستے سے روکا وہ رستے سے بھٹک کر دُور جا پڑے ؛
المائدہ ـــــ ۳۳	اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۚ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِى الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○	جو لوگ خدا اور اُس کے رسُول سے لڑائی کریں اور ملک میں فساد کرنے کو دوڑتے پھریں اُن کی یہی سزا ہے کہ قتل کر دیئے جائیں یا سُولی چڑھا دیئے جائیں یا اُنکے ایک ایک طرف کے ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں یا ملک سے نکال دیئے جائیں۔ یہ تو دُنیا میں ان کی رُسوائی ہے اور آخرت میں اُن کے لئے بڑا (بھاری) عذاب تیار ہے ؛
انعام ـــــ ۱۰۵	قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِىَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ○	(اے محمد ان سے کہدو کہ) تمہارے پاس پروردگار کیطرف سے (روشن) دلیلیں پہنچ چکی ہیں تو جسنے (اُن کو آنکھ کھول کر) دیکھا اُسنے اپنا بھلا کیا۔ اور جو اندھا بنا رہا اُس نے اپنے حق میں بُرا کیا اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں ؛
انعام ـــــ ۱۲۱	وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ	اور ظاہری اور پوشیدہ (ہر طرح کا) گناہ ترک کردو جو لوگ گناہ کرتے ہیں وہ عنقریب اپنے کئے کی سزا

Marfat.com

	بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○	پائیں گے ۔
انعام — ۱۲۳	وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ۭ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ○	اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں بڑے بڑے مجرم پیدا کئے کہ اُن میں مکاریاں کرتے رہیں۔ اور جو مکاریاں یہ کرتے ہیں اُن کا نقصان اُنھیں کو ہے اور (اس سے) بے خبر ہیں ۔
اعراف — ۵۳	هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَاۗءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○	کیا یہ لوگ اس کے وقوع کے منتظر ہیں جس دن وہ واقع ہو جائیگا تو جو لوگ اس کو پہلے سے بھولے ہوئے ہونگے وہ بول اُٹھیں گے کہ بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق لیکر آئے تھے بھلا (آج) ہمارے کوئی سفارشی ہیں کہ ہماری سفارش کریں یا ہم (دُنیا میں) پھر لوٹا دیئے جائیں کہ جو عمل بد ہم پہلے کرتے تھے (وہ نہ کریں بلکہ) اُن کے سوا اور نیک عمل کریں۔ بیشک ان لوگوں نے اپنا نقصان کیا اور جو کچھ یہ افترا کیا کرتے تھے اُن سے سب جاتا رہا ۔
اعراف — ۱۴۷	وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَاۗءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○	اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا ان کے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔ یہ جیسے عمل کرتے ہیں ویسا ہی اُن کو بدلہ ملے گا ۔
بنی اسرائیل — ۷	اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ○	اگر تم نیکوکاری کروگے تو اپنی جانوں کے لئے کروگے اور اگر اعمال بد کروگے تو اُن کا وبال بھی تمہاری ہی جانوں پر ہوگا پھر جب دوسرے وعدے کا وقت آیا تو ہمنے پھر اپنے بندے بھیجے تاکہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دیں اور جس طرح پہلی دفعہ مسجد (بیت المقدس) میں داخل ہو گئے تھے اسی طرح پھر اسمیں داخل ہو جائیں اور جس چیز پر غلبہ پائیں اُسے تباہ کر دیں
حج — ۷۷	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○	مومنو! رکوع کرتے اور سجدے کرتے اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتے رہو اور نیک کام کرو تاکہ فلاح پاؤ ۔

Marfat.com

حق اور ناحق کا فرق

حق اور ناحق کا فرق حسب ذیل آیات سے ثابت ہوتا ہے :-

حوالہ	آیت	ترجمہ
آلِ عمران - ۶۹ تا ۷۲	وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ إِلَّآ أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ○	(اے اہلِ اسلام) بعضے اہلِ کتاب اس بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ تم کو گمراہ کر دیں مگر یہ تم کو کیا گمراہ کریں گے) اپنے آپکو ہی گمراہ کر رہے ہیں اور نہیں جانتے ؛
	يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَأَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ○	اے اہلِ کتاب تم خدا کی آیتوں سے کیوں انکار کرتے ہو اور تم (تورات کو) مانتے تو ہو ؛
	يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○	اے اہلِ کتاب تم سچ کو جھوٹ کے ساتھ خلط ملط کیوں کرتے ہو اور حق کو کیوں چھپاتے ہو اور تم جانتے بھی ہو ؛
	وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ أُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ○	اور اہلِ کتاب ایک دوسرے سے کہتے ہیں کہ جو کتاب مومنوں پر نازل ہوئی ہے اُس پر دن کے شروع میں تو ایمان لے آیا کرو اور اس کے آخر میں انکار کر دیا کرو تاکہ وہ (اسلام سے) برگشتہ ہو جائیں ؛
نساء ۱۴۲ تا ۱۴۴	إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خٰدِعُهُمْ ۚ وَإِذَا قَامُوْٓا إِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ إِلَّا قَلِيْلًا ○	منافق (ان چالوں سے اپنے نزدیک) خدا کو دھوکا دیتے ہیں (یہ اس کو کیا دھوکا دیں گے) وہ انہی کو دھوکے میں ڈالنے والا ہے اور جب یہ نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو سست اور کاہل ہو کر (صرف) لوگوں کے دکھانے کو اور خدا کی یاد ہی نہیں کرتے مگر بہت کم ؛
	مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ إِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ إِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ○	بیچ میں پڑے لٹک رہے ہیں نہ اُن کی طرف رہتے ہیں) نہ ان کی طرف - اور جس کو خدا بھٹکائے تو تم اس کے لئے کبھی بھی رستہ نہ پاؤ گے ؛
	يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ أَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ أَتُرِيْدُوْنَ	اے اہلِ ایمان مومنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بناؤ - کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے اوپر خدا کا صریح

Marfat.com

	اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ○	الزام لو ۔
مائدہ ـ ۱۵ تا ۱۶	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ○ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○	اے اہل کتاب تمہارے پاس ہمارے پیغمبر (آخرالزماں) آگئے ہیں کہ جو کچھ تم کتابِ الٰہی میں سے چھپاتے تھے وہ اس میں سے بہت کچھ تمہیں کھول کھول کر بتا دیتے ہیں اور تمہارے بہت سے قصور معاف کر دیتے ہیں بیشک تمہارے پاس خدا کی طرف سے نور اور روشن کتاب آچکی ہے ۔ جس سے خدا اپنی رضا پر چلنے والوں کو نجات کے رستے دکھاتا ہے اور اپنے حکم سے اندھیرے میں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور ان کو سیدھے راستے پر چلاتا ہے ۔
یونس ـــــ ۳۶	وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ○	اور ان میں کے اکثر صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں اور کچھ شک نہیں کہ ظن حق کے مقابلے میں کچھ بھی کارآمد نہیں ہو سکتا۔ بیشک خدا تمہارے (سب) اعمال سے واقف ہے ۔
ہود ـــــ ۲۴	مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ○	دونوں فرقوں (یعنی کافر و مومن) کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا بہرا ہو اور ایک دیکھتا سنتا۔ بھلا دونوں کا حال یکساں ہو سکتا ہے؟ پھر تم سوچتے کیوں نہیں
رعد ـ ۲۸ تا ۲۹	اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ○	(یعنی) جو لوگ ایمان لاتے اور جن کے دل یادِ خدا سے آرام پاتے ہیں (ان کو) اور سن رکھو کہ خدا کی یاد سے دل آرام پاتے ہیں ۔ جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے ان کے لئے خوش حالی اور عمدہ ٹھکانا ہے ۔
ابراہیم ـــــ ۷	وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ○	اور جب تمہارے پروردگار نے (تم کو) آگاہ کیا کہ اگر شکر کرو گے تو میں تمہیں زیادہ دوں گا اور اگر ناشکری کرو گے تو (یاد رکھو کہ) میرا عذاب (بھی) سخت ہے ۔
کہف ـــــ ۲۸	وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ	اور جو لوگ صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے اور

Marfat.com

	رَبَّهُم بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَن ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ○	کی خوشنودی کے طالب ہیں اُن کے ساتھ صبر کرتے رہو اور تمہاری نگاہیں ان میں سے (گزر کر اور طرف) نہ دوڑیں کہ تم آرائش زندگانی دُنیا کے خواستگار ہو جاؤ اور جس شخص کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اسکا کام حد سے بڑھ گیا ہے اسکا کہا نہ ماننا ؎
انبیاء ـــ ۱۷ تا ۱۸	لَوْ أَرَدْنَا أَن نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنَاهُ مِن لَّدُنَّا إِن كُنَّا فَاعِلِينَ ○ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُونَ ○	اگر ہم چاہتے کہ کھیل (کی چیزیں یعنی زن و فرزند) بنائیں تو اگر ہم کو کرنا ہی ہوتا تو ہم اپنے پاس سے بنا لیتے ؎ (نہیں) بلکہ ہم سچ کو جھوٹ پر کھینچ مارتے ہیں تو وہ اس کا سر توڑ دیتا ہے اور جھوٹ اسی وقت نابود ہو جاتا ہے اور جو باتیں تم بناتے ہو اُن سے تمہاری ہی خرابی ہے ؎
مومنون ۱۰۲ تا ۱۰۳	فَمَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ○ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ○	تو جن کے (عملوں کے) بوجھ بھاری ہونگے وہ فلاح پانے والے ہیں ؎ اور جن کے بوجھ ہلکے ہوں گے وہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے ؎
زمر ـــ ۹	أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ○	(بھلا مشرک اچھا ہے) یا وہ جو رات کے وقتوں میں زمین پر پیشانی رکھ کر اور کھڑے ہو کر عبادت کرتا اور آخرت سے ڈرتا اور اپنے پروردگار کی رحمت کی اُمید رکھتا ہے، کہو بھلا جو لوگ علم رکھتے ہیں اور جو نہیں رکھتے دونوں برابر ہو سکتے ہیں (اور) نصیحت تو وہی پکڑتے ہیں جو عقلمند ہیں
محمد ـــ ۱۴	أَفَمَن كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُم ○	بھلا جو شخص اپنے پروردگار (کی مہربانی) سے کھلے رستے پر (چل رہا) ہو وہ اُن کی طرح ہو سکتا ہے جنکے اعمال بد اُنھیں اچھے کرکے دکھائے جائیں اور جو اپنی خواہشوں کی پیروی کریں ؎
ملک ـــ ۲۲ تا ۲۴	أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○	بھلا جو شخص چلتا ہوا منہ کے بل گر پڑتا ہے وہ سیدھے رستے پر ہے یا وہ جو سیدھے رستے پر برابر چل رہا ہو؟ ؎

Marfat.com

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○	وہ خدا ہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (مگر) تم کم احسان مانتے ہو ٭	
قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○	کہدو کہ وہی ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلایا اور اسی کے روبرو تم جمع کئے جاؤ گے ٭	
وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ○	اور کسی ایسے شخص کے کہنے میں نہ آجانا جو بہت قسمیں کھانے والا ذلیل اوقات ہے ٭	قلم — ۱۰ تا ۱۵
هَمَّازٍ مَّشَّاۗءٍۢ بِنَمِيْمٍ ○	طعن آمیز اشارتیں کرنیوالا چغلیاں لئے پھرنے والا ٭	
مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ○	مال میں بخل کرنے والا حد سے بڑھا ہوا بدکار ٭	
عُتُلٍّۢ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ○	سخت خو اور اس کے علاوہ بد ذات ہے ٭	
اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ○	اس سبب سے کہ مال اور بیٹے رکھتا ہے ٭	
اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ○	جب اس کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ یہ اگلے لوگوں کے افسانے ہیں ٭	

Marfat.com

دعوتِ فکر

خداوندکریم کلام مجید کے ذریعہ دعوت دیتے ہیں کہ اس کائنات پر غور کیا جائے اور اس سے استفادہ کیا جائے ۔ حسب ذیل آیات سے یہ ثابت ہوتا ہے :-

آلِ عمران — ۱۹۱	اَلَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○	جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) خدا کو یاد کرتے اور آسمان اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے (اور کہتے) ہیں کہ اے پروردگار تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے۔ تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو ۔
اعراف — ۲۰۴	وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○	اور جب قرآن پڑھا جائے تو توجہ سے سنا کرو اور خاموش رہا کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔
فرقان — ۷۳	وَالَّذِیْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْهَا صُمًّا وَّعُمْیَانًا ○	اور وہ کہ جب ان کو پروردگار کی باتیں سمجھائی جاتی ہیں تو ان پر اندھے اور بہرے ہو کر نہیں گرتے (بلکہ غور و فکر سے سنتے ہیں) ۔
سبا — ۴۶	قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۚ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۚ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِیْرٌ لَّكُمْ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ ○	کہدو کہ میں تمہیں صرف ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم خدا کے لئے دو دو اور اکیلے اکیلے کھڑے ہو جاؤ پھر غور کرو۔ تمہارے رفیق کو مطلق سودا نہیں وہ تو تم کو عذاب سخت (کے آنے) سے پہلے صرف ڈرانے والے ہیں ۔
ذاریات — ۵۵	وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ ○	اور نصیحت کرتے رہو کہ نصیحت مومنوں کو نفع دیتی ہے ۔

Marfat.com

خدا حق کا ساتھ دیتا ہے

خدا حق ہے اور حق پر چلنے والوں کا ہمیشہ معین و مددگار رہتا ہے۔ یہ امر حسب ذیل آیات سے بخوبی واضح ہوتا ہے

۱ اعراف ــــ ۵۲	وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○	اور ہم نے انکے پاس کتاب پہنچا دی ہے جسکو علم و دانش کے ساتھ کھول کھول کر بیان کر دیا ہے (اور)وہ مومن لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے ؎	
۲۔اعراف ــــ ۱۸۱	وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ○	اور ہماری مخلوقات میں سے ایک وہ لوگ ہیں جو حق کا رستہ بتاتے ہیں اور اسی کے ساتھ انصاف کرتے ہیں ؎	
۳۔انفال ــــ ۵۳	ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○	یہ اس لئے کہ جو نعمت خدا کسی قوم کو دیا کرتا ہے جب تک وہ خود اپنے دلوں کی حالت نہ بدل ڈالیں خدا اُسے نہیں بدلا کرتا اور اسلئے کہ خدا سنتا جانتا ہے ؎	
۴۔یونس ــــ ۲۵	وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○	اور خدا سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے سیدھا رستہ دکھاتا ہے ؎	
۵۔یونس ۶۳ تا ۶۴	اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○	(یعنی) وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگار رہے ؎ اُن کے لئے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔ خدا کی باتیں بدلتی نہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے ؎	
۶۔حج ــــ ۵۴	وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○	اور یہ بھی غرض ہے کہ جن لوگوں کو علم عطا ہوا ہے وہ جان لیں کہ وہ (یعنی وحی) تمہارے پروردگار کیطرف سے حق ہے تو وہ اس پر ایمان لائیں اور انکے دل خدا کے آگے عاجزی کریں اور جو لوگ ایمان لائے ہیں خدا اُن کو سیدھے رستے کیطرف ہدایت کرتا ہے ؎	
۷۔عنکبوت ــــ ۶۹	وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا	اور جن لوگوں نے ہمارے لئے کوشش کی ہم انکو ضرور	

Marfat.com

	وَاِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ○	اپنے رستے دکھا دینگے اور خدا تو نیکوکاروں کے ساتھ ہے ؑ	
۸۔ لقمان ــــ ۲۲	وَمَنْ یُّسْلِمْ وَجْہَہٗٓ اِلَی اللّٰہِ وَھُوَ مُحْسِنٌ	اور جو شخص اپنے تئیں خدا کا فرمانبردار کردے اور نیکوکار بھی	
	فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی ؕ وَاِلَی	ہو تو اُسنے مضبوط دست آویز ہاتھ میں لے لی اور	
	اللّٰہِ عَاقِبَۃُ الْاُمُوْرِ ○	(سب) کاموں کا انجام خدا ہی کی طرف ہے ؛	
۹۔ سبا ــــ ۶	وَیَرَی الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِیْٓ	اور جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے وہ جانتے ہیں کہ جو (قرآن)	
	اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ھُوَ الْحَقَّ ۙ	تمہارے پروردگار کیطرف سے تمپر نازل ہوا ہے وہ حق ہے	
	وَیَھْدِیْٓ اِلٰی صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ○	اور (خدائے) غالب (اور) سزاوار تعریف کا رستہ بتاتا ہے	
۱۰۔ محمد ــــ ۱۷	وَالَّذِیْنَ اھْتَدَوْا زَادَھُمْ ھُدًی وَّ	اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں انکو وہ ہدایت مزید بخشتا ہے	
	اٰتٰھُمْ تَقْوٰھُمْ ○	اور پرہیزگاری عنایت کرتا ہے ؛	
۱۱۔ قٓ ــــ ۳۷	اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَذِکْرٰی لِمَنْ کَانَ لَہٗ	جو شخص دل (آگاہ) رکھتا ہے یا دل سے متوجہ ہو کر سنتا ہے	
	قَلْبٌ اَوْ اَلْقَی السَّمْعَ وَھُوَ شَھِیْدٌ ○	اُس کے لئے اسمیں نصیحت ہے ؛	

Marfat.com

گمراہوں کو نصیحت

خداوندکریم کی ہدایات گمراہوں پر بھی مسلسل جاری رہیں، جیساکہ حسب ذیل آیات سے ثابت ہے :-

۱۔بقرہ ــــ ۱۳۷	فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنتُم بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوا ۚ وَّإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ ۖ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○	تو اگر یہ لوگ بھی اُسی طرح ایمان لے آئیں جس طرح تم ایمان لے آئے ہو تو ہدایت یاب ہو جائیں۔ اور اگر منہ پھیر لیں (اور نہ مانیں) تو وہ (تمہارے) مخالف ہیں۔ اور اُن کے مقابلے میں تمہیں خدا کافی ہے اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے ۝
۲۔نساء ــــ ۱۳۶	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي أَنزَلَ مِن قَبْلُ ۚ وَمَن يَكْفُرْ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ○	مومنو! خدا پر اور اُس کے رسول پر اور جو کتاب اُس نے اپنے پیغمبر (آخرالزماں) پر نازل کی ہے اور جو کتابیں اس سے پہلے نازل کی تھیں سب پر ایمان لاؤ۔ اور جو شخص خدا اور اُسکے فرشتوں اور اسکی کتابوں اور اس کے پیغمبروں اور روزِ قیامت سے انکار کرے وہ رستے سے بھٹک کر دُور جا پڑا ۝
۳۔یونس ــــ ۳۲	فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ○	یہی خدا تو تمہارا پروردگار برحق ہے اور حق بات کے ظاہر ہونے کے بعد گمراہی کے سوا ہے کیا؟ تو تم کہاں پھرے جاتے ہو؟ ۝
۴۔یونس ــــ ۳۶	وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا ۚ إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ○	اور اُن میں کے اکثر صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں اور کچھ شک نہیں کہ ظن حق کے مقابلے میں کچھ بھی کارآمد نہیں ہو سکتا بیشک خدا تمہارے (سب) اعمال سے واقف ہے ۝
۵۔یونس ــــ ۵۸	قُلْ بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ○	کہدو کہ (یہ کتاب) خدا کے فضل اور اسکی مہربانی سے (نازل ہوئی ہے) تو چاہیئے کہ لوگ اس سے خوش ہوں یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں ۝

Marfat.com

٦-یونس ــــ ١٠٨	قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ○	کہہ دو کہ لوگو تمہارے پروردگار کے ہاں سے تمہارے پاس حق آچکا ہے تو جو کوئی ہدایت حاصل کرتا ہے تو ہدایت سے اپنے ہی حق میں بھلائی کرتا ہے اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور میں تمہارا وکیل نہیں ہوں ۞
٧-کہف ــــ ٥١	مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ص وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ○	میں نے اُن کو نہ تو آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت بُلایا تھا اور نہ خود اُن کے پیدا کرنے کے وقت۔ اور میں ایسا نہ تھا کہ گمراہ کرنیوالوں کو مددگار بناتا ۞
٨-یٰسٓ-٧٧ تا ٨٣	اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ○	کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اسکو نطفے سے پیدا کیا پھر وہ تڑاق پڑاق جھگڑنے لگا ۞
	وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۚ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ○	اور ہمارے بارے میں مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہنے لگا کہ (جب) ہڈیاں بوسیدہ ہو جائیں گی تو اُن کو کون زندہ کریگا ؟ ۞
	قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ○	کہدو کہ ان کو وہ زندہ کریگا جس نے ان کو پہلی بار پیدا کیا تھا۔ اور وہ سب قسم کا پیدا کرنا جانتا ہے ۞
	الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ○	وہی جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی، پھر تم اس (کی ٹہنیوں کو رگڑ کر اُن) سے آگ نکالتے ہو ۞
	اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ○	بھلا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ (اُن کو پھر) ویسے ہی پیدا کر دے۔ کیوں نہیں۔ اور وہ تو بڑا پیدا کرنیوالا (اور) علم والا ہے ۞
	اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○	اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے ۞
	فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ	وہ ذات پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی

Marfat.com

	شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○	بادشاہت ہے اور اسی کیطرف تم کو لوٹ کر جانا ہے ۔	
۹۔ صافات ۱۶ تا ۱۸	ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ○ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ○ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ○	بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا پھر اُٹھائے جائیں گے؟ ۔ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی (جو) پہلے (ہو گزرے ہیں)؟ ۔ کہہ دو کہ ہاں۔ اور تم ذلیل ہو گے ۔	
۱۰۔ نجم ——— ۳۲	اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ○	جو صغیرہ گناہوں کے سوا بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے اجتناب کرتے ہیں۔ بیشک تمہارا پروردگار بڑی بخشش والا ہے۔ وہ تمکو خوب جانتا ہے جب اُسنے تمکو مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچے تھے تو اپنے آپکو پاک صاف نہ جتاؤ، جو پرہیزگار ہے وہ اس سے خوب واقف ہے ۔	

Marfat.com

حق کو دوام حاصل ہے

اس کائنات کی تمام چیزیں فنا ہونے والی ہیں۔ اگر کسی کو دوام حاصل ہے تو وہ صرف حق و صداقت ہے۔ اُسی کا ہمیشہ بول بالا رہے گا۔ باطل ناپائیدار اور فنا ہونے والا ہے۔ حسب ذیل آیات میں اس کی صراحت پائی جاتی ہے :۔

۱۔ یونس ۶۲ تا ۶۴	اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○	سُن رکھو کہ جو خدا کے دوست ہیں اُن کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہونگے ۔ (یعنی) وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگار رہے ۔ اُن کے لئے دُنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی ۔ خدا کی باتیں بدلتی نہیں یہی تو بڑی کامیابی ہے ۔	
۲۔ کہف ــــ ۲۷	وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ڀ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ○	اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو۔ اُسکی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں۔ اور اسکے سوا تم کہیں پناہ بھی نہیں پاؤ گے ۔	
۳۔ روم ــــ ۳۰	فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۭ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○	تو تم ایک طرف کے ہو کر دین (خدا کے رستے) پر سیدھا منہ کیے چلے جاؤ (اور) خدا کی فطرت کو جس پر اُسنے لوگوں کو پیدا کیا ہے (اختیار کئے رہو) خدا کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔ یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۔	
۴۔ فتح ــــ ۲۳	سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ښ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ○	(یہی) خدا کی عادت ہے جو پہلے سے چلی آتی ہے اور تم خدا کی عادت کبھی بدلتی نہ دیکھو گے ۔	

Marfat.com

راہِ حق اختیار کرنا خود اپنے لئے مفید ہوتا ہے

انسان کو بُرے بھلے کی تمیز دیدی گئی اور اُس کو یہ بتلادیا گیا کہ ہر عمل کا ایک ردِّعمل ہوتا ہے۔ اچھے اعمال کا انجام اچھا ہوتا ہے اور بُرے اعمال کے نتائج بُرے برآمد ہوتے ہیں۔ ان تمام معلومات کی فراہمی کے بعد اس کو آزادی دیدی گئی کہ جیسا چاہے عمل اختیار کرے۔ اگر وہ خدا کی ہدایات پر عمل کریگا تو وہ اُس کے لئے ہی سود مند ہوگا۔ اُس کا انجام بخیر ہوگا۔ حسب ذیل آیات سے یہ حقیقت بخوبی آشکارا ہوتی ہے:۔

بقر ــــ ١٩٥	وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ ۛۚ وَاَحْسِنُوْا ۛۚ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ○	اور خدا کی راہ میں (مال) خرچ کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور نیکی کرو بیشک خدا نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔
یونس ــــ ١٠٨	قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰی فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِوَكِیْلٍ ○	کہدو کہ لوگو تمہارے پروردگار کے ہاں سے تمہارے پاس حق آچکا ہے تو جو کوئی ہدایت حاصل کرتا ہے تو ہدایت سے اپنے ہی حق میں بھلائی کرتا ہے اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور میں تمہارا وکیل نہیں ہوں۔
حجرات ١٧ تا ١٨	یَمُنُّوْنَ عَلَیْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَیَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ یَمُنُّ عَلَیْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِیْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○	یہ لوگ تم پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہوگئے ہیں کہدو کہ اپنے مسلمان ہونے کا مجھ پر احسان نہ رکھو بلکہ خدا تم پر احسان رکھتا ہے کہ اُس نے تمہیں ایمان کا رستہ دکھایا بشرطیکہ تم سچے (مسلمان) ہو۔ بیشک خدا آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اُسے دیکھتا ہے۔
زمر ــــ ٦٣	لَهٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○	اُسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں اور جنہوں نے خدا کی آیتوں سے کفر کیا وہی نقصان اُٹھانے والے ہیں۔

Marfat.com

باب پانزدہم

قرآن میں سائنسی رموز

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ۝ لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنْزِيلٌ مِنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ۝

جو لوگ اس قرآن کا جب کہ وہ اُن کے پاس پہنچتا ہے انکار کرتے ہیں (تو یہ اُن کی جہالت ہے) حالانکہ یہ قرآن بڑی باوقار (بڑی باعزت) کتاب ہے (جسے رب العزت نے رسولِ عزیز صلے اللہ علیہ وسلم پر اُمتِ عزیز کے لئے اُتارا ہے) جس پر باطل کا گزر ہی نہیں، نہ آگے سے نہ پیچھے سے۔ (باطل کسی حالت سے اس پر اثر انداز نہیں ہوسکتا کیونکہ یہ قرآن) بڑے حکمت اور تعریف والے (اللہ) کا اُتارا ہوا ہے (حٰم سجدہ۔ ۴۱ تا ۴۲)

(ترجمہ بشکریہ ڈاکٹر سید حامد حسن بلگرامی۔ ماخوذ از فیوض القرآن)

Marfat.com

قرآن میں سائنسی رموز

گزشتہ صفحات پر جو کچھ گوش گزار کیا جا چکا ہے اُس سے یہ بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ کلام مجید ایک الہامی کتاب ہے، یہ جبریل علیہ السلام کے ذریعہ سے حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ سلم پر نازل ہوا۔ کلام مجید میں جو احکام درج ہیں وہ اٹل ہیں۔ اُن میں کسی قسم کا تغیر و تبدل نہیں ہوگا۔ وہ تا قیامت جاری رہیں گے۔

کلام مجید کے فیوض مسلمانوں کی حد تک مخصوص اور محدود نہیں ہیں۔ اِن احکام سے بلا لحاظ رنگ و نسل، عقیدہ و مذہب تمام اقوام عالم استفادہ کر سکتی ہیں۔ مثال کے ذریعہ اس کو یوں سمجھیئے کہ بارانِ رحمت تو پہاڑ، جنگل، زرخیز اور بنجر زمین سب پر یکساں ہوتی ہے لیکن اکتسابِ فیض حسب توفیق ہی کیا جا سکتا ہے۔ جس شخص میں زیادہ صلاحیت ہوگی، جس کا ایمان مکمل ہوگا، جو یقین واثق رکھے گا، جس کے عزائم بلند ہوں گے، جو مستقل مزاجی کے ساتھ مسلسل کوشش کرتا رہیگا وہی کامیابیوں سے نوازا جائے گا۔

تحقیق کے لئے اولیں شرط بنیادی علمی استعداد ہوتی ہے۔ مزید تحقیق وہی کر سکتا ہے جو اپنے موضوع پر کماحقہٗ عبور حاصل کر چکا ہو۔ موجودہ زمانہ میں یہ حق ایم۔ اے یا ایم۔ ایس۔ سی کامیاب کر لینے کے بعد ہی حاصل ہوتا ہے۔ ایسے مستحق طالب علم اگر اپنی خواندگی کو مزید جاری رکھیں اور اپنے متعلقہ مضمون میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کرنا چاہیں تو دَورانِ تحقیق جہاں دوسرے ذرائع سے مواد فراہم کریں، اس کے ساتھ وہ کلام مجید کی اُن آیات کو بھی مطالعہ فرمائیں جو اُن کے موضوع سے متعلق ہوں۔

میرے مرتب کردہ اشاریئے کی مدد سے ہر شخص اپنی مطلوبہ آیات بلا دِقت برآمد کر سکتا ہے۔ قرآن میں سائنسی رموز اور اُن کا لفظی اشاریہ جو مقدور بھر یہ عاجز برآمد کر سکا وہ اگلے صفحات پر درج ہے۔ مجھ کو یقین ہے کہ پیش کردہ فہرست مکمل نہ ہوگی کیونکہ کلام مجید تو بحرِ ذخار ہے، غوطے لگاتے جائیے اور اپنے حسبِ خواہش نوادرات برآمد کرتے چلے جائیے۔ میں نے یہ کتاب مولانا فتح محمد صاحب کے ترجمہ کی مدد سے مرتب کی ہے۔ خداوند کریم اُن کو اس کا اجر دے ؎

خان جالندھری مرحوم

اپنے نانا جان

Marfat.com

قرآن میں سائنسی رموز

حوالجات	افتتاحی الفاظ	سائنسی رموز	اختتامی الفاظ
بقرہ ـــ ۲۲	الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○	جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے مینہ برسا کر تمہارے کھانے کے لئے انواع واقسام کے میوے پیدا کئے، پس کسی کو خدا کا ہمسر نہ بناؤ۔ اور تم جانتے تو ہو ۔	

سائنسی تجزیہ

جس نے تمہارے لئے ← زمین کو بچھونا

اور ← آسمان کو چھت بنایا

اور ← آسمان سے مینہ برسا کر تمہارے کھانے کے لئے انواع و اقسام کے میوے پیدا کئے

← پس کسی کو خدا کا ہمسر نہ بناؤ

← اور تم جانتے تو ہو۔

حوالجات	افتتاحی الفاظ	سائنسی رموز	اختتامی الفاظ
بقرہ ـــ ۲۸ تا ۲۹	كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ○	(کافرو) تم خدا سے کیونکر منکر ہو سکتے ہو جس حال میں کہ تم بے جان تھے تو اُسنے تمکو جان بخشی پھر وہی تمکو مارتا ہے پھر وہی تمکو زندہ کریگا پھر تم اُسی کیطرف لوٹ کر جاؤگے ٭ وہی تو ہے جس نے سب چیزیں جو زمین میں ہیں تمہارے لئے پیدا کیں پھر آسمانوں کیطرف متوجہ ہوا تو اُن کو ٹھیک سات آسمان بنا دیا اور وہ ہر چیز سے خبردار ہے ٭	

سائنسی تجزیہ

تم خدا سے کیونکر منکر ہو سکتے

ہو جس حال میں کہ ← تم بے جان تھے تو اُس نے تم کو جان بخشی ٭

پھر ← وہی تم کو مارتا ہے ٭

پھر ← وہی تم کو زندہ کرے گا ٭ ← پھر تم اس کیطرف لوٹ کر جاؤ گے

وہی تو ہے ← جس نے سب چیزیں جو زمین میں ہیں تمہارے لئے پیدا کیں ؛

پھر ← آسمان کی طرف متوجہ ہوا ؛

تو ← اُن کو ٹھیک سات آسمان بنا دیا ؛ اور وہ ہر چیز سے خبردار ہے

بقرہ ـــــ ۱۶۴	اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ○	بیشک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں اور کشتیوں (اور جہازوں) میں جو دریا میں لوگوں کے فائدے کے لئے رواں ہیں اور مینہ میں جس کو خدا آسمان سے برساتا اور اُس سے زمین کو مرنے کے بعد زندہ (یعنی خشک ہوئے پیچھے سرسبز) کر دیتا ہے اور زمین پر ہر قسم کے جانور پھیلانے میں اور ہواؤں کے چلانے میں اور بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان گھرے رہتے ہیں عقلمندوں کے لئے (خدا کی قدرت کی) نشانیاں ہیں ؛	

سائنسی تجزیہ

بیشک ← آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں ؛

اور ← رات اور دن کے ایکدوسرے کے پیچھے آنے جانے میں ؛

اور ← کشتیوں میں جو دریا میں لوگوں کے فائدے کے لئے رواں ہیں ؛

اور ← بارش میں جس کو خدا آسمان سے برساتا ؛

اور ← اُس سے زمین کو مرنے کے بعد زندہ کر دیتا ہے ؛

اور ← زمین پر ہر قسم کے جانور پھیلانے میں ؛

اور ← ہواؤں کے چلانے میں ؛

اور ← بادلوں میں جو آسمان زمین کے درمیان گھرے رہتے ہیں ؛ ← عقلمندوں کے لئے اُنہیں

Marfat.com

نشانیاں ہیں۔

بقرہ ۲۵۹ *	اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَاۚ قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَاۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْۚ وَ انْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًاؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۝	یا اُسی طرح اس شخص کو (نہیں دیکھا) جسے ایک گاؤں میں جو اپنی چھتوں پر گرا پڑا تھا اتفاق گزر ہوا تو اس نے کہا کہ خدا اس (کے باشندوں) کو مرنے کے بعد کیونکر زندہ کریگا تو خدا نے اس کی روح قبض کر لی (اور) سو برس تک (اُس کو مُردہ رکھا) پھر اُس کو جلا اُٹھایا اور پوچھا تم کتنا عرصہ (مرے) رہے ہو۔ اُس نے جواب دیا کہ ایک دن یا اس سے بھی کم۔ خدا نے فرمایا (نہیں) بلکہ سو برس (مرے) رہے ہو۔ اور اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو کہ (اتنی مدت میں مطلق سڑی) بُسی نہیں اور اپنے گدھے کو بھی دیکھو (جو مرا پڑا ہے) غرض ان باتوں سے یہ ہے کہ ہم تم کو لوگوں کے لئے (اپنی قدرت کی) نشانی بنائیں اور (ہاں گدھے کی) ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم انکو کیونکر جوڑے دیتے اور اُن پر (کس طرح) گوشت پوست چڑھائے دیتے ہیں۔ جب یہ واقعات اُس کے مشاہدے میں آئے تو بول اُٹھا کہ میں یقین کرتا ہوں کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے ۞	

سائنسی تجزیہ

یا اسی طرح اس شخص کو

(نہیں دیکھا) جسے ایک

گاؤں میں جو اپنی چھتوں

پر گرا پڑا تھا اتفاقیہ گزر ہوا

تو اُس نے کہا کہ ← خدا اس (کے باشندوں) کو مرنے کے بعد کیونکر زندہ

کرے گا۔

Marfat.com

تو ← خدا نے اس کی روح قبض کرلی ۞

(اور) ← سو برس تک (اُس کو مُردہ رکھا)

پھر ← اُس کو جلا اُٹھایا ۞ ← اور پوچھا تم کتنا عرصہ (مرے) رہے ہو۔

← اس نے جواب دیا کہ ایک دن یا اُس سے کم۔

خدا نے فرمایا ← (نہیں) بلکہ سو برس (مرے) رہے ہو ۞

اور ← اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو کہ (اتنی مدت میں مطلق سڑی) بُسی نہیں ۞

اور ← اپنے گدھے کو بھی دیکھو (جو مرا پڑا ہے) ۞ ← غرض (ان باتوں سے) یہ ہے کہ ہم تم کو لوگوں کے لئے (اپنی قدرت کی) نشانی بنائیں۔

اور ← (ہاں گدھے کی) ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم اُن کو کیونکر جوڑے دیتے ۞

اور ← اُن پر (کس طرح) گوشت پوست چڑھائے دیتے ہیں ۞ ← جب یہ واقعات اُس کے مشاہدے میں آئے تو بول اُٹھا کہ میں یقین کرتا ہوں کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے۔

آل عمران ـــــ ۶ (۱)	هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○	وہی تو ہے جو ماں کے پیٹ میں جیسی چاہتا ہے تمہاری صورتیں بناتا ہے۔ اُس غالب حکمت والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ۞	

سائنسی تجزیہ

وہی تو ہے جو ← پیٹ میں جیسی چاہتا ہے تمہاری صورتیں بناتا ہے ← اُس غالب حکمت والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

Marfat.com

آل عمران ــــ ۲۷	تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○	تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا اور تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے اور تو ہی جس کو چاہتا ہے بیشمار رزق بخشتا ہے ؛	

سائنسی تجزیہ

تو ہی ← رات کو دن میں داخل کرتا ہے ؛

اور تو ہی ← دن کو رات میں داخل کرتا ہے ؛

تو ہی ← بیجان سے جاندار پیدا کرتا ہے ؛

اور تو ہی ← جاندار سے بیجان پیدا کرتا ہے ؛ ← اور تو ہی جس کو چاہتا ہی بیشمار رزق بخشتا ہے ۔

آل عمران ــــ ۵۹	اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○	عیسٰی کا حال خدا کے نزدیک آدم کا سا ہے کہ اُس نے (پہلے) مٹی سے ان کا قالب بنایا پھر فرمایا کہ (انسان) ہو جا تو وہ (انسان) ہو گئے ؛	

سائنسی تجزیہ

عیسٰی کا حال خدا کے نزدیک

آدم کا سا ہے کہ ← اُس نے مٹی سے ان کا قالب بنایا ؛ ← پھر فرمایا کہ ہو جا تو وہ ہو گئے ۔

آل عمران ــــ ۱۳۳	وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ لا اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ○	اور اپنے پروردگار کی بخشش اور بہشت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے اور جو (خدا سے) ڈرنے والوں کے لئے تیار کی گئی ہے ؛	

سائنسی تجزیہ

اور اپنے پروردگار کی بخشش

اور بہشت کیطرف لپکو ← جسکا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے ← اور جو (خدا سے) ڈرنے والوں کے لئے تیار کی گئی ہے ۔

Marfat.com

آل عمران ۱۹۰ تا ۱۹۱	إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝	بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں ۔ جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) خدا کو یاد کرتے اور آسمان اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے (اور کہتے) ہیں کہ اے پروردگار تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے۔ تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو ۔

سائنسی تجزیہ

بیشک ← آسمانوں اور زمین کی پیدائش ۔

اور ← رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں ۔ ← عقل والوں کیلئے نشانیاں ہیں

جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) خدا کو یاد کرتے

← اور آسمان اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے ۔

← (اور کہتے) ہیں کہ اے پروردگار تو نے اس (مخلوق) کو بیفائدہ نہیں پیدا کیا ۔

← تو پاک ہے ۔

← تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو۔

نساء ــــــ ۱	يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ	لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا (یعنی اول) اُس سے اُسکا جوڑا بنایا۔ پھر ان دونوں سے کثرت سے مرد و عورت (پیدا کر کے روئے زمین پر) پھیلا دیئے اور خدا سے جس کے نام کو تم اپنی حاجت

Marfat.com

الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا○	براری کا ذریعہ بناتے ہو ڈرو اور (قطع مودت) ارحام سے (بچو) کچھ شک نہیں کہ خدا تمہیں دیکھ رہا ہے ؛

سائنسی تجزیہ

لوگو اپنے پروردگار سے

~~ڈرو جس نے~~ ← ~~تم کو ایک شخص سے پیدا کیا ؛~~

(یعنی اول) ← اس سے اس کا جوڑا بنایا ؛

پھر ← ان دونوں سے کثرت سے مرد و عورت پھیلا دیئے ؛ ← اور خدا سے جس کے نام کو تم اپنی حاجت براری کا ذریعہ بناتے ہو ڈرو۔

نیوکلیس، خلیہ Single cell

جو شخص ہو سے نیوکلیس کا دو حصوں میں بٹنا۔

← اور (قطع مودت) ارحام سے (بچو)

← کچھ شک نہیں کہ خدا تمہیں دیکھ رہا ہے۔

انعام ــــ ۱ تا ۲	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۵ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ○ ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰٓی اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَہٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ○	ہر طرح کی تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیرا اور روشنی بنائی پھر بھی کافر (اور چیزوں کو) خدا کے برابر ٹھیراتے ہیں ؛ وہی تو ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر (مرنے کا) ایک وقت مقرر کر دیا اور ایک مدت اس کے ہاں اور مقرر ہے پھر بھی تم (اے کافرو) خدا کے بارے میں شک کرتے ہو ؛

ہر طرح کی تعریف خدا ہی

کو سزاوار ہے ← جس نے آسمانوں ؛

اور ← زمین کو پیدا کیا ؛

اور ← اندھیرا ؛

اور ← روشنی بنائی ؛ ← پھر بھی کافر اور چیزوں کو خدا کے برابر ٹھیراتے ہیں۔

Marfat.com

		وہی تو ہے جس نے ← تم کو مٹی سے پیدا کیا ۔ پھر ← (مرنے کا) ایک وقت مقرر کر دیا ۔ اور ← ایک مدت اس کے ہاں اور مقرر ہے ۔ ← پھر بھی تم (خدا کے بارے میں) شک کرتے ہو۔	
انعام ـــــ ۱۳	وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○	اور جو مخلوق رات اور دن میں بستی ہے سب اُسی کی ہے اور وہ سُنتا جانتا ہے ۔	
		سائنسی تجزیہ اور ← جو مخلوق رات اور دن میں بستی ہے ← سب اُسی کی ہے۔ ← اور وہ سُنتا جانتا ہے۔	
انعام ـــــ ۳۸	وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِی الْكِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ اِلٰی رَبِّهِمْ یُحْشَرُوْنَ ○	اور زمین میں جو چلنے پھرنے والا (حیوان) یا دو پروں سے اُڑنے والا جانور ہے اُن کی بھی تم لوگوں کی طرح جماعتیں ہیں۔ ہم نے کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں کسی چیز (کے لکھنے) میں کوتاہی نہیں کی پھر سب اپنے پروردگار کی طرف جمع کئے جائیں گے ۔	
		سائنسی تجزیہ اور ← زمین میں جو چلنے پھرنے والا (حیوان) ۔ یا ← دو پروں پر اُڑنے والا جانور ہے ۔ اُن کی بھی ← تم لوگوں کی طرح جماعتیں ہیں ۔ ← ہم نے کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں کسی چیز (کے لکھنے) میں کوتاہی نہیں کی ۔ ← پھر سب اپنے پروردگار کیطرف جمع کئے جائیں گے۔	
انعام ـــــ ۴۶	قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ یَاْتِیْكُمْ بِهٖ ؕ	(ان کافروں سے) کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر خدا تمہارے کان اور آنکھیں چھین لے اور تمہارے دلوں پر مُہر لگا دے تو خدا کے سوا کونسا معبود ہے جو تمہیں یہ نعمتیں پھر بخشے ؟	

Marfat.com

	اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ○	دیکھو ہم کس کس طرح اپنی آیتیں بیان کرتے ہیں پھر بھی یہ لوگ رُوگردانی کئے جاتے ہیں ؛

سائنسی تجزیہ

کہو کہ بھلا دیکھو تو ← اگر خدا تمہارے کان اور آنکھیں چھین لے ؛

اور ← تمہارے دلوں پر مہر لگا دے ؛ ← تو خدا کے سوا کونسا معبود ہے جو تمہیں یہ نعمتیں پھر بخشے ؟

← دیکھو ہم کس کس طرح اپنی آیتیں بیان کرتے ہیں۔

← پھر بھی یہ لوگ رُوگردانی کئے جاتے ہیں۔

انعام — ۵۹ تا ۶۱	وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○	اور اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو اُسکے سوا کوئی نہیں جانتا اور اُسے جنگلوں اور دریاؤں کی سب چیزوں کا علم ہے اور کوئی پتا نہیں جھڑتا مگر وہ اُسکو جانتا ہے اور زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ اور کوئی ہری یا سوکھی چیز نہیں ہے مگر کتاب روشن میں لکھی ہوئی ہے ؛
	وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○	اور وہی تو ہے جو رات کو (سونے کی حالت میں) تمہاری روح قبض کر لیتا ہے اور جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اُس سے خبر رکھتا ہے پھر تمہیں دن کو اُٹھا دیتا ہے تاکہ (یہی سلسلہ جاری رکھ کر زندگی کی) مدت معین پوری کر دی جائے پھر تم (سب) کو اُسی کیطرف لوٹ کر جانا ہے (اُس روز) وہ تمکو تمہارے عمل جو تم کرتے رہتے ہو (ایک ایک کر کے) بتائے گا ؛
	وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ○	اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر نگہبان مقرر کئے رکھتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اُس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے ؛

Marfat.com

سائنسی تجزیہ

اور اُسی کے پاس ← غیب کی کنجیاں ہیں ؛

جن کو ← اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا ؛

اور اُسے ← جنگلوں اور دریاؤں کی سب چیزوں کا علم ہے ؛

اور ← کوئی پتا نہیں جھڑتا مگر وہ اُس کو جانتا ہے ؛

اور ← زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ ؛

اور ← کوئی ہری یا سوکھی چیز نہیں ہے مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے ؛

اور وہی تو ہے جو ← رات کو (سونے کی حالت میں) تمہاری رُوح قبض کر لیتا ہے ؛ ← اور جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اُس کی خبر رکھتا ہے۔

پھر ← تمہیں دن کو اُٹھا دیتا ہے ؛

تاکہ ← (یہی سلسلہ جاری رکھ کر) زندگی کی معینہ مدت پوری کر دی جائے ؛

پھر ← تم کو اُسی کیطرف لوٹ کر جانا ہے ← (اس روز) وہ تمکو تمہارے عمل جو تم کرتے رہتے ہو بتائیگا

← اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے

← اور تم پر نگہبان مقرر کئے رکھتا ہے یہانتک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اسکی رُوح قبض کر لیتے ہیں۔

← اور کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرتے۔

Marfat.com

بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

اور جس دن وہ فرمائیگا کہ ہوجا تو (حشر برپا) ہوجائیگا

سائنسی تجزیہ

اور وہی تو ہے جس نے — آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا ہے :- ← اور جسدن وہ فرمائیگا کہ ہوجا تو (حشر برپا) ہوجائیگا۔

الانعام — ۹۶ تا ۱۰۰

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۭ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝

بیشک خدا ہی دانے اور گٹھلی کو پھاڑ کر (ان سے درخت وغیرہ) اگاتا ہے وہی جاندار کو بیجان سے نکالتا ہے اور وہی بیجان کا جاندار سے نکالنے والا ہے۔ یہی تو خدا ہے۔ پھر تم کہاں بہکے پھرتے ہو؟ :-

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝

وہی رات کے اندھیرے سے صبح کی روشنی پھاڑ نکالتا ہے اور اسی نے رات کو (موجب) آرام (ٹھیرایا) اور سورج اور چاند کو (ذرائع) شمار بنایا ہے یہ خدا کے (مقرر کئے ہوئے) اندازے ہیں جو غالب (اور) علم والا ہے :-

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

اور وہی تو ہے جسنے تمہارے لئے ستارے بنائے تاکہ جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں میں ان سے رستے معلوم کرو۔ عقل والوں کے لئے ہم نے (اپنی) آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں :-

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ۝

اور وہی تو ہے جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا پھر (تمہارے لئے) ایک ٹھیرنے کی جگہ ہے اور ایک سپرد ہونے کی۔ سمجھنے والوں کے لئے ہم نے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں :-

٭٭

مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اسمیں سے سبز سبز کونپلیں نکالتے ہیں اور ان کونپلوں میں سے ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے دانے نکالتے ہیں۔ اور کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار جو ایک دوسرے سے ملتے جلتے بھی ہیں اور نہیں بھی ملتے۔ یہ چیزیں جب پھلتی ہیں تو ان کے پھلوں پر اور (جب پکتی ہیں تو) انکے پکنے پر نظر کرو۔

Marfat.com

يُؤْمِنُونَ ○	ان میں اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں (قدرت خدا کی بہت سی) نشانیاں ہیں ۔

سائنسی تجزیہ

بیشک خدا ہی ← دانے اور گٹھلی کو پھاڑ کر اُن سے درخت وغیرہ اُگاتا ہے ۔

وہی ← جاندار کو بے جان سے نکالتا ہے ۔

اور وہی ← بے جان کا جاندار سے نکالنے والا ہے ۔ ← یہی تو خدا ہے ۔

← پھر تم کہاں بہکے پھرتے ہو؟

وہی ← (رات کے اندھیرے سے) صبح کی روشنی پھاڑ نکالتا ہے ۔

اور اُسی نے ← رات کو (موجب) آرام (ٹھیرایا) ۔

اور ← سورج اور چاند کو (ذرائع) شمار بنایا ہے ۔ ← یہ خدا کے (مقرر کردہ) انداز ے ہیں ۔

← جو غالب (اور) علم والا ہے

اور وہی تو ہے جس نے ← تمہارے لئے ستارے بنائے ۔

تاکہ ← جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں میں اُن سے راستے معلوم کرو ۔ ← عقل والوں کے لئے ہم نے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں ۔

اور وہی تو ہے جس نے ← تم کو ایک شخص سے پیدا کیا ۔

پھر ← (تمہارے لئے) ایک ٹھیرنے کی جگہ ہے ۔

اور ← ایک سپرد ہونے کی ۔ ← سمجھنے والوں کیلئے ہم نے (اپنی) آیتیں کھول کھولکر بیان کر دی ہیں ۔

اور وہی تو ہے جو ← آسمان سے مینہ برساتا ہے ۔

Marfat.com

پھر ہم ہی ← اُس سے ہر طرح کی روئیدگی اُگاتے ہیں ؛

پھر ← اُسمیں سے سبز سبز کونپلیں نکالتے ہیں ؛

اور ← اُن کونپلوں میں سے ایک دوسرے کے ساتھ
جُڑے ہوئے دانے نکالتے ہیں ؛

اور ← کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے گچھے ؛

اور ← انگوروں کے باغ ؛

اور ← زیتون ؛

اور ← انار ؛

جو ← ایک دوسرے سے مِلتے جُلتے بھی ہیں ؛

اور ← نہیں بھی ملتے ؛

یہ چیزیں ← جب پھلتی ہیں تو ان کے پھلوں پر ؛

اور ← (جب پکتی ہیں تو) ان کے پکنے پر نظر کرو ؛ ← اِن میں اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں (قدرتِ خدا کی بہت سی) نشانیاں ہیں۔

انعام ——۱۰۲	بَدِيعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ○	(وہی) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنیوالا (ہے) اسکے اولاد کہاں سے ہو جبکہ اُس کی بیوی ہی نہیں۔ اور اُس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز سے باخبر ہے ؛	

سائنسی تجزیہ

← (وہی) آسمانوں ؛

اور ← زمین کا پیدا کرنے والا (ہے) ؛ ← اُس کے اولاد کہاں سے ہو جبکہ اُس کی بیوی ہی نہیں۔

← اور اُس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے۔

← اور وہ ہر چیز سے باخبر ہے۔

Marfat.com

انعام ـــ ۱۴۲ تا ۱۴۵

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ	اور خدا ہی تو ہے جس نے باغ پیدا کیے چھتریوں پر چڑھائے
وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ	ہوئے بھی اور جو چھتریوں پر نہیں چڑھائے ہوئے وہ بھی۔
مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ	اور کھجور اور کھیتی جن کے طرح طرح کے پھل ہوتے ہیں،
مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ	اور زیتون اور انار جو (بعض باتوں میں) ایکدوسرے سے
ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ	ملتے جلتے ہیں اور (بعض باتوں میں) نہیں ملتے جب یہ چیزیں
يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ	پھلیں تو انکے پھل کھاؤ اور جسدن (پھل توڑو اور کھیتی)
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ	کاٹو خدا کا حق بھی اسمیں سے ادا کرو اور بیجانہ اُڑانا کہ
الْمُسْرِفِيْنَ ۝	خدا بیجا اُڑانے والوں کو دوست نہیں رکھتا ؎
وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا	اور چارپایوں میں بوجھ اُٹھانیوالے (یعنی بڑے بڑے) بھی
مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا	پیدا کیے اور زمین سے لگے ہوئے (یعنی چھوٹے چھوٹے)
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ	بھی (پس) خدا کا دیا ہوا رزق کھاؤ اور شیطان کے
لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝	قدموں پر نہ چلو۔ وہ تمہارا صریح دشمن ہے ؎
ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ	(یہ بڑے چھوٹے چارپائے) آٹھ قسم کے (ہیں) دو (دو)
وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ	بھیڑوں میں سے اور دو (دو) بکریوں میں سے (یعنی
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ	ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ) (اے پیغمبر ان سے)
عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ	پوچھو کہ (خدا نے) دونوں (کے) نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں
نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ	(کی) مادینوں کو یا جو بچہ مادینوں کے پیٹ میں لپٹ
صٰدِقِيْنَ ۝	رہا ہو اُسے اگر سچے ہو تو مجھے سند سے بتاؤ ؎
وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ	اور دو (دو) اونٹوں میں سے اور دو (دو) گایوں میں سے
اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ	(انکے بارے میں بھی ان سے) پوچھو کہ (خدا نے) دونوں کے
الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ	نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں (کی) مادینوں کو یا جو بچہ
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ	مادینوں کے پیٹ میں لپٹ رہا ہو اُسکو۔ بھلا جسوقت خدا
اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ	نے تم کو اسکا حکم دیا تھا تم اسوقت موجود تھے؟ تو اُس
اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	شخص سے زیادہ کون ظالم ہے جو خدا پر جھوٹ افترا کرے
لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	تاکہ ازراہِ بے دانشی لوگوں کو گمراہ کرے۔ کچھ شک

Marfat.com

لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ○ نہیں کہ خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ÷

سائنسی تجزیہ

اور خدا ہی تو ہے جس نے ← باغ پیدا کئے چھتریوں پر چڑھائے ہوئے بھی ÷

اور جو ← چھتریوں پر نہیں چڑھائے ہوئے وہ بھی ÷

اور ← کھجور اور کھیتی جن کے طرح طرح کے پھل ہوتے ہیں ÷

اور ← زیتون اور انار جو (بعض باتوں میں) ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور (بعض باتوں میں) نہیں ملتے ÷ ← جب یہ چیزیں پھلیں تو ان کے پھل کھاؤ۔

← اور جس دن پھل توڑو اور کھیتی کاٹو تو خدا کا حق بھی اسمیں سے ادا کرو۔

← اور بیجانہ اُڑانا کہ خدا بیجا اُڑانے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

اور ← چارپایوں میں بوجھ اٹھانیوالے بھی پیدا کئے ÷

اور ← زمین سے لگے ہوئے بھی ÷ ← پس خدا کا دیا ہوا رزق کھا

← اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو

← وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔

یہ ← بڑے چھوٹے چارپائے آٹھ قسم کے ہیں ÷

← دو (دو) بھیڑوں میں سے ÷

اور ← دو (دو) بکریوں میں سے ÷ ← پوچھو کہ (خدا نے) دونوں (کے) نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں (کی) مادیوں کو۔

← یا جو بچہ مادیوں کے پیٹ میں لپٹ رہا ہو اُسے۔

Marfat.com

← اگر سچے ہو تو مجھے سند سے بتاؤ

اور ← دو (دو) اونٹوں میں سے

اور ← دو (دو) گایوں میں سے

← پوچھو کہ (خدا نے) دونوں (کے) نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں کی مادینوں کو۔

← یا جو بچہ مادینوں کے پیٹ میں لپٹ رہا ہو اس کو۔

← بھلا جس وقت خدا نے تمکو اسکا حکم دیا تھا وہ اسوقت موجود تھے؟

← تو اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جو خدا پر جھوٹ افترا کرے۔

← تاکہ از راہِ بے دانشی لوگوں کو گمراہ کرے۔

← کچھ شک نہیں کہ خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

اعراف ــــ ۱۰ تا ۱۱	وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ڰ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝	اور ہم ہی نے زمین میں تمہارا ٹھکانا بنایا اور اسمیں تمہارے لئے سامانِ معیشت پیدا کئے مگر تم کم ہی شکر کرتے ہو۔ اور ہم ہی نے تم کو (ابتدا میں مٹی سے) پیدا کیا پھر تمہاری شکل و صورت بنائی پھر فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے سجدہ کرو تو (سب نے) سجدہ کیا لیکن ابلیس کہ وہ سجدہ کرنے میں (شامل) نہ ہوا۔	۳۸

سائنسی تجزیہ

اور ہم ہی نے ← زمین میں تمہارا ٹھکانا بنایا۔

Marfat.com

اور	← اُسیں تمہارے لئے سامانِ معیشت پیدا کئے ⁂	← (مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو۔
اور ہم ہی نے	← تم کو (ابتداءً مٹی سے) پیدا کیا ⁂	
پھر	← تمہاری شکل و صورت بنائی ⁂	← پھر فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے سجدہ کرو تو (سب نے) سجدہ کیا۔
		← لیکن ابلیس کہ وہ سجدہ کرنے میں (شامل) نہ ہوا۔

اعراف ــــ ۵۴ *	إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَ النُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝	کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار خدا ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے کہ وہ اسکے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب اُسکے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں دیکھو سب مخلوق بھی اُسی کی ہے اور حکم بھی اُسی کا ہے یہ خدائے رب العالمین بڑی برکت والا ہے ⁂	

سائنسی تجزیہ

کچھ شک نہیں کہ	← تمہارا پروردگار خدا ہی ہے ⁂	
جس نے	← آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا ⁂	
پھر	← عرش پر جا ٹھہرا ⁂	
وہی	← رات کو دن کا لباس پہناتا ہے ⁂	
کہ وہ	← اُس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے ⁂	
اور اُسی نے	← سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا ⁂	← سب اُسکے حکم کیمطابق کام میں لگے ہوئے ہیں۔
		← دیکھو سب مخلوق بھی اُسی کی ہے اور حکم بھی۔
		← یہ خدائے رب العالمین

Marfat.com

— بڑی برکت والا ہے۔

اعراف — ۵۷ تا ۵۸	وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا	اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت (یعنی مینہ) سے پہلے
	بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَآ	ہواؤں کو خوشخبری (بناکر) بھیجتا ہے یہاں تک کہ جب وہ
	اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ	بھاری بھاری بادلوں کو اُٹھا لاتی ہے تو ہم اسکو ایک
	مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ	مری ہوئی بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر بادل سے
	فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ	مینہ برساتے ہیں پھر مینہ سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں
	الثَّمَرٰتِ ۚ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ	اسی طرح ہم مُردوں کو (زمین سے) زندہ کر کے باہر
	الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ	نکالیں گے۔ یہ (آیات اس لئے بیان کی جاتی ہیں)
	تَذَكَّرُوْنَ ○	تاکہ تم نصیحت پکڑو۔
	وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ	(جو) زمین پاکیزہ (ہے) اسمیں سے سبزہ بھی پروردگار
	رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا	کے حکم سے (نفیس ہی) نکلتا ہے اور جو خراب ہے اسمیں جو
	نَكِدًا ۚ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ	کچھ نکلتا ہے ناقص ہوتا ہے اسی طرح ہم آیتوں کو شکر گزار
	يَّشْكُرُوْنَ ○	لوگوں کے لئے پھیر کر بیان کرتے ہیں۔

سائنسی تجزیہ

اور وہی تو ہے جو اپنی

رحمت سے ← پہلے ہواؤں کو خوشخبری (بناکر) بھیجتا ہے۔

یہاں تک کہ جب وہ ← بھاری بھاری بادلوں کو اُٹھا لاتی ہے۔

تو ہم اُس کو ← ایک مری ہوئی بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔

پھر ← بادل سے مینہ برساتے ہیں۔

پھر ← مینہ سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں۔

اسی طرح سے ← ہم مُردوں کو (زمین سے) زندہ کر کے باہر نکالینگے۔ یہ (آیات اسلئے بیان کی جاتی ہیں) تاکہ تم نصیحت پکڑو

← جو زمین پاکیزہ (ہے) اُسمیں سے سبزہ بھی پروردگار کے حکم سے (نفیس ہی) نکلتا ہے۔

Marfat.com

← اور جو خراب ہے اسمیں جو کچھ نکلتا ہے ناقص ہوتا ہے۔

← اسی طرح ہم آیتوں کو شکر گزار لوگوں کے لئے پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں۔

اعراف — ۱۸۵	أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ ۙ وَأَنْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ○	کیا انھوں نے آسمان اور زمین کی بادشاہت میں اور جو چیزیں خدا نے پیدا کی ہیں اُن پر نظر نہیں کی۔ اور اس بات پر (خیال نہیں کیا) کہ عجب نہیں اُن (کی موت) کا وقت نزدیک پہنچ گیا ہو۔ تو اس کے بعد وہ اور کس بات پر ایمان لائیں گے؟ ؛	

سائنسی تجزیہ

کیا انھوں نے ← آسمان اور زمین کی بادشاہت میں ؛

اور ← جو چیزیں خدا نے پیدا کی ہیں اُن پر نظر نہیں کی ؛

اور اس بات پر ← (خیال نہیں کیا) کہ عجب نہیں اُن (کی موت) کا وقت نزدیک پہنچ گیا ہو ؛

← تو اسکے بعد وہ اور کس بات پر ایمان لائیں گے؟

اعراف — ۱۸۹	هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا ۖ فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ ۖ فَلَمَّا أَثْقَلَت دَّعَوَا اللَّهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ○	وہ خدا ہی تو ہے جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا۔ اور اُس سے اُسکا جوڑا بنایا تاکہ اُس سے راحت حاصل کرے۔ سو جب وہ اسکے پاس جاتا ہے تو اُسے ہلکا سا حمل رہ جاتا ہے اور وہ اسکے ساتھ چلتی پھرتی ہے۔ پھر جب کچھ بوجھ معلوم کرتی (یعنی بچہ پیٹ میں بڑا ہوتا) ہے تو دونوں (میاں بیوی) اپنے پروردگار خدائے عزوجل سے التجا کرتے ہیں کہ اگر تو ہمیں صحیح وسالم (بچہ) دیگا تو ہم تیرے شکر گزار ہونگے ؛	Single cell.

سائنسی تجزیہ

Marfat.com

وہ خداہی تو ہے جسنے	←	تم کو ایک شخص سے پیدا کیا ؛
اور	←	اُس سے اُسکا جوڑا بنایا ؛
تاکہ	←	اُس سے راحت حاصل کرے ؛
سو	←	جب وہ اُس کے پاس جاتا ہے ؛
تو	←	اُسے ہلکا سا حمل رہ جاتا ہے ؛
اور		وہ اُس کے ساتھ چلتی پھرتی ہے ؛
پھر	←	جب کچھ بوجھ معلوم کرتی (یعنی بچہ پیٹ میں بڑا ہوتا ہے) ← تو دونوں (میاں بیوی) اپنے پروردگار خدائے عزوجل سے التجا کرتے ہیں کہ اگر تو ہمیں صحیح وسالم (بچہ) دیگا تو ہم تیرے شکرگزار ہونگے۔

توبہ ـــــ ۱۱۶	إِنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۚ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ○	خدا ہی ہے جس کیلئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے وہی زندگانی بخشتا ہے اور (وہی) موت دیتا ہے اور خدا کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے ؛	

سائنسی تجزیہ

خدا ہی ہے	←	جس کے لئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے ؛
وہی	←	زندگانی بخشتا اور (وہی) موت دیتا ہے ؛ ← اور خدا کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے

یونس ـــــ ۳	إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۖ مَا مِن شَفِيعٍ إِلَّا مِن بَعْدِ إِذْنِهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ○	تمہارا پروردگار تو خدا ہی ہے جسنے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے پھر عرش (تختِ شاہی) پر قائم ہوا وہی ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے۔ کوئی (اسکے پاس) اسکا اذن حاصل کئے بغیر (کسی کی) سفارش نہیں کرسکتا۔ یہی خدا تمہارا پروردگار ہے تو اُسی کی عبادت کرو۔ بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے ؛	

سائنسی تجزیہ

Marfat.com

تمہارا پروردگار تو خدا ہی ہے ← جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے ؛

پھر ← عرش (تختِ شاہی) پر قائم ہوا ؛

وہی ← ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے ؛ ← کوئی اسکا اذن حاصل کئے بغیر سفارش نہیں کرسکتا۔

← یہی خدا تمہارا پروردگار ہے

← تو اُسی کی عبادت کرو۔

← بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے

یونس ــــ ۵ تا ۶	هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً	وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور بنایا	
	وَالْقَمَرَ نُورًا وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا	اور چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور	
	عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ مَا خَلَقَ	(کاموں کا) حساب معلوم کرو یہ (سب کچھ) خدا نے تدبیر	
	اللَّهُ ذَٰلِكَ إِلَّا بِالْحَقِّ ج يُفَصِّلُ	سے پیدا کیا ہے سمجھنے والوں کے لئے وہ اپنی آیتیں کھول	
	الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ○	کھول کر بیان فرماتا ہے ؛	
	إِنَّ فِي اخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ	رات اور دن کے (ایک دوسرے کے پیچھے) آنے جانے	
	وَمَا خَلَقَ اللَّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَ	میں اور جو چیزیں خدا نے آسمان اور زمین میں پیدا	
	الْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَّقُونَ ○	کی ہیں (سب میں) ڈرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں ؛	

سائنسی تجزیہ

وہی تو ہے جس نے ← سورج کو روشن ؛

اور ← چاند کو منور بنایا ؛

اور ← چاند کی منزلیں مقرر کیں ؛

تاکہ ← تم برسوں کا شمار اور حساب معلوم کرو ؛ ← یہ (سب کچھ) خدا نے تدبیر سے پیدا کیا ہے۔

← سمجھنے والوں کیلئے وہ اپنی آیتیں کھولکر بیان فرماتا ہے۔

← رات اور دن کے ایکدوسرے کے پیچھے آنے جانے میں ؛

Marfat.com

اور ← جو چیزیں خدا نے آسمان اور زمین میں پیدا کی ہیں :- ← (سب میں) ڈرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

یونس — ۲۲ تا ۲۴	هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ	وہی تو ہے جو تم کو جنگل اور دریا میں چلنے پھرنے اور سیر
	حَتَّىٰ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ	کرنے کی توفیق دیتا ہے یہانتک کہ جب تم کشتیوں میں
	بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا	سوار ہوتے ہو اور کشتیاں پاکیزہ ہوا (کے نرم نرم جھونکوں)
	رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ	سے سواروں کو لیکر چلنے لگتی ہیں اور وہ اُن سے خوش
	مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا	ہوتے ہیں تو ناگہاں زناٹے کی ہوا چل پڑتی ہے اور
	أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا	لہریں ہر طرف سے اُن پر (جوش مارتی ہوئی) آنے
	اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ	لگتی ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ (اب تو) لہروں میں
	لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ	گھر گئے تو اُسوقت خالص خدا ہی کی عبادت کر کے
	لَنَكُونَنَّ مِنَ	اُس سے دعا مانگنے لگتے ہیں کہ (اے خدا) اگر تو ہم کو
	الشَّاكِرِينَ ○	اس سے نجات بخشے تو ہم (تیرے) بہت ہی شکرگزار ہوں
	فَلَمَّا أَنجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ	لیکن جب وہ اُن کو نجات دیدیتا ہے تو ملک میں ناحق
	بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ	شرارت کرنے لگتے ہیں۔ لوگو! تمہاری شرارت کا
	عَلَىٰ أَنفُسِكُم ۖ مَّتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا	وبال تمہاری ہی جانوں پر ہوگا۔ تم دُنیا کی زندگی
	ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُم بِمَا	کے فائدے اُٹھا لو پھر تم کو ہمارے ہی پاس لوٹکر آنا ہے
	كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○	اُسوقت ہم تمکو بتائیں گے جو کچھ تم کیا کرتے تھے ؛
	إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ	دُنیا کی زندگی کی مثال مینہ کی سی ہے کہ ہم نے اسکو
	أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ	آسمان سے برسایا۔ پھر اسکے ساتھ سبزہ جسے آدمی
	نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ	اور جانور کھاتے ہیں ملکر نکلا یہانتک کہ زمین سبزے
	وَالْأَنْعَامُ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ	سے خوشنما اور آراستہ ہو گئی اور زمین والوں نے
	زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ	خیال کیا کہ وہ اس پر پوری دسترس رکھتے ہیں ناگہاں
	قَادِرُونَ عَلَيْهَا أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا	رات کو یا دن کو ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا تو ہمنے اسکو
	أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَن لَّمْ	کاٹ کر ایسا کر ڈالا کہ گویا کل وہاں کچھ تھا ہی نہیں۔
	تَغْنَ بِالْأَمْسِ ۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ	جو لوگ غور کرنے والے ہیں اُنکے لئے ہم (اپنی قدرت کی)

Marfat.com

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○	نشانیاں اسی طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں ﴿

سائنسی تجزیہ

وہی تو ہے جو ← تم کو جنگل اور دریا میں چلنے پھرنے اور سیر کرنے کی توفیق دیتا ہے ﴿

یہاں تک کہ ← جب تم کشتیوں میں (سوار) ہوتے ہو ﴿

اور ← کشتیاں پاکیزہ ہوا (کے نرم نرم جھونکوں) سے سواروں کو لیکر چلنے لگتی ہیں اور وہ اُن سے خوش ہوتے ہیں ﴿

تو ← ناگہاں زناٹے کی ہوا چل پڑتی ہے ﴿

اور ← لہریں ہر طرف سے اُن پر (جوش مارتی ہوئی) آنے لگتی ہیں ﴿

اور ← وہ خیال کرتے ہیں کہ (اب تو) لہروں میں گھر گئے ﴿ تو اُسوقت خالص خدا ہی کی عبادت کر کے اُس سے دُعا مانگنے لگتے ہیں کہ (اے خدا) اگر تو ہمکو اس سے نجات بخشے تو ہم (تیرے) بہت شکر گزار ہوں۔

← لیکن جب وہ اُن کو نجات دیدیتا ہے تو ملک میں ناحق شرارت کرنے لگتے ہیں

← لوگو! تمہاری شرارت کا وبال تمہاری ہی جانوں پر ہو گا۔

← تم دُنیا کی زندگی کے فائدے اُٹھا لو پھر تم کو ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے۔

Marfat.com

← اسوقت ہم تم کو بتائیں گے جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔

دُنیا کی زندگی کی مثال ← مینہ کی سی ہے ؛

کہ ہم نے ← اُس کو آسمان سے برسایا ؛

پھر ← اُس کے ساتھ سبزہ جسے آدمی اور جانور کھاتے ہیں
مل کر نکلا ؛

یہانتک کہ ← زمین سبزے سے خوشنما اور آراستہ ہوگئی ؛

اور ← زمین والوں نے خیال کیا کہ وہ اُس پر پوری
دسترس رکھتے ہیں ؛

ناگہاں ← رات کو یا دن کو ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا ؛

تو ہم نے ← اُس کو کاٹ کر ایسا کر ڈالا کہ گویا کل وہاں کچھ
تھا ہی نہیں ؛

← جو لوگ غور کرنے والے ہیں اُنکے لئے ہم اپنی قدرت کی نشانیاں اسی طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

یونس ـــــ ۳۱	قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○	(اُن سے) پوچھو کہ تم کو آسمان اور زمین میں رزق کون دیتا ہے یا (تمہارے) کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے اور بے جان سے جاندار کون پیدا کرتا ہے اور جاندار سے بیجان کون پیدا کرتا ہے اور دُنیا کے کاموں کا انتظام کون کرتا ہے ؟ جھٹ کہدینگے کہ خدا۔ تو کہو کہ پھر تم (خدا سے) ڈرتے کیوں نہیں ؛	

سائنسی تجزیہ

(اُن سے) پُوچھو کہ ← تم کو آسمان اور زمین میں رزق کون دیتا ہے ؛

یا ← (تمہارے) کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے ؛

اور ← بے جان سے جاندار کون پیدا کرتا ہے ؛

Marfat.com

اور ← جاندار سے بیجان کون پیدا کرتا ہے ؛
اور ← دُنیا کے کاموں کا انتظام کون کرتا ہے ؟ ؛ ← جھٹ کہد ینگے کہ خدا۔
← تو کہو کہ پھر تم (خدا سے) ڈرتے کیوں نہیں۔

یُونس ـــــ ۳۴	قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۚ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ○	(اُن سے) پوچھو کہ بھلا تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے کہ مخلوقات کو ابتداءً پیدا کرے (اور) پھر اسکو دوبارہ بنائے کہدو کہ خدا ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی اسکو دوبارہ پیدا کریگا تو تم کہاں اُلٹے جا رہے ہو ؛	

سائنسی تجزیہ

(ان سے) پوچھو کہ بھلا
تمہارے شریکوں میں
کوئی ایسا ہے کہ ← مخلوقات کو ابتداءً پیدا کرے ؛
(اور) پھر ← اُس کو دوبارہ بنائے ؛ ← کہدو کہ خدا ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے۔
← پھر وہی اُس کو دوبارہ پیدا کرے گا۔
← تو تم کہاں اُلٹے جا رہے ہو۔

یُونس ـــــ ۵۶	هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○	وہی جان بخشتا اور (وہی) موت دیتا ہے اور تم لوگ اُسی کیطرف لوٹ کر جاؤ گے ؛	

سائنسی تجزیہ

وہی ← جان بخشتا ؛
اور وہی ← موت دیتا ہے ؛ ← اور تم لوگ اسی کیطرف لوٹ کر جاؤ گے۔

یُونس ـــــ ۶۷	هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ	وہی تو ہے جسنے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ اسمیں آرام کرو۔ اور روز روشن بنایا (تاکہ اسمیں کام کرو) جو لوگ	

Marfat.com

	لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ○	مادۂ سماعت رکھتے ہیں اُن کے لئے انہیں نشانیاں ہیں ۔	

سائنسی تجزیہ

وہی تو ہے جس نے ← تمہارے لئے رات بنائی ۔ ← تاکہ اسمیں آرام کرو۔

اور ← روز روشن بنایا ۔ ← تاکہ اسمیں کام کرو۔

← جو لوگ مادہ سماعت رکھتے ہیں اُن کے لئے انہیں نشانیاں ہیں۔

یونس ــــ ۱۰۱	قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِی الْاٰیٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ○	(ان سے) کہو کہ دیکھو تو آسمانوں اور زمین میں کیا کیا کچھ ہے ؟ مگر جو لوگ ایمان نہیں رکھتے اُن کو نشانیاں اور ڈراوے کچھ کام نہیں آتے ۔	

سائنسی تجزیہ

(ان سے) کہو کہ ← دیکھو تو آسمانوں اور زمین میں کیا کیا کچھ ہے ۔ ← مگر جو لوگ ایمان نہیں رکھتے اُن کو نشانیاں اور ڈراوے کچھ کام نہیں آتے ۔

ہود ــــ ۶ تا ۷	وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ○ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَی الْمَآءِ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ○	اور زمین پر کوئی چلنے پھرنے والا نہیں مگر اسکا رزق خدا کے ذمہ ہے وہ جہاں رہتا ہے اُسے بھی جانتا ہے اور جہاں سونپا جاتا ہے اُسے بھی ۔ یہ سب کچھ کتاب روشن میں (لکھا ہوا) ہے ۔ اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا اور (اُسوقت) اسکا عرش پانی پر تھا (تمہارے پیدا کرنے سے) مقصود یہ ہے کہ وہ تم کو آزمائے کہ تم میں عمل کے لحاظ سے کون بہتر ہے ۔ اور اگر تم کہو کہ تم لوگ مرنے کے بعد (زندہ کرکے) اُٹھائے جاؤ گے تو کافر کہدیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہے ۔	

سائنسی تجزیہ

اور زمین پر کوئی چلنے

Marfat.com

پھرنے والا نہیں مگر ← اُسکا رزق خدا کے ذمہ ہے ۔
← وہ جہاں رہتا ہے اُسے بھی جانتا ہے ۔
اور ← جہاں سونپا جاتا ہے اُسے بھی ۔ ← یہ سب کچھ کتاب روشن میں (لکھا ہوا) ہے ۔

اور وہی تو ہے جس نے ← آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا ۔
اور (اسوقت) ← اُسکا عرش پانی پر تھا ۔ ← (تمہارے پیدا کرنے سے) مقصود یہ ہے کہ وہ تمکو آزمائے کہ تم میں عمل کے لحاظ سے کون بہتر ہے ۔
← اور اگر تم کہو کہ تم لوگ مرنے کے بعد (زندہ کر کے) اُٹھائے جاؤ گے تو کافر کہہ دیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہے ۔

رعد ـــ ۲ تا ۴	اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی ۭ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ○	خدا وہی تو ہے جس نے ستونوں کے بغیر آسمان جیسا کہ تم دیکھتے ہو (اتنے) اونچے بنائے ۔ پھر عرش پر جا ٹھیرا اور سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا ۔ ہر ایک ایک میعاد معین تک گردش کر رہا ہے وہی (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتا ہے (اس طرح) وہ اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتا ہے کہ تم اپنے پروردگار کے روبرو جانے کا یقین کرو ۔
	وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْهٰرًا ۭ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ	اور وہ وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور اسمیں پہاڑ اور دریا پیدا کئے ۔ اور ہر طرح کے میووں کی دو دو قسمیں بنائیں ۔ وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے ۔ غور کرنے والوں کے لئے اسمیں بہت

Marfat.com

لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ○	سی نشانیاں ہیں ؂
وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّ	اور زمین میں کئی طرح کے قطعات ہیں۔ ایک
جَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّ زَرْعٌ وَّ نَخِیْلٌ	دوسرے سے ملے ہوئے اور انگور کے باغ اور
صِنْوَانٌ وَّ غَیْرُ صِنْوَانٍ یُّسْقٰی	کھیتی اور کھجور کے درخت۔ بعض کی بہت
بِمَآءٍ وَّاحِدٍ وَّ نُفَضِّلُ بَعْضَهَا	سی شاخیں ہیں اور بعض کی اتنی نہیں ہوتیں۔
عَلٰی بَعْضٍ فِی الْاُكُلِ اِنَّ	(باوجودیکہ) پانی سب کو ایک ہی ملتا ہے۔ اور
فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ	ہم بعض میووں کو بعض پر لذت میں فضیلت دیتے
یَّعْقِلُوْنَ ○	ہیں اور اس میں سمجھنے والوں کیلئے بہت سی نشانیاں ہیں ؂

سائنسی تجزیہ

خدا وہی تو ہے جس نے ← ستونوں کے بغیر آسمان جیسا کہ تم دیکھتے ہو اتنے اونچے بنائے ؂

پھر ← عرش پر جا ٹھہرا ؂

اور ← سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا ؂

ہر ایک ← ایک میعاد معین تک گردش کر رہا ہے ؂

وہی ← (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتا ہے ؂ ← (اس طرح) وہ اپنی آیتیں کھول کھولکر بیان کرتا ہے ← کہ تم اپنے پروردگار کے روبرو جانے کا یقین کرو۔

اور وہی تو ہے جس نے ← زمین کو پھیلایا ؂

اور ← اسمیں پہاڑ اور دریا پیدا کیے ؂

اور ← ہر طرح کے میووں کی دو دو قسمیں بنائیں ؂

وہی ← رات کو دن کا لباس پہناتا ہے ؂ ← غور کرنے والوں کے لئے اسمیں بہت سی نشانیاں ہیں۔

اور ← زمین میں کئی طرح کے قطعات ہیں ؂

← ایک دوسرے سے ملے ہوئے ؂

Marfat.com

اور ← انگور کے باغ ؛

اور ← کھیتی ؛

اور ← کھجور کے درخت ؛

← بعض کی بہت سی شاخیں ہیں ؛

اور ← بعض کی اتنی نہیں ہوتیں ؛

(باوجودیکہ) ← پانی سب کو ایک ہی ملتا ہے ؛

اور ہم ← بعض میووں کو بعض پر لذت میں فضیلت دیتے ہیں ؛

← اور اسمیں سمجھنے والوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں۔

رعد ــــ ۸ تا ۹	اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَ مَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ○ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ○	خدا ہی اُس بچے سے واقف ہے جو عورت کے پیٹ میں ہوتا ہے اور پیٹ کے سکڑنے اور بڑھنے سے بھی (واقف ہے) اور ہر چیز کا اسکے ہاں ایک اندازہ مقرر ہے۔ وہ دانائے نہاں وآشکار ہے۔ سب سے بزرگ (اور) عالی رُتبہ ہے ؛	

سائنسی تجزیہ

خدا ہی ← اُس بچے سے واقف ہے جو عورت کے پیٹ میں ہوتا ہے ؛

اور ← پیٹ کے سکڑنے اور بڑھنے سے بھی واقف ہے ؛

اور ← ہر چیز کا اسکے ہاں ایک اندازہ مقرر ہے ؛ ← وہ دانائے نہاں وآشکار ہے۔

← سب سے بزرگ (اور) عالی رُتبہ ہے۔

رعد ــــ ۱۲	هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ○	اور وہی تو ہے جو تم کو ڈرانے اور اُمید دلانے کیلئے بجلی دکھاتا اور بھاری بھاری بادل پیدا کرتا ہے ؛	

سائنسی تجزیہ

اور وہی تو ہے ← جو تم کو ڈرانے

Marfat.com

اور ← اُمید دلانے کے لئے بجلی دکھاتا ہے

اور ← بھاری بھاری بادل پیدا کرتا ہے

رعد ـــــ ۱۵ تا ۱۹	وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	اور جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی سے
	طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ	یا زبردستی سے خدا کے آگے سجدہ کرتی ہے اور اُن کے
	وَالْاٰصَالِ ۝	سائے بھی صبح و شام (سجدے کرتے ہیں) ؛
	قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟
	قُلِ اللّٰهُ ۚ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ	(تمہیں ان کی طرف سے) کہدو کہ خدا۔ پھر (ان سے)
	دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ	کہو کہ تم نے خدا کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کو کیوں کارساز
	لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۚ قُلْ	بنایا ہے جو خود اپنے نفع و نقصان کا بھی اختیار
	هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ	نہیں رکھتے (یہ بھی) پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں
	اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ	والا برابر ہیں؟ یا اندھیرا اور اُجالا برابر ہو سکتا ہے؟
	اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا	بھلا ان لوگوں نے جن کو خدا کا شریک مقرر کیا ہے کیا
	كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ	انھوں نے خدا کی سی مخلوقات پیدا کی ہے جسکے سبب
	قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ	اُن کو مخلوقات مشتبہ ہو گئی ہے۔ کہدو کہ خدا ہی
	وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝	ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ یکتا (اور) زبردست ہے
	اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ	اسی نے آسمان سے مینہ برسایا پھر اس سے اپنے
	بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا	اپنے اندازے کے مطابق نالے بہ نکلے پھر نالے پر پھولا
	رَّابِيًا ۭ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ	ہوا جھاگ آگیا۔ اور جس چیز کو زیور یا کوئی اور سامان
	فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ	بنانے کے لئے آگ میں تپاتے ہیں اس میں بھی ایسا ہی
	زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ	جھاگ ہوتا ہے۔ اس طرح خدا حق اور باطل کی
	الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۭ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ	مثال بیان فرماتا ہے۔ سو جھاگ تو سوکھ کر زائل
	جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ	ہو جاتا ہے اور (پانی) جو لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے
	فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ۭ كَذٰلِكَ	وہ زمین میں ٹھیرا رہتا ہے۔ اسطرح خدا صحیح اور
	يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ۝	غلط کی مثالیں بیان فرماتا ہے (تاکہ تم سمجھو) ؛

Marfat.com

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ۔ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۔ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۔ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ۔ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝	جن لوگوں نے خدا کے حکم کو قبول کیا اُنکی حالت بہت بہتر ہوگی۔ اور جنھوں نے اُس کو قبول نہ کیا اگر رُوئے زمین کے سب خزانے اُن کے اختیار میں ہوں تو وہ سب کے سب اور انکے ساتھ اتنے ہی اور (نجات کے) بدلے میں صرف کر ڈالیں (مگر نجات کہاں)؟ ایسے لوگوں کا حساب بھی بُرا ہوگا اور اُن کا ٹھکانا بھی دوزخ ہے اور وہ بُری جگہ ہے :. بھلا جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو کچھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے حق ہے وہ اُس شخص کی طرح ہے جو اندھا ہے؟ اور سمجھتے تو وہی ہیں جو عقلمند ہیں :.

سائنسی تجزیہ

اور ← جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی سے یا زبردستی سے خدا کے آگے سجدہ کرتی ہے :.

اور ← اُن کے سائے بھی صبح و شام (سجدہ کرتے ہیں) :. ← اُن سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟

← (تم ہی اِن کی طرف سے) کہہ دو کہ خدا۔

← پھر (اُن سے) کہو کہ تم نے خدا کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کو کیوں کارساز بنایا ہے جو خود اپنے نفع و نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے۔

Marfat.com

← (یہ بھی) پُوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہیں؟
← یا اندھیرا اور اُجالا برابر ہو سکتا ہے؟
← بھلا ان لوگوں نے جن کو خدا کا شریک مقرر کیا ہے کیا انھوں نے خدا کی سی مخلوقات پیدا کی ہے جس کے سبب ان کو مخلوقات مشتبہ ہو گئی ہے۔

کہدو کہ خدا ہی ← ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے ← اور وہ یکتا اور زبردست ہے

اُسی نے ← آسمان سے مینہ برسایا

پھر ← اُس سے اپنے اپنے اندازے کے مطابق نالے بہ نکلے

پھر ← نالے پر پھُولا ہوا جھاگ آ گیا

اور ← جس چیز کو زیور یا کوئی اور سامان بنانے کے لئے آگ پر تپاتے ہیں اُس میں بھی ایسا ہی جھاگ ہوتا ہے ← اس طرح خدا حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے

سو ← جھاگ تو سُوکھ کر زائل ہو جاتا ہے

اور ← (پانی) جو لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے وہ زمین میں ٹھیرا رہتا ہے ← اس طرح خدا صحیح اور غلط کی مثالیں بیان فرماتا ہے (تاکہ تم سمجھو)۔

← جن لوگوں نے خدا کے حکم

Marfat.com

کو قبول کیا اُن کی حالت
بہت بہتر ہوگی۔
← اور جنھوں نے اسکو قبول نہ
کیا اگر روئے زمین کے سب
خزانے اُنکے اختیار میں
ہوں تو وہ سب کے سب
اور انکے ساتھ اتنے ہی
اور (نجات کے) بدلے
میں صرف کر ڈالیں (مگر
نجات نہیں پا سکتے) ایسے
لوگوں کا حساب بھی بُرا ہوگا
اور اُن کا ٹھکانا بھی دوزخ
ہے اور وہ بُری جگہ ہے۔
← بھلا جو شخص یہ جانتا ہے
کہ جو کچھ تمہارے پروردگار
کی طرف سے تم پر نازل ہوا
ہے حق ہے وہ اُس شخص
کی طرح ہے جو اندھا ہے؟
← اور سمجھتے تو وہی ہیں جو
عقلمند ہیں۔

ابراہیم ــــ ۱۹ تا ۲۰	أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ○ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ○	کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا ہے؟ اگر وہ چاہے تو تم کو نابود کر دے اور (تمہاری جگہ) نئی مخلوق پیدا کر دے اور یہ خدا کو کچھ بھی مشکل نہیں ؕ	

سائنسی تجزیہ

Marfat.com

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ ← خدا نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا ہے؟
اگر وہ چاہے تو ← تم کو نابود کر دے اور نئی مخلوق پیدا کر دے ← اور یہ خدا کو کچھ بھی مشکل نہیں

ابراہیم ـــ ۳۲ تا ۳۳	اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآىِٕبَیْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ۝	خدا ہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ اور آسمان سے مینہ برسایا۔ پھر اس سے تمہارے کھانے کے لئے پھل پیدا کئے اور کشتیوں (اور جہازوں) کو تمہارے زیر فرمان کیا تاکہ دریا (اور سمندر) میں اسکے حکم سے چلیں اور نہروں کو بھی تمہارے زیر فرمان کیا۔ اور سورج اور چاند کو تمہارے لئے کام میں لگا دیا کہ دونوں (دن رات) ایک دستور پر چل رہے ہیں۔ اور رات اور دن کو بھی تمہاری خاطر کام میں لگا دیا۔

سائنسی تجزیہ

خدا ہی تو ہے جس نے ← آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا
اور ← آسمان سے مینہ برسایا
پھر ← اُس سے تمہارے کھانے کے لئے پھل پیدا کئے
اور ← کشتیوں (اور جہازوں) کو تمہارے زیر فرمان کیا
تاکہ دریا (اور سمندر) میں اُسکے حکم سے چلیں
اور ← نہروں کو بھی تمہارے زیر فرمان کیا
اور ← سورج اور چاند کو تمہارے لئے کام میں لگا دیا
کہ ← دونوں (دن رات) ایک دستور پر چل رہے ہیں
اور ← رات اور دن کو بھی تمہاری خاطر کام میں لگا دیا

حجر ـــ ۱۶	وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیْنَ ۝	اور ہم ہی نے آسمان میں برج بنائے اور دیکھنے والوں کے لئے اس کو سجا دیا

سائنسی تجزیہ

اور ← ہم ہی نے آسمان میں برج بنائے ← اور دیکھنے والوں کیلئے اسکو سجا دیا

Marfat.com

حجر ۔۔۔ ۱۹	وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ○	اور زمین کو بھی ہم ہی نے پھیلایا اور اس پر پہاڑ بنا کر رکھ دیئے اور اسمیں ہر ایک مناسب چیز اگائی ؏	

سائنسی تجزیہ

اور ← زمین کو بھی ہم ہی نے پھیلایا ؏

اور ← اُس پر پہاڑ (بنا کر) رکھدیئے ؏

اور ← اُس میں ہر ایک مناسب چیز اُگائی ؏

حجر ۔۔۔ ۲۲تا۲۳	وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ○ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ○	اور ہم ہی ہوائیں چلاتے ہیں (جو بادلوں کے پانی سے) بھری ہوئی (ہوتی ہیں) اور ہم ہی آسمان سے مینہ برساتے ہیں اور ہم ہی تم کو اسکا پانی پلاتے ہیں اور تم تو اسکا خزانہ نہیں رکھتے ؏ اور ہم ہی حیات بخشتے اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہم ہی (سب کے) وارث (مالک) ہیں ؏	

سائنسی تجزیہ

اور ہم ہی ← ہوائیں چلاتے ہیں (جو بادلوں کے پانی سے) بھری ہوئی (ہوتی ہیں) ؏

اور ہم ہی ← آسمان سے مینہ برساتے ہیں ؏

اور ہم ہی ← تم کو اسکا پانی پلاتے ہیں ؏ ← اور تم تو اسکا خزانہ نہیں رکھتے۔

اور ہم ہی ← حیات بخشتے ؏

اور ہم ہی ← موت دیتے ہیں ؏ ← اور ہم ہی (سب کے) وارث (مالک) ہیں۔

Marfat.com

حجر ــــ ۲۶ تا ۲۹	وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ○	اور ہم نے انسان کو کھنکھناتے[۱] سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا ہے ؛
	وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ○	اور جنّوں کو اس سے بھی پہلے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا تھا ؛
	وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ○	اور جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں کھنکھناتے[۱] سڑے ہوئے گارے سے ایک بشر بنانے والا ہوں ؛
	فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ○	جب اُس کو (صورت انسانیہ میں) درست کرلو اور اسمیں اپنی (بے بہا چیز یعنی) روح پھونک دوں تو اسکے آگے سجدے میں گر پڑنا ؛

سائنسی تجزیہ

اور ہم نے ← انسان کو کھنکھناتے[۱] سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا ہے۔

اور ← جنّوں کو اس سے بھی پہلے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا تھا۔

اور جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں کھنکھناتے[۱] سڑے ہوئے گارے سے ایک بشر بنانے والا ہوں۔

جب ← اُس کو (صورتِ انسانیہ میں) درست کرلوں ؛

اور ← اُس میں اپنی (بے بہا چیز یعنی) رُوح پھونک دوں ؛ ← تو اُسکے آگے سجدے میں گر پڑنا۔

[۱] سڑی ہوئی مٹی جب خشک ہوجاتی ہے تو اس پر ایک پپڑی جمتی ہے اسکو اگر توڑا جائے تو چٹکنے کی آواز نکلتی ہے اس کو صلصال کہتے ہیں۔ کھنکھنا مناسب ترجمہ نہیں ہے۔

Marfat.com

حجر ۔۔۔ ۸۵

آیت	ترجمہ
وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ	اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات)
مَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ	اُن میں ہے اُس کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے۔
السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ	اور قیامت تو ضرور آکر رہے گی تو تم (ان لوگوں
الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ۝	سے) اچھی طرح سے درگزر کرو۔

سائنسی تجزیہ

اور ہم نے ← آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) اُنمیں ہے
اُن کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے۔

اور ← قیامت تو ضرور آکر رہے گی۔ ← تو تم (ان لوگوں سے)
اچھی طرح درگزر کرو۔

نحل ۔۔۔ ۳ تا ۲۱ ✓

آیت	ترجمہ
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ	اُسی نے آسمانوں اور زمین کو مبنی برحکمت پیدا کیا اُسکی
تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝	ذات ان (کافروں) کے شرک سے اُونچی ہے۔
خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا	اسی نے انسان کو نطفے سے بنایا مگر وہ اُس (خالق)
هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝	کے بارے میں علانیہ جھگڑنے لگا۔
وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا	اور چارپایوں کو بھی اُسی نے پیدا کیا۔ اُنمیں تمہارے
دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا	لئے جڑاول اور بہت سے فائدے ہیں اور اُن
تَاْكُلُوْنَ ۝	میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو۔
وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ	اور جب شام کو اُنھیں (جنگل سے) لاتے ہو اور جب صبح
وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝	کو (جنگل) چرانے لیجاتے ہو تو اُنسے تمہاری عزت وشان ہے۔
وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ	اور (دور دراز) شہروں میں جہاں تم زحمتِ شاقہ کے
لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ	بغیر پہنچ نہیں سکتے وہ تمہارے بوجھ اُٹھا کر لیجاتے ہیں
الْاَنْفُسِ ۭ اِنَّ رَبَّكُمْ	کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار نہایت شفقت والا
لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝	(اور) مہربان ہے۔
وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ	اور اسی نے گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کئے تاکہ

Marfat.com

لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ	تم اُن پر سوار ہو اور وہ تمہارے لئے رونق و زینت
وَيَخْلُقُ مَا لَا	(بھی ہیں) اور وہ (اور چیزیں بھی) پیدا کرتا ہے جنکی
تَعْلَمُونَ ○	تم کو خبر نہیں ۔
وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَ	اور رستہ تو خدا تک جا پہنچتا ہے اور بعض رستے
مِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ	ٹیڑھے ہیں (وہ اُس تک نہیں پہنچتے) اور اگر وہ چاہتا
أَجْمَعِينَ ○	تو تم سب کو سیدھے رستے پر چلا دیتا ۔
هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً	وہی تو ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جسے تم پیتے
لَكُمْ مِنْهُ شَرَابٌ وَمِنْهُ شَجَرٌ	ہو اور اس سے درخت بھی (شاداب ہوتے) ہیں
فِيهِ تُسِيمُونَ ○	جنہیں تم اپنے چارپایوں کو چراتے ہو ۔
يُنْبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ	اسی پانی سے وہ تمہارے لئے کھیتی اور زیتون اور
وَالنَّخِيلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ	کھجور اور انگور (اور بیشمار درخت) اگاتا ہے اور ہر
الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً	طرح کے پھل (پیدا کرتا ہے) غور کرنیوالوں کے لئے
لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ○	اسمیں (قدرت خدا کی) بڑی نشانی ہے ۔
وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ	اور اسی نے تمہارے لئے رات اور دن اور سورج اور
وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ	چاند کو کام میں لگایا اور اُسی کے حکم سے ستارے بھی
بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ	کام میں لگے ہوئے ہیں سمجھنے والوں کے لئے اسمیں (قدرت
لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ○	خدا کی بہت سی) نشانیاں ہیں ۔
وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا	اور طرح طرح کے رنگوں کی چیزیں اُس نے زمین میں
أَلْوَانُهُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ	پیدا کیں (سب تمہارے زیر فرمان کردیں) نصیحت
يَذَّكَّرُونَ ○	پکڑنے والوں کے لئے اسمیں نشانی ہے ۔
وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا	اور وہی تو ہے جس نے دریا کو تمہارے اختیار میں کیا
مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا	تاکہ اسمیں سے تازہ گوشت کھاؤ۔ اور اس سے زیور
مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ وَ	(موتی وغیرہ) نکالو جسے تم پہنتے ہو۔ اور تم دیکھتے ہو
تَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ	کہ کشتیاں دریا میں پانی کو پھاڑتی چلی جاتی ہیں۔ اور
وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَ	اسلئے بھی دریا کو تمہارے اختیار میں کیا کہ تم خدا کے

Marfat.com

لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ○	فضل سے (معاش) تلاش کرو تاکہ اسکا شکر کرو ﴿
وَاَلْقٰی فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ	اور اُسی نے زمین پر پہاڑ (بناکر) رکھدیئے کہ تمکو لیکر
اَنْ تَمِیْدَ بِکُمْ وَاَنْھٰرًا وَّسُبُلًا	کہیں جُھک نہ جائے اور نہریں اور رستے بنادیئے تاکہ
لَّعَلَّکُمْ تَھْتَدُوْنَ ○	ایک مقام سے دوسرے مقام تک (آسانی سے) جاسکو ﴿
وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ ھُمْ یَھْتَدُوْنَ ○	اور (رستوں میں) نشانات بنادیئے اور لوگ ستاروں سے بھی رستے معلوم کرتے ہیں ﴿
اَفَمَنْ یَّخْلُقُ کَمَنْ لَّا یَخْلُقُ ؕ	توجو (اتنی مخلوقات) پیدا کرے۔ کیا وہ ویسا ہے جو
اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ ○	کچھ بھی پیدا نہ کرسکے تو پھر تم غور کیوں نہیں کرتے ﴿
وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا	اور اگر تم خدا کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو گن نہ سکو۔
تُحْصُوْھَا ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○	بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے ﴿
وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا	اور جو کچھ تم چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو سب سے
تُعْلِنُوْنَ ○	خدا واقف ہے ﴿
وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ	اور جن لوگوں کو یہ خدا کے سوا پکارتے ہیں وہ کوئی
لَا یَخْلُقُوْنَ شَیْئًا وَّھُمْ یُخْلَقُوْنَ ○	چیز بھی تو نہیں بنا سکتے بلکہ خود اُنکو اور بناتے ہیں ﴿
اَمْوَاتٌ غَیْرُ اَحْیَآءٍ ۚ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ۙ	(وہ) لاشیں ہیں بے جان۔ ان کو یہ بھی تو معلوم
اَیَّانَ یُبْعَثُوْنَ ○	نہیں کہ اُٹھائے کب جائیں گے ﴿

سائنسی تجزیہ

اُسی نے ← آسمانوں اور زمین کو مبنی برحکمت پیدا کیا ﴿ ← اس کی ذات انکے شرک سے اُونچی ہے۔

اُسی نے ← انسان کو نطفے سے بنایا ﴿ ← مگر وہ اس (خالق) کے بارے میں علانیہ جھگڑنے لگا۔

اور ← چارپایوں کو بھی اُسی نے پیدا کیا ﴿

← اُن میں تمہارے لئے جڑاول اور بہت سے فائدے ہیں ﴿

Marfat.com

اور ← ان میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو۔ ← اور جب شام کو اُنھیں (جنگل سے) لاتے ہو اور جب صبح کو (جنگل) چرانے لیجاتے ہو تو اُنسے تمہاری عزت وشان ہے۔

← اور (دُور دراز) شہروں میں جہاں تم زحمتِ شاقہ کے بغیر پہنچ نہیں سکتے وہ تمہارے بوجھ اُٹھا کرلے جاتے ہیں

← کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار نہایت شفقت والا (اور) مہربان ہے۔

اور اُسی نے ← گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کئے۔ ← تاکہ تم اُن پر سوار ہو اور وہ تمہارے لئے رونق وزینت (بھی ہیں)۔

اور وہ ← (اور چیزیں بھی) پیدا کرتا ہے۔ ← جن کی تم کو خبر نہیں۔

← اور سیدھا رستہ تو خدا تک جا پہنچتا ہے۔

← اور بعض رستے ٹیڑھے ہیں (وہ اُس تک نہیں پہنچتے)۔

← اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو سیدھے رستے پر چلا دیتا۔

وہی تو ہے جس نے ← آسمان سے پانی برسایا جسے تم پیتے ہو۔

اور ← اُس سے درخت بھی (شاداب ہوتے) ہیں جن میں تم اپنے چارپایوں کو چراتے ہو۔

Marfat.com

اسی پانی سے وہ ← تمہارے لئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور
(اور، اور بے شمار درخت) اگاتا ہے ٭
اور ← ہر طرح کے پھل (پیدا کرتا ہے) ٭ ← غور کرنے والوں کے لئے اُس میں (قدرتِ خدا کی بڑی) نشانی ہے۔

اور اُسی نے ← تمہارے لئے رات اور دن ٭
اور ← سورج اور چاند کو کام میں لگایا ٭
اور اُسی کے حکم سے ← ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں ٭ ← سمجھنے والوں کے لئے اس میں (قدرتِ خدا کی بہت سی) نشانیاں ہیں۔

اور جو ← طرح طرح کے رنگوں کی چیزیں اُس نے زمین میں
پیدا کیں (سب تمہارے زیرِ فرمان کر دیں) ٭ ← نصیحت پکڑنے والوں کے لئے اسمیں نشانی ہے۔

اور وہی ہے جس نے ← دریا کو تمہارے اختیار میں کیا تاکہ اس میں سے
تازہ گوشت کھاؤ ٭
اور ← اُس سے زیور (موتی وغیرہ) نکالو جسے تم پہنتے ہو ٭
